اے دنیا کے سائنس دانوں ! سب سے بھاری ذمہ واری تمہارے اوپر ہے ! تم ہی گیان کا پتہ لگاتے ہو اور اسے پھیلاتے ہو . وہ گیان دنیا کے بھلے کے لئے کام میں آنا چاہئے . لیکن اس سمے وہ دنیا کے برے کے لئے کام میں لایا جا رہا ہے ! اس لئے اپنی مادی سائنس کو روحانی سائنس سے روشن کرو . اپنی سائنس کے ساتھ پروپکار کی پکی بھاؤنا کو ملا دو ! سب مل جاؤ ! لوگوں کو دکھلا دو کہ سماج سنگٹھن کا ٹھیک طریقہ کیا ہوسکتا ہے . تم نے اگر اپنا یہ فرض پورا نہ کیا تو مانو سماج مٹ سکتا ہے ! اور یدی تم نے اپنا یہ فرض پورا کرلیا تو مانو سماج بچ سکتا ہے' جی سکتا ہے اور سب شانتی اور سکھ کے ساتھ رہ سکتے ہیں .

के क़ानून बनावें ताकि दूसरे उन पर चलें. नेक और समझदार लोग ही नेकी और समझ के क़ानून बना सकते हैं, और ऐसे क़ानूनों से ही दुनिया का भला हो सकता है. सच यह है कि जब इस तरह के ख़ुदा के बंदे दुनिया में काफ़ी हो जायं ,तो क़ानूनों और क़ानूनी लोगों की ज़रूरत ही बहुत कम रह जाती है. नैतिक यानी इख़लाक़ी क़ानून जो हमारे दिलों में लिखे रहते हैं बाहर के किताबी क़ानूनों को अनावश्यक बना देते हैं. जिस तरह बीमारी को पहले ही से रोकना बीमारी आ जाने पर इलाज करने से कहीं अच्छा है उसी तरह क़ानूनसाज़ी से तालीम कहीं ज़्यादे ज़रूरी है. अन्दर के स्वाभाव से जो चीज़ निकलती है वह बाहर के डर या दबाव से कहीं अच्छी होती है. इसलिए तालीम का मोल बहुत अधिक है. तालीम देने वालों का मिशन बड़ा और ऊंचा मिशन है, सच्चा ब्राह्मण, सच्चा मौलवी और सच्चा रब्बी ही, यानी जनम से अपने को ब्राह्मन, मौलवी या रब्बी मानने वाला नहीं बल्कि अपनी क़ाबलियत और अपने चलन से ब्रह्म, मौला या रब्ब का सच्चा सेवक ही, यानी केवल वह आदमी ही जिसने इस बात को समझ लिया है, कि एक ही परमात्मा एक ही अल्लाह, सबके घट के अन्दर मौजूद है, केवल ऐसे आदमी को ही तालीम का काम और क़ानून बनाने का काम सिपुर्द होना चाहिए. यह दोनों ज़िम्मेवारियां, बड़ी पाक ज़िम्मेवारियां हैं.

उसी देश के लोग सुखी और ख़ुशहाल रह सकते हैं जिस देश में इस तरह के सच्चे ब्राह्मण, मौलवी या रब्बी काफ़ी हों, जो अच्छे से अच्छे अर्थों में अपनी बातों से और अपनी मिसाल से दोनों से लोगों को ठीक तालीम दे सकें, वे लोग नहीं जिन्होंने धर्म या मज़हब को अपना पेशा बना लिया है और आदमियों आदमियों के बीच भेद भाव और नफ़रतें पैदा करते रहते हैं. इस तरह के देश में ही सच्ची समाजवादी सभ्यता (Socialistic civilisation) पैदा हो सकती है. ऐसे देश में ही लोग बीच के सुनहरे रास्ते पर चलेंगे और सबको अधिक से अधिक सुख मिलेगा. तब ही लोग इस तरह की बातों को समझेंगे जैसे बाइबल का यह कहना कि "कोई आदमी केवल अपने लिए नहीं जीता, हम सब एक दूसरे के अंग हैं.....ईश्वर ने धरती की सतह पर रहने वाली सब क़ौमों को एक ख़ून से बनाया है" या वेद का यह कहना कि "सब आदमियों का एक दूसरे के साथ वैसा ही संबंध है जैसा सिर, हाथ, पेट और टांगों का एक दूसरे के साथ" या क़ुरान का यह कहना कि "सब जानदार अल्लाह का कुनबा हैं", या शेख़ सादी का यह कहना कि "आदम की सब औलाद एक दूसरे के हाथ पैरों की तरह हैं." तब ही व्यक्तिवाद और समाजवाद यानी इंडिविजुवलिज़म और सोशलिज़म में सच्चा समन्वय यानी मेल होगा.

کے قانون بناویں تاکہ دوسرے ان پر چلیں. نیک اور سمجھدار لوگ ہی نیکی اور سمجھ کے قانون بنا سکتے ہیں، اور ایسے قانونوں سے ہی دنیا کا بھلا ہوسکتا ہے. سچ یہ ہے کہ جب اس طرح کے خدا کے بندے دنیا میں کافی ہوجائیں تو قانونوں اور قانونی لوگوں کی ضرورت ہی بہت کم رہ جاتی ہے . نیتک یعنی اخلاقی قانون جو ہمارے دلوں میں لکھے رہتے ہیں باہر کے کتابی قانونوں کو اناوشیک بنا دیتے ہیں . جس طرح بیماری کو پہلے ہی سے روکنا بیماری آجانے پر علاج کرنے سے کہیں اچھا ہے اسی طرح قانون سازی سے تعلیم کہیں زیادہ ضروری ہے . اندر کے سبھاؤ سے جو چیز نکلتی ہے وہ باہر کے ڈر یا دباؤ سے کہیں اچھی ہوتی ہے . اس لئے تعلیم کا مول بہت ادھک ہے . تعلیم دینے والوں کا مشن بڑا اُونچا مشن ہے، سچا برھمن، سچا مولوی، اور سچا ربی ہی، یعنی جنم سے اپنے کو برھمن، مولوی یا ربی ماننے والا نہیں بلکہ اپنی قابلیت اور اپنے چلن سے برھم، مولا یا رب کا سچا سیوک ہی یعنی کیول وہ آدمی ہی جس نے اس بات کو سمجھ لیا ہے، کہ ایک ہی پرماتما ایک ہی اللہ، سب کے گھٹ کے اندر موجود ہے، کیول ایسے آدمی کو ہی تعلیم کا کام اور قانون بنانے کا کام سپرد ہونا چاہئے . یہ دونوں ذمہواریاں بڑی پاک ذمہواریاں ہیں .

اسی دیش کے لوگ سکھی اور خوشحال رہ سکتے ہیں جس دیش میں اس طرح کے سچے برھمن، مولوی یا ربی کافی ہوں، جو اچھے سے اچھے ارتھوں میں اپنی باتوں سے اور اپنی مثال سے دونوں سے لوگوں کو ٹھیک تعلیم دے سکیں، وے لوگ نہیں جنھوں نے دھرم یا مذہب کو اپنا پیشہ بنا لیا ہے اور آدمیوں آدمیوں کے بیچ بھید بھاؤ اور نفرتیں پیدا کرتے رہتے ہیں . اس طرح کے دیش میں ہی سچی سماجوادی سبھیتا (Socialistic Civilisation) پیدا ہوسکتی ہے . ایسے دیش میں ہی لوگ بیچ کے سنہرے راستے پر چلیں‌گے اور سب کو ادھک سے ادھک سکھ ملیگا . تب ہی لوگ اس طرح کی باتوں کو سمجھیں‌گے جیسے بائبل کا یہ کہنا کہ "کوئی آدمی کیول اپنے لئے نہیں جیتا، ہم سب ایک دوسرے کے انگ ہیں... ایشور نے دھرتی کی سطح پر رہنے والی سب قوموں کو ایک خون سے بنایا ہے"، یا وید کا یہ کہنا کہ "سب آدمیوں کا ایک دوسرے کے ساتھ ویسا ہی سمبندھ ہے جیسا، سر ہاتھ، پیٹ اور ٹانگوں کا ایک دوسرے کے ساتھ" یا قرآن کا یہ کہنا کہ "سب جاندار اللہ کا کنبہ ہیں" یا شیخ سعدی کا یہ کہنا کہ "آدم کی سب اولاد ایک دوسرے کے ہاتھ پیروں کی طرح ہیں ." تب ہی ویکتی واد اور سماج واد یعنی انڈیویجولزم اور سوشیلزم میں سچا سمنویم یعنی میل ہوگا .

दुनिया के अध्यापक, विद्वान लोग और साइंसदां अगर डटकर अपने फ़र्ज़ को पूरा करने के लिए खड़े हो जावें तो राजकाजी नेताओं की सब बुराइयां उन पर से इस तरह झड़ जावें जिस तरह तूफ़ान के आने पर दरख़्तों के पुराने पत्ते झड़कर गिर पड़ते हैं.

योरुप के इतिहास से पता लगता है कि ईसाई धर्म के पादरी लोग जब जब नेक, निस्वार्थ और सच्चे रहे हैं तब तब उन्होंने अन्यायी राजाओं के जुल्म से दुनिया को बचाया है. इसके ख़िलाफ़ जब जब पादरियों में इंसानी शकल के अन्दर शैतान पैदा हो गए हैं जैसा कि 'इनक्विज़िटर' थे तब तब ज़ालिम बादशाहों के साथ मिलकर उन्होंने धरती को कंपा दिया है. तब तब अनेक राष्ट्रों और करोड़ों इंसानों की आह आसमान तक पहुंची है और अल्लाह की तरफ़ से बदला पाखंडी पुरोहितों और ज़ालिम राजाओं दोनों के सर पर टूटा है. प्राचीन भारत में ऋषियों ने अनेक बार बुरे राजाओं को दंड दिया है और मिटा भी डाला है. इसलाम की तारीख़ में नेक और ख़ुदापरस्त आलिमों ने अकसर सुलतानों और बादशाहों के ज़ुल्मों को रोक दिया है. ईसाई धर्म के अन्दर भी बड़े बड़े बहादुर सुधारक और शहीद हो चुके हैं जिन्होंने अपने आत्मबल से बड़े बड़े बादशाहों से टक्कर ली. यहूदियों में भी जेरेमिया जैसे नबी हुए हैं जिन्होंने अपने समय के ज़ालिमों का मुक़ाबला किया.

आजकल के अध्यापकों और साइंसदानों को चाहिए कि अपने पाक मिशन के लिए खड़े हो जावें. उन्हें चाहिए कि धन और दुनिया के ऐश आराम की चाह को अपने अन्दर से मिटा डालें. ज्ञान और परोपकार की क़ीमत धन नहीं है, प्रेम और मान है, माँ बाप अपने बच्चों से जो प्रेम करते हैं और उनके लिए जो क़ुरबानियां करते हैं उसकी क़ीमत क्या उन्हें धन के रूप में अदा की जा सकी है ?

क़ुरान में लिखा है :—

"बड़ी से बड़ी इज़्ज़त उनको मिलनी चाहिए जो अल्लाह से डरते हैं और लोगों से प्रेम करते हैं. जो सबसे नेक है वही अल्लाह के सबसे नज़दीक है."

अध्यापक को चाहिए कि अपनी ज़िन्दगी की ज़रूरतों को कम से कम रक्खे और कम से कम ज़रूरतों के पूरा होने में संतोष माने. उसे चाहिए कि जान बूझ कर और अपनी मरज़ी से ग़रीबों की सी ज़िन्दगी बसर करे. तब उसके अन्दर के तप और ज़ोहद की आग यानी उसका आत्मबल बढ़ता और चमकता चला जायगा. सब नेक आदमी उसे प्यार करेंगे और उसका आदर करेंगे. सब बुरे आदमी उससे डरेंगे और उसके असर से धीरे धीरे अपने को बदलेंगे. लोभी और ख़ुदग़रज़ लोग भी उसे देखकर शरमावेंगे और अपने ऊपर क़ाबू हासिल करना सीखेंगे. ऐसे आदमियों से लोग प्रार्थना करेंगे कि वे अच्छे और समझदारी

دنیا کے ادھیاپک ودوان لوگ اور سائنس داں اگر ڈٹکر اپنے فرض کو پورا کرنے کے لئے کھڑے ہوجائیں تو راج کاجی نیتاؤں کی سب برائیاں ان پر سے اس طرح جھڑ جاویں جس طرح طوفان کے آنے پر درختوں کے پرانے پتے جھڑکر گر پڑتے ہیں .

یورپ کے اتہاس سے پتہ چلتا ہے کہ عیسائی دھرم کے پادری لوگ جب جب نیک نسوارتھ اور سچے رہے ہیں تب تب انہوں نے انیائی راجاؤں کے ظلم سے دنیا کو بچایا ہے . اس کے خلاف جب جب پادریوں میں انسانی شکل کے اندر شیطان پیدا ہوگئے ہیں جیسا کہ 'انکوزیٹر' تھے تب تب ظالم بادشاہوں کے ساتھ مل کر انہوں نے دھرتی کو کانپا دیا ہے . تب تب انیک راشٹروں اور کروڑوں انسانوں کی آہ آسمان تک پہونچی ہے اور اللہ کی طرف سے بدلہ پاکھنڈی پروہتوں اور ظالم راجاؤں دونوں کے سر پر ٹوٹا ہے . پراچین بھارت میں رشیوں نے انیک بار برے راجاؤں کو ڈنڈ دیا ہے اور مٹا بھی ڈالا ہے . اسلام کی تاریخ میں نیک اور خدا پرست عالموں نے اکثر سلطانوں اور بادشاہوں کے ظلموں کو روک دیا ہے . عیسائی دھرم کے اندر بھی بڑے بڑے بہادر سدھارک اور شہید ہوچکے ہیں جنھوں نے اپنے آتم بل سے بڑے بڑے بادشاہوں سے ٹکر لی ہے . یہودیوں میں بھی جیریمیا جیسے نبی ہوئے ہیں جنھوں نے اپنے سمے کے ظالموں کا مقابلہ کیا .

آجکل کے ادھیاپکوں اور سائنسدانوں کو چاہئے کہ اپنے پاک مشن کے لئے کھڑے ہوجائیں . انہیں چاہئے کہ دھن اور دنیا کے عیش و آرام کی چاہ کو اپنے اندر سے مٹا ڈالیں. گیان اور پروپکار کی قیمت دھن نہیں ہے' پریم اور مان ہے . ماں باپ اپنے بچوں سے جو پریم کرتے ہیں اور ان کے لئے قربانیاں کرتے ہیں اس کی قیمت کیا انہیں دھن کے روپ میں ادا کی جاسکتی ہے ؟

قرآن میں لکھا ہے :—

"بڑی سے بڑی عزت ان کو ملنی چاہئے جو اللہ سے ڈرتے ہیں اور لوگوں سے پریم کرتے ہیں . جو سب سے نیک ہے وہی اللہ کے سب سے نزدیک ہے ."

ادھیاپک کو چاہئے کہ اپنی زندگی کی ضرورتوں کو کم سے کم رکھے اور کم سے کم ضرورتوں کے پورا ہونے میں سنتوش مانے . اسے چاہئے کہ جان بوجھکر اور اپنی مرضی سے غریبوں کی سی زندگی بسر کرے . تب اس کے اندر کے تپ اور زہد کی آگ یعنی اس کا آتم بل بڑھتا اور چمکتا چلا جائیگا . سب نیک آدمی اسے پیار کریں گے اور اس کا آدر کریں گے . سب برے آدمی اس سے ڈریں گے اور اس کے اثر سے دھیرے دھیرے اپنے کو بدلیں گے . لوبھی اور خودغرض لوگ بھی اسے دیکھکر شرماوینگے اور اپنے اوپر قابو حاصل کرنا سیکھیں گے . ایسے آدمیوں سے لوگ پرارتھنا کریں گے کہ وے اچھے اور سمجھداری

इल्म यानी ज्ञान एक शक्ति होती है. अध्यायक के पास इल्म होता है. उसमें वह शक्ति होती है कि लोगों के दिलों और दिमाग़ों को नेकी की तरफ़ ले जाय या बदी की तरफ़. राजा के पास तलवार होती है. वह अधिक से अधिक आदमी के जिस्म को क़ाबू में कर सकता है. अध्यापक और पुजारी की शक्ति राजा की शक्ति से बढ़कर होती है इसीलिए पाखंडी और झूठे पंडे पुरोहित और मुल्ला पादरी बुरे से बुरे राजाओं और बादशाहों से ज़्यादा नुक़सान कर सकते हैं. सीधे या टेढ़े, कम या बहुत, बिना पंडे पुरोहितों की मदद के राजाओं का ज़ुल्म चल ही नहीं सकता. धर्म और राजनीति अगर आदमी के भले के लिए मिल जावें तो ज़मीन पर स्वर्ग ला सकते हैं. यही दोनों अगर लोगों को ग़ुलाम बनाने और उन्हें चूसने के लिये मिल जावें तो इस धरती को नरक बना देते हैं. रूहानी शक्ति यानी आत्म-बल राजशक्ति को क़ाबू में कर सकती है और जिधर चाहे मोड़ सकती है.

वेद में लिखा है कि :—

"विद्या (साइंस) किसी ब्राह्मन (ज्ञानी) के पास गई और कहने लगी कि मेरी रक्षा करो और मुझे एक पाक अमानत की तरह बचा कर रक्खो. मुझे उन लोगों को मत दो जिनके मन में खोट है, जिनके दिलों में टेढ़ापन है, जिन्हें अपने ऊपर क़ाबू नहीं है, जो घमंडी हैं, ज़ालिम हैं, लोभी हैं, विलासी हैं और दूसरों से ग़ैरियत बरतते हैं. मुझे केवल ऐसे आदमियों को दो जो नेक और पाक हैं, सबका भला चाहते हैं और सबके भले के काम करते हैं. मुझे केवल उन्हीं को दो तब मेरी शक्ति बढ़ेगी और मैं दुनिया का भला कर सकूँगी !"

मनुस्मृति में लिखा है कि :—

"विद्या की शक्ति यानी आत्मा की शक्ति और राज शक्ति यानी फ़ौजी शक्ति दोनों को एक दूसरे की ज़रूरत है. इनमें से कोई दूसरे के बिना फलफूल नहीं सकती. पर यदि फ़ौजी शक्ति ज़ुल्म के रास्ते पर चलने लगे और विद्या की शक्ति को अपना साधन बनाने लगे तो विद्वान का धर्म हो जाता है कि राज शक्ति को रोके और ठीक तरफ़ चलावे. विद्या में ऐसा करने की शक्ति है क्योंकि विद्या ही राज के हथियारों और साज़ सामान को बनाती है. जो विद्या हथियारों को बनाती है वही उन्हें तोड़कर ख़तम भी कर सकती है."

शुक्रनीति में लिखा है कि :—

"जब क्षत्री लोग जिनके हाथों में तलवार है यह देखते हैं कि ब्राह्मण यानी अल्लाह वाले अपने धर्म पर डटे हुए हैं तब वे डर जाते हैं और ख़ुद भी अपने सच्चे धर्म से इधर उधर नहीं भटक पाते. इसलिए ज्ञानी और ईश्वर भक्त लोगों को चाहिये कि दुनिया को ठीक रखने के लिए ख़ुद तप यानी रियाज़त में लगे रहें."

علم یعنی گیان ایک شکتی ہے . ادھیاپک کے پاس علم ہوتا ہے . اس میں وہ شکتی ہوتی ہے کہ لوگوں کے دلوں اور دماغوں کو نیکی کی طرف لیجائے یا بدی کی طرف. راجہ کے پاس تلوار ہوتی ہے . وہ ادھک سے ادھک آدمی کے جسم کو قابو میں کرسکتا ہے . ادھیاپک اور پجاری کی شکتی راجے کی شکتی سے بڑھ کر ہوتی ہے اسی لئے پاکھنڈی اور جھوٹے پنڈے پروہت اور ملا پادری برے سے برے راجاؤں اور بادشاہوں سے زیادہ نقصان کرسکتے ہیں . سیدھے یا ٹیڑھے، کم یا بہت بنا پنڈے پروہتوں کی مدد کے راجاؤں کا ظلم چل ہی نہیں سکتا . دھرم اور راج نیتی اگر آدمی کے بھلے کے لئے مل جاویں تو زمین پر سورگ لاسکتے ہیں . یہی دونوں اگر لوگوں کو غلام بنانے اور چوسلے کے لئے مل جاویں تو اس دھرتی کو نرک بنا دیتے ہیں . روحانی شکتی یعنی آتم بل راج شکتی کو قابو میں کرسکتی ہے اور جدھر چاہے موڑ سکتی ہے .

وید میں لکھا ہے کہ :—

"ودیا (سائنس) کسی برھمن (گیانی) کے پاس گئی اور کہنے لگی کہ میری رکشا کرو اور مجھے پاک امانت کی طرح بچاکر رکھو . مجھے ان لوگوں کو مت دو جن کے من میں کھوٹ ہے، جن کے دلوں میں ٹیڑھاپن ہے، جنھیں اپنے اُوپر قابو نہیں ہے، جو گھمنڈی ہیں، ظالم ہیں، لوبھی ہیں، وِلاسی ہیں اور دوسروں سے غیریت برتتے ہیں . مجھے کیول ایسے آدمیوں کو دو جو نیک اور پاک ہیں، سب کا بھلا چاہتے ہیں اور سب کے بھلے کے کام کرتے ہیں . مجھے کیول انہیں کو دو . تب میری شکتی بڑھیگی اور میں اس دنیا کا بھلا کر سکوں گی !"

منوسمرتی میں لکھا ہے کہ :—

"ودیا کی شکتی یعنی آتما کی شکتی اور راج شکتی یعنی فوجی شکتی دونوں کو ایک دوسرے کی ضرورت ہے . ان میں سے کوئی دوسرے کے بنا پھل پھول نہیں سکتی . پر یدی فوجی شکتی ظالم کے راستے پر چلنے لگے اور ودیا کی شکتی کو اپنا سادھن بنانے لگے تو ودوان کا دھرم ہو جاتا ہے کہ راج شکتی کو روکے اور ٹھیک طرف چلاوے . ودیا میں ایسا کرنے کی شکتی ہے کیونکہ ودیا ہی راج کے ہتھیاروں اور ساز و سامان کو بناتی ہے . جو ودیا ہتھیاروں کو بناتی ہے وہی انہیں توڑ کر ختم بھی کرسکتی ہے ."

شکر نیتی میں لکھا ہے کہ :—

"جب چھتری لوگ جن کے ہاتھوں میں تلوار ہے یہ دیکھتے ہیں کہ برھمن یعنی اللہ والے اپنے دھرم پر ڈٹے ہوئے ہیں تب وے ڈر جاتے ہیں اور خود بھی اپنے سچے دھرم سے اِدھر اُدھر نہیں بھٹک پاتے . اس لئے گیانی اور اپشور بھگت لوگوں کا چاہئے کہ دنیا کو ٹھیک رکھنے کے لئے خود تپ یعنی ریاضت میں لگے رہیں ."

चलना चाहिये. जो राजा या हाकिम इस तरह की पाप की चीज़ों से धन कमाता है उसकी बाबत मनुस्मृति में लिखा है कि :—

"जो तालीम देने वाला लोभी और पापी राजाओं से धन लेकर पढ़ाता है वह इस तरह के राजाओं की बुराई उनके सामने प्रगट नहीं कर सकता और इसीलिये खुद भी नरक में जाता है और राजा को भी नरक में ढकेलता है."

सूफ़ी कहता है कि :—

"चूं दिहद क़ाज़ी बदिल रिश्वत क़रार
कै शनासद ज़ालिम अज मज़लूम ज़ार"

यानी अगर क़ाज़ी ही अपने दिल के अन्दर रिश्वत को जगह दे दे तो फिर ज़ालिम और मज़लूम में फ़रक़ कौन कर सकता है?

जो तालीम देने वाला मास्टर या अध्यापक जुल्म और बुराई को बढ़ाता है वह आगे की तमाम नस्लों को ख़राब करता है और सारे देश और सारी सभ्यता को बरबादी की तरफ़ ले जाता है, अध्यापक को कोई काम ऐसा नहीं करना चाहिये जिससे उसे किसी दरजे तक भी और किसी तरह भी अपनी आज़ादी, अपने आत्मा और अपनी ज़मीर को बेचना पड़े. अध्यापक के ऊपर सब से बड़ी ज़िम्मेदारी है. वह सारे देश को बना सकता है या मिटा सकता है. वह इन्सानी सभ्यता को चमका सकता है या ख़तम कर सकता है.

मुहम्मद साहब की एक मशहूर हदीस है:—

जब आलिम नेकी के रास्ते से हट जाते हैं तो सारा आलम ग़लत रास्ते पर पड़ जाता है."

गीता में लिखा है कि :—

"बड़ा या समझदार आदमी जो कुछ करता है बाक़ी सब लोग उसी की नक़ल करते हैं, वह जिस चीज़ को ठीक क़रार दे देता है दुनिया उसी पर चलती है."

इंजील में लिखा है :—

"क्या अंधे अंधों को रास्ता दिखा सकते हैं ? क्या वे दोनों खंदक़ में नहीं गिरेंगे ?"

उपनिषद में लिखा है कि :—

"जो अभागे लोग अंधेरे में पड़े हुए हैं लेकिन खुद अपने को धीर और पंडित मानते हैं और अपनी पंडिताई के घमंड में हैं वे एक गढ़े से दूसरे गढ़े में गिरते रहते हैं, जिस तरह वह अंधे लोग गिरते हैं जिन्हें अंधे रास्ता दिखा रहे हों !"

मुहम्मद साहब की एक हदीस है :—

"दुनिया के लोग अपने बादशाहों के दीन पर जाते हैं."

ठीक इसी मानी की एक मशहूर संस्कृत कहावत है :—

"यथा राजा तथा प्रजा."

چلنا چاہئے . جو راجا یا حاکم اس طرح کی پاپ کی چیزوں سے دھن کماتا ہے اُس کی بابت منوسمرتی میں لکھا ہے کہ :—

"جو تعلیم دینے والا لوبھی اور پاپی راجاؤں سے دھن لیکر بڑھاتا ہے وہ اِس طرح کے راجاؤں کی برائی ان کے سامنے پرگٹ نہیں کرسکتا اور اسی لئے خود بھی نرک میں جاتا ہے اور راجا کو بھی نرک میں ڈھکیلتا ہے ."

صوفی کہتا ہے کہ :—

"چوں دہد قاضی بدل رشوت قرار
کے شناسد ظالم از مظلوم زار"

یعنی اگر قاضی ہی اپنے دل کے اندر رشوت کو جگہ دیدے تو پھر ظالم اور مظلوم میں فرق کون کرسکتا ہے؟

جو تعلیم دینے والا ماسٹر یا اُدھیاپک ظلم اور برائی کو بڑھاتا ہے وہ آگے کی تمام نسلوں کو خراب کرتا ہے اور سارے دیش اور ساری سبھیتا کو بربادی کی طرف لیجاتا ہے اُدھیاپک کو کوئی کام ایسا نہیں کرنا چاہئے جس سے اُسے کسی درجہ تک بھی اور کسی طرح بھی اپنی آزادی، اپنی آتما اور اپنے ضمیر کو بیچنا پڑے . اُدھیاپک کے اُوپر سب سے بڑی ذمہ داری ہے. وہ سارے دیش کو بنا سکتا ہے یا مٹا سکتا ہے . وہ انسانی سبھیتا کو چمکا سکتا ہے یا ختم کرسکتا ہے .

محمد صاحب کی ایک مشہور حدیث ہے :—

"جب عالم نیکی کے راستے سے ہٹ جاتے ہیں تو سارا عالم غلط راستے پر پڑ جاتا ہے ."

گیتا میں لکھا ہے کہ :—

"بڑا یا سمجھدار آدمی جو کچھ کرتا ہے باقی سب لوگ اُسی کی نقل کرتے ہیں . وہ جس چیز کو ٹھیک قرار دیدیتا ہے دنیا اُسی پر چلتی ہے ."

اِنجیل میں لکھا ہے :—

"کیا اندھے اندھوں کو راستہ دکھا سکتے ہیں ؟ کیا وہ دونوں خندق میں نہیں گریں گے ؟"

اُپنشد میں لکھا ہے کہ :—

"جو ابھاگے لوگ اندھیرے میں پڑے ہوئے ہیں لیکن خود اپنے کو دھیر اور پنڈت مانتے ہیں اور اپنی پنڈتائی کے گھمنڈ میں ہیں وے ایک گڑھے سے دوسرے گڑھے میں گرتے رہتے ہیں، جس طرح وے اندھے لوگ گرتے ہیں جنھیں اندھے راستہ دکھا رہے ہوں !"

محمد صاحب کی ایک حدیث ہے :—

"دنیا کے لوگ اپنے بادشاہوں کے دین پر جاتے ہیں ."

ٹھیک اسی معنی کی ایک مشہور سنسکرت کہاوت ہے :—

"یتھا راجہ تتھا پرجا ."

मिल्कियत न समझें, सबकी मिल्कियत समझें. जो लोग राज करते हैं उनका काम है कि राज करते हुए भी अपनी ख़ुदी को ऊपर आने न दें. जो लोग देश को या मानव समाज को बढ़ने और तरक़्क़ी करने में मदद देते हैं उनका फ़र्ज़ है कि ख़ुद किसी पर हावी होने की कोशिश न करें. यही काम विद्वानों और अध्यापकों का है.

अध्यापक को चाहिये कि वह किसी दूसरे का मोहताज न हो, उसका जीवन सादे से सादा हो, वह अपनी तबियत से आज़ाद हो और फिर भी अपने को छोटे से छोटा समझे. उसका दिल प्रेम से भरा हो और वह प्रेम ही का प्रचारक हो. यदि ऐसा होगा तो उसकी मिसाल को देख कर और उसकी रूहानी ताक़त यानी उसके आत्म बल को देखकर ऊंचे से ऊंचे हाकिम भी बुराई करने से डरेंगे और बचे रहेंगे. जहां भी वह खड़ा हो जायेगा वहां नेकी और परोपकार ही दिखाई देंगे. किसी अध्यापक या सम्पादक को किसी बुरे आदमी से तनख़्वाह या मदद नहीं लेनी चाहिये. सब धर्मों की किताबें हमें इस बारे में सावधान करती रही हैं.

मनुस्मृति में लिखा है :—

"जितनी तरह की पाकियां हैं उनमें सब से बढ़कर पाकी पैसे की पाकी है. जो पैसे के मामले में पाक है वही सचमुच पाक है. मिट्टी और पानी से मल मलकर बार बार बदन धोने वाला पाक नहीं है."

एक सूफ़ी ने कहा है :

"जब लालच बीच में आ गई तो हुनर छिप गया, जब ख़ुदी बीच में आ गई तो ख़ुदा ओझल हो गया. इनके आने से सैकड़ों परदे दिल से उठ उठ कर आंख के ऊपर पड़ जाते हैं."

वेदान्त के शब्दों में माया (ख़ाहिश) दो काम करती है, एक "आवरण" यानी हमारी आंख पर परदा डाल देना और दूसरा "विक्षेप" यानी हमारे दिल और दिमाग़ को सब तरफ़ से हटा कर अपनी उसी इच्छा को पूरा करने की तरफ़ लगा देना. आवरण का इलाज है "वैराग्य" यानी दुनियावी ख़्वाहिशों की तरफ़ से बेताल्लुक़ हो जाना. इसी को मुजानबत कहते हैं. विक्षेप का इलाज है "आपस" यानी मश्क़. इसे मुनाजलत भी कहते हैं. इन्हीं को इख़लास और जिहाद भी कहा जा सकता है.

गुरु, आलार्थ, अध्यापक, पीर, मौल्लिम और अतालीक़ का फ़र्ज़ है कि अपने अन्दर के इख़लास में फ़रक आने न दे और ख़िदमते ख़ल्क़ को ही अपनी सब से बड़ी इबादत समझे. उसे चाहिये कि हक़ यानी सच्चाई से कभी बाल भर भी इधर उधर न हिले. दिमाग़ी फल की परख उसकी माली यानी आर्थिक जड़ से होती है. इसलिये किसी देश का भी तालीम का ख़र्च शराब जैसी चीज़ों के टैक्सों से नहीं

ملکیت نہ سمجھیں، سب کی ملکیت سمجھیں. لوگ راج جو کرتے ہیں ان کا کام ہے کہ راج کرتے ہوئے بھی اپنی خودی کو اُوپر آنے نہ دیں. جو لوگ دیش کو یا مانو سماج کو بڑھنے اور ترقی کرنے میں مدد دیتے ہیں اُن کا فرض ہے کہ خود کسی پر حاوی ہونے کی کوشش نہ کریں. یہی کام وِدوانوں اور اُدھیاپکوں کا ہے.

ادھیاپک کو چاہئے کہ وہ کسی دوسرے کا محتاج نہ ہو، اُس کا جیون سادے سے سادہ ہو، وہ اپنی طبیعت سے آزاد ہو اور پھر بھی اپنے کو چھوٹے سے چھوٹا سمجھے اُس کا دل پریم سے بھرا ہو اور وہ پریم ہی کا پرچارک ہو. یدی ایسا ہوگا تو اُس کی مثال کو دیکھ کر اور اُس کی روحانی طاقت یعنی اُس کے آتم بل کو دیکھ کر اُونچے سے اُونچے حاکم بھی برائی کرنے سے ڈریں گے اور بچے رہیں گے. جہاں بھی وہ کھڑا ہوجائیگا وہاں نیکی اور پروپکار ہی دکھائی دیں گے. کسی ادھیاپک یا سمپادک کو کسی بڑے آدمی سے تنخواہ یا مدد نہیں لینی چاہئے. سب دھرموں کی کتابیں اِس بارے میں ہمیں ساودھان کرتی رہی ہیں.

منو سمرتی میں لکھا ہے :—

"جتنی طرح کی پاکیاں ہیں اُن میں سب سے بڑھ کر پائی پیسے کی پائی ہے. جو پیسے کے معاملے میں پاک ہے وہی سچ مچ پاک ہے. مٹی اور پانی سے مل مل کر بار بار بدن دھونے والا پاک نہیں ہے."

ایک صوفی نے کہا ہے :—

"جب لالچ بیچ میں آگئی تو ہنر چھپ گیا، جب خودی بیچ میں آگئی تو خدا اُوجھل ہوگیا. اِن کے آنے سے سیکڑوں پردے دل سے اُٹھ اُٹھ کر آنکھ کے اُوپر پڑجاتے ہیں."

ویدانت کے شبدوں میں مایا (خواہش) دو کام کرتی ہے، ایک "آورن" یعنی ہماری آنکھ پر پردہ ڈال دینا اور دوسرا "وکشیپ" یعنی ہمارے دل اور دماغ کو سب طرف سے ہٹا کر اپنی اُسی اچھا کو پورا کرنے کی طرف لگا دینا. آورن کا علاج ہے "ویراگ" یعنی دنیاوی خواہشوں کی طرف سے بے تعلق ہو جانا. اِسی کو مجانبت کہتے ہیں. وکشیپ کا علاج ہے "ابھیاس" یعنی مشق. اِسے منازلت بھی کہتے ہیں. اِنہیں کو اخلاص اور جہاد بھی کہا جاسکتا ہے.

گورو، آچاریہ، ادھیاپک، پیر، معلم اور اتالیق کا فرض ہے کہ اپنے اندر کے اِخلاص میں فرق آنے نہ دے اور خدمت خلق کو ہی اپنی سب سے بڑی عبادت سمجھے. اُسے چاہئے کہ حق یعنی سچائی سے کبھی بال بھر بھی اِدھر اُدھر نہ ہلے. دماغی پھل کی پرکھ اُس کی مالی یعنی آرتھک جڑ سے ہوتی ہے. اِسی لئے کسی دیش کا بھی تعلیم کا خرچ شراب جیسی چیزوں کے ٹیکسوں سے نہیں

हों. स्वराज का मतलब यही है कि हमारे अन्दर का ऊंचा 'स्व' यानी ऊंचा आपा हम सब पर राज करता हो. जो लोग अपने देश में ऐसा सच्चा स्वराज चाहते हैं और उसे क़ायम रखना चाहते हैं उनका पहला फ़र्ज़ यह है कि देश की सारी जनता के अन्दर सब मर्दों, औरतों, बड़ों और छोटों के अन्दर उस बड़ी आत्मा को जगावें ताकि सब सबके भले में ही अपना भला देखें, तब ही सचमुच सबको सुख मिल सकता है.

इस नेक और ज़रूरी काम की शुरूआत हमें तालीम से ही करनी चाहिये, हमारी तालीमगाहें हमारे सब स्कूल और कालिज सचमुच 'देवालय' यानी 'खानए ख़ुदा' होने चाहियें. तालीम से उतर कर यह ज़िम्मेवारी हमारे अख़बारों पर है क्योंकि अख़बार भी जनता की तालीम का एक बहुत बड़ा साधन है.

इसलिए जिन लोगों के सिपुर्द तालीम का काम है, चाहे स्कूलों और कालिजों के अध्यापक और चाहे अख़बारों के एडीटर, उनके लिये ज़रूरी है कि वे ऊँचे मानी में ईश्वर प्रेमी हों यानी यह कि उन्हें सबके अन्दर एक ही ईश्वर अल्लाह का जलवा काम करता हुआ दिखाई देता हो. उनके अन्दर तप यानी रियाज़त और इख़लास यानी निस्वार्थता होनी चाहिये. उनमें विद्या यानी इल्म और ज्ञान यानी इरफ़ान होना चाहिये. तब ही वे पहले अपने अन्दर रूहानी बराबरी (Equality), भाईचारा (Fraternity) और आज़ादी (Liberty) पैदा करके जनता को वह तालीम और वह नेक जानकारी दे सकेंगे जिससे जनता के अन्दर सच्ची बराबरी, सच्चा भाईचारा और सच्ची आज़ादी पैदा हो सके.

चीनी महात्मा लाओत्से ने अपनी किताब "ताओ तेह किंग" में लिखा है :—

"सब चीज़ें उसी एक परमात्मा से पैदा होती हैं. उससे सबको ख़ूराक मिलती है. उसी की शक्ति सबको रूप देती है, वही सबको कमाल तक पहुंचाती है. वही सबकी रक्षा करती है. उसके काम करने के ढंग से हमें तीन सबक़ मिलते हैं. अव्वल यह कि हम सब चीज़ें और सब तरह का माल पैदा करें लेकिन किसी चीज़ या किसी माल को अपना न समझें. दूसरा यह कि सब काम करें लेकिन अपनी ख़ुदी को ऊपर आने न दें. और तीसरा यह कि सबको बढ़ावें पर किसी पर हावी होने की इच्छा न करें. परमात्मा सब चीज़ों को प्यार करता है और चलाता है पर आप कहीं दिखाई नहीं देता. न अपनी मिल्कियत जताता है."

ऊपर के शब्दों में हमारी बड़ी आत्मा का यानी हमारे उस आपे का जिसे हम इन्सान का बड़ा आपा कहते हैं पूरा बयान आ गया. जो लोग मुल्क में धन दौलत पैदा करें उनका फ़र्ज़ है कि धन दौलत पैदा करते हुए भी उसे अपनी

ہوں. سوراج کا مطلب یہی ہے کہ ہمارے اندر کا اُونچا 'سو' یعنی اُونچا آپا ہم سب پر راج کرتا ہو. جو لوگ اپنے دیش میں ایسا سچا سوراج چاہتے ہیں اور اُسے قائم رکھنا چاہتے ہیں ان کا پہلا فرض یہ ہے کہ دیش کی ساری جنتا کے اندر سب مردوں، عورتوں، بڑوں اور چھوٹوں کے اندر اُس بڑی آتما کو جگاویں تاکہ سب سب کے بھلے میں ہی اپنا بھلا دیکھیں. تب ہی سچ مچ سب کو سکھ مل سکتا ہے.

اِس نیک اور ضروری کام کی شروعات ہمیں تعلیم سے ہی کرنی چاہئے. ہماری تعلیمگاہیں، ہمارے سب اسکول اور کالج سچ مچ 'دیوآلئے' یعنی 'خانۂ خدا' ہونے چاہئیں. تعلیم سے اُتر کر یہ ذمہواری ہمارے اخباروں پر ہے کیونکہ اخبار بھی جنتا کی تعلیم کا ایک بہت بڑا سادھن ہیں.

اس لئے جن لوگوں کے سپرد تعلیم کا کام ہے چاہے اسکولوں اور کالجوں کے ادھیاپک اور چاہے اخباروں کے ایڈیٹر اُن کے لئے ضروری ہے کہ وہ اُونچے معنوں میں ایشور پریمی ہوں. یعنی یہ کہ انہیں سب کے اندر ایک ہی ایشور اللہ کا جلوہ کام کرتا ہوا دکھائی دیتا ہو. ان کے اندر تپ یعنی ریاضت اور اخلاص یعنی نسوارتھتا ہونی چاہئے. ان میں ودیا یعنی علم اور گیان یعنی عرفان ہونا چاہئے. تب ہی وہ پہلے اپنے اندر روحانی برابری (Equality)، بھائی چارا (Fraternity) اور آزادی (Liberty) پیدا کرکے جنتا کو وہ تعلیم اور وہ نیک جانکاری دے سکیں گے جس سے جنتا کے اندر سچی برابری سچا بھائی چارا اور سچی آزادی پیدا ہوسکے.

چینی مہاتما لاؤتسے نے اپنی کتاب "تاؤتہ کنگ" میں لکھا ہے :—

"سب چیزیں اُسی ایک پرماتما سے پیدا ہوتی ہیں. اُسی سے سب کو خوراک ملتی ہے. اُس کی شکتی سب کو روپ دیتی ہے. وہی سب کو کمال تک پہونچاتی ہے وہی سب کی رکشا کرتی ہے. اُس کے کام کرنے کے ڈھنگ سے ہمیں تین سبق ملتے ہیں: اول یہ کہ ہم سب چیزیں اور سب طرح کا مال پیدا کریں لیکن کسی چیز یا کسی مال کو اپنا نہ سمجھیں. دوسرا یہ کہ سب کام کریں لیکن اپنی خودی کو اُوپر آنے نہ دیں اور تیسرا یہ کہ سب کو بڑھاویں پر کسی پر حاوی ہونے کی اِچھا نہ کریں. پرماتما سب چیزوں کو پیار کرتا ہے اور چلاتا ہے پر آپ کہیں دکھائی نہیں دیتا نہ اپنی ملکیت جتاتا ہے."

اُوپر کے شبدوں میں ہماری بڑی آتما کا یعنی ہمارے اُس آپے کا جسے ہم انسان کا بڑا آپا کہتے ہیں پورا بیان آگیا. جو لوگ ملک میں دھن دولت پیدا کریں اُن کا فرض ہے کہ دھن دولت پیدا کرتے ہوئے بھی اسے اپنی

और जिन्दगी की सारी जरूरी चीजें और आदमी को आराम पहुंचाने वाली चीजें सब में बराबर की बंटी हुई हों. सबको सुखी रखने और सबको आराम पहुंचाने में ही हरेक के दिल को सबसे बड़ी राहत मिले. अगर यह बड़ी आत्मा हमारे राजकाज को चलाने लगे तो कोई आदमी अपनी "पार्टी" के लिये काम न करे, सब सबके लिये काम करें. जब हमें सबका भला देखना हो, सबके साथ न्याय करना हो, सबका एक बराबर हित करना हो तो पार्टियों की कोई जरूरत ही नहीं रह जाती. पार्टियां वहीं बनती हैं जहां या तो हमारे आर्थिक हित एक दूसरे से टकराते हों और या हमारे धर्म या सम्प्रदाय एक दूसरे से टक्कर लेते हों. इसी तरह अगर हमारी दूकानों, बाजारों, कारखानों, व्यापार मंडलों, पुलिस चौकियों, फ़ौजों, कचहरियों, म्युनिसिपेलटियों, अस्पतालों, जहाजों और रेलों में और जहां कहीं आदमियों को आदमियों से वास्ता पड़ता है इसी बड़ी आत्मा का राज हो तो हर जगह सब लोग ईमानदारी से, नरमी के साथ, हमदर्दी के साथ और सबका भला चेतते हुए अपने अपने फ़र्जों को अदा करें. अगर यह बड़ी आत्मा हमारी क़ानून सभाओं में क़ानून बनाने वालों के अन्दर जागी हुई हो तो हमारे सब क़ानून नेक, दूरंदेशी के और सबका भला करने वाले हों. तब हम हर क़ानून के बनाने में सब तबियतों और सब पेशों और सब जमातों के लोगों का एकसा ख़याल रक्खें. हमारी यही बड़ी आत्मा यदि हमारे बच्चों की तालीम में हमारे विद्वानों और अध्यापकों की रहनुमाई कर सके तो नई पीढ़ी के लोगों को ठीक ठीक तालीम मिल सके और सब लोगों के सब काम बहुत जल्दी दुरुस्त हो जावें.

जिन लोगों में यह बड़ी आत्मा जाग गई है यानी जिन्होंने सबके अन्दर अपने को और अपने अन्दर सबको और घट घट में समाए हुए एक आत्मा को जान लिया है वही बेग़रज, बेलाग, परोपकारी, और सचमुच अक़्लमन्द हो सकते हैं. इस तरह के मर्द और औरत सब से मान और आदर पाने के हक़दार होते हैं. क़ुदरती तौर पर सब उनपर भरोसा करेंगे, वही क़ौम के सच्चे नुमाइन्दे होंगे, क्योंकि इन्सान के अन्दर जो सब से अच्छे भाव हैं वही उनके अन्दर जागे हुए होंगे. जहां कहीं और जिस देश में भी इस तरह के ऊंचे आदमी हुकूमत करेंगे, इन्तज़ाम करेंगे, क़ानून बनाएंगे और लोगों की रहनुमाई करेंगे, वहीं सच्चा रामराज समझना चाहिए, वहीं हकूमते इलाही है क्योंकि वहां नेकों और नेकी का राज है.

यह जरूरी है कि तालीम के और क़ानून बनाने के मैदानों में कम से कम इन दो जगह इसी तरह के लोगों का बोलबाला हो और उन्हीं की आवाज़ पर सब चलते

اور زندگی کی ساری ضروری چیزیں اور آدمی کو آرام پہونچانے والی چیزیں سب میں برابر کی بٹی ہوئی ہوں. سب کو سکھی رکھنے اور سب کو آرام پہونچانے میں ہی ہر ایک کے دل کو سب سے بڑی راحت ملے. اگر یہ بڑی آتما ہمارے راج کاج کو چلانے لگے تو کوئی آدمی اپنی پارٹی کے لئے کام نہ کرے، سب سب کے لئے کام کریں. جب ہمیں سب کا بھلا دیکھنا ہو، سب کے ساتھ نیائے کرنا ہو، سب کا ایک برابر ہت کرنا ہو تو پارٹیوں کی کوئی ضرورت ہی نہیں رہ جاتی. پارٹیاں وہیں بنتی ہیں جہاں یا تو ہمارے آرتھک ہت ایک دوسرے سے ٹکراتے ہوں اور یا ہمارے دھرم یا سمپرادائے ایک دوسرے سے ٹکر لیتے ہوں. اسی طرح اگر ہماری دوکانوں، بازاروں، کارخانوں، ویاپار منڈلوں، پولیس چوکیوں، فوجوں، کچہریوں، میونسپلٹیوں، اسپتالوں، جہازوں اور ریلوں میں اور جہاں کہیں آدمیوں کو آدمیوں سے واسطہ پڑتا ہے اسی بڑی آتما کا راج ہو تو ہر جگہ سب لوگ ایمانداری سے، نرمی کے ساتھ، ہمدردی کے ساتھ اور سب کا بھلا چیتتے ہوئے اپنے اپنے فرضوں کو ادا کریں. اگر یہ بڑی آتما ہمارے قانون سبھاؤں میں قانون بنانے والوں کے اندر جاگی ہوئی ہو تو ہمارے سب قانون نیک، دوراندیشی کے اور سب کا بھلا کرنے والے ہوں. تب ہم ہر قانون کے بنانے میں سب طبیعتوں اور سب پیشوں اور سب جماعتوں کے لوگوں کا ایک سا خیال رکھیں. ہماری بڑی بڑی آتما یدی ہمارے بچوں کی تعلیم میں ہمارے ودوانوں اور ادھیاپکوں کی رہنمائی کرسکے تو نئی پیڑھی کے لوگوں کو ٹھیک ٹھیک تعلیم مل سکے اور سب لوگوں کے سب کام بہت جلدی درست ہو جاویں.

جن لوگوں میں یہ بڑی آتما جاگ گئی ہے یعنی جنھوں نے سب کے اندر اپنے کو اور اپنے اندر سب کو اور گھٹ گھٹ میں سمائے ہوئے ایک آتما کو جان لیا ہے وہی بےغرض، پرلاگ، پروپکاری، اور سچ مچ عقلمند ہوسکتے ہیں. اس طرح کے مرد اور عورت سب سے مان اور آدر پانے کے حقدار ہوتے ہیں. قدرتی طور پر سب اُن پر بھروسہ کرینگے، وہی قوم کے سچے نمائندے ہونگے، کیونکہ انسان کے اندر جو سب سے اچھے بھاؤ ہیں وہی اُن کے اندر جاگے ہوئے ہونگے. جہاں کہیں اور جس دیش میں بھی اس طرح کے اُونچے آدمی حکومت کرینگے، انتظام کریں گے، قانون بنائینگے اور لوگوں کی رہنمائی کریں گے وہیں سچا رام راج سمجھنا چاہئے، وہیں حکومت الہی ہے کیونکہ وہاں نیکوں اور نیکی کا راج ہے.

یہ ضروری ہے کہ تعلیم کے اور قانون بنانے کے میدانوں میں کم سے کم اُن دو جگہ اِسی طرح کے لوگوں کا بول بالا ہو اور انہیں کی آواز پر سب چلنے

सच्चा समाजवाद

سچا سماجواد

डाक्टर भगवानदास

ڈاکٹر بھگوان داس

दुनिया की सब धार्मिक किताबों में इस धरती के ऊपर रामराज की स्थापना या आसमानी हकूमत या हकूमते इलाही के क़ायम होने की चर्चा की गई है. सच यह है कि आदमी के अन्दर दो आपे हैं, एक उसका छोटा आपा और दूसरा बड़ा आपा. छोटा आपा उस आदमी का आपा है जो अपने आपको अपने शरीरी वजूद तक महदूद समझता है. बड़ा आपा उस आदमी का आपा है जिसने दुनिया के सब लोगों के आपे के साथ अपने आपे की एकता को अनुभव कर लिया है. इस तरह के लोग ही अपने छोटे आपे को जीत कर सचमुच आत्म विजयी, अपने ऊपर क़ाबू रखने वाले, नेक, परोपकारी, तजरबेकार और बुद्धिमान कहला सकते हैं. इस जमीन पर रामराज का मतलब इसी बड़े आपे का राज यानी उन लोगों का राज है जिनके अन्दर यह बड़ी आत्मा जाग चुकी है. यही सच्चा 'स्वराज' है. मनुस्मृति में लिखा है :—

सर्व भूतेषु चात्मानम्
सर्व भूतानि चात्मनि
समं पश्यन् आत्मयाजी
स्वाराज्यं अधिगच्छति

—यानी जो आदमी सब प्राणियों के अन्दर अपनी आत्मा को और अपने अन्दर सब प्राणियों को एक बराबर देखता है और इस बड़ी आत्मा के लिये अपनी छोटी आत्मा को क़ुरबान कर देता है वही 'स्वाराज' को हासिल करता है.

इस अन्दर के स्वराज से ही बाहर का स्वराज पैदा हो सकता है.

इस ऊपर की छोटी सी बात में सारी मानव समस्याओं, सब इन्सानी मुश्किलों का हल मौजूद है, और वही एक हल हो सकता है. अगर हमारे घरेलू जीवन में इसी बड़ी आत्मा का राज हो तो हमारा घरेलू जीवन सुख से भर जावे. तब दूसरों को सुखी रखना हमारा फ़र्ज़ हो जावे और प्रेम हमारा सबसे बड़ा उसूल. अगर यही बड़ी आत्मा आर्थिक मैदान में मानव समाज को चलाने लगे तो कोई आदमी अपनी ख़ुदग़रज़ी के लिये या लोभ में आकर अपने लिये धन जमा न करे, हर आदमी अपनी सारी धन संपत्ति को सबकी चीज़ समझे, उसे सबके भले के लिये खर्च करे

دنیا کی سب دھارمک کتابوں میں اس دھرتی کے اُوپر رام راج کی استھاپنا یا آسمانی حکومت یا حکومت الٰہی کے قائم ہونے کی چرچا کی گئی ہے. سچ یہ ہے کہ آدمی کے اندر دو آپے ہیں، ایک اس کا چھوٹا آپا اور دوسرا بڑا آپا. چھوٹا آپا اس آدمی کا آپا ہے جو اپنے آپ کو اپنے شخصی وجود تک محدود سمجھتا ہے. بڑا آپا اس آدمی کا آپا ہے جس نے دنیا کے سب لوگوں کے آپے کے ساتھ اپنے آپے کی ایکتا کو انوبھو کرلیا ہے. اس طرح کے لوگ ہی اپنے چھوٹے آپے کو جیت کر سچ مچ آتم وجئی، اپنے اُوپر قابو رکھنے والے، نیک، پرُوپکاری، تجربہ کار اور بدھیمان کہلا سکتے ہیں. اس زمین پر رام راج کا مطلب اسی بڑے آپے کا راج یعنی ان لوگوں کا راج ہے جن کے اندر یہ بڑی آتما جاگ چکی ہے. یہی سچا "سوراج" ہے. منوسمرتی میں لکھا ہے :—

سرو بھوتےشو چاتمانم
سرو بھوتانی چاتمنی
سمم پشین آتمیاجی
سوراجیم ادھیگچھتی

—یعنی جو آدمی سب پرانیوں کے اندر اپنی آتما کو اور اپنے اندر سب پرانیوں کو ایک برابر دیکھتا ہے اور اس بڑی آتما کے لئے اپنی چھوٹی آتما کو قربان کردیتا ہے وہی 'سوراج' کو حاصل کرتا ہے.

اس اندر کے سوراج سے ہی باہر کا سوراج پیدا ہوسکتا ہے.

اس اُوپر کی چھوٹی سی بات میں ساری مانو سمسیاؤں، سب انسانی مشکلوں کا حل موجود ہے، اور وہی ایک حل ہو سکتا ہے. اگر ہمارے گھریلو جیون میں اسی بڑی آتما کا راج ہو تو ہمارا گھریلو جیون سکھ سے بھر جاے. تب دوسروں کو سکھی رکھنا ہمارا فرض ہو جاوے اور پریم ہمارا سب سے بڑا اصول. اگر یہی بڑی آتما آرتھک میدان میں مانو سماج کو چلانے لگے تو کوئی آدمی اپنی خود غرضی کے لئے یا لوبھ میں آکر اپنے لئے دھن جمع نہ کرے، ہر آدمی اپنی ساری دھن سمپتی کو سب کی چیز سمجھے، اسے سب کے بھلے کے لئے خرچ کرے

जिससे देशों के आपसी सम्बन्ध ठीक ठीक रह सकेंगे. फिर विश्व में तनाव कम हो जायगा, और इसकी पूरी उम्मीद है कि पूरब और पच्छिम की बाक़ी समस्यायें आपसी बात चीत से हल हो सकेंगी."

पञ्चशील उन सब मर्दों, औरतों और बच्चों का समर्थन चाहता है जो अपना और सबका जीवन सुखी बनाने के लिये अपने समय और शक्ति को लगाना चाहते हैं. ये सिद्धान्त यदि टिकाऊ अन्तर्राष्ट्रीय सिद्धान्त बना लिये गए तो विश्व की जनता शान्ति, सहयोग, दोस्ती और सुख से अपना जीवन बिता सकेगी.

جس سے دیشوں کے آپسی سمبندھ ٹھیک ٹھیک رہ سکیں گے. پھر وشو میں تناؤ کم ہو جائیگا' اور اِس کی پوری اُمید ہے کہ پورب اور پچھم کی باقی سمسیائیں آپسی بات چیت سے حل ہوسکیں گی."

پنچ شیل اُن سب مردوں' عورتوں اور بچوں کا سمرتھن چاہتا ہے جو اپنا اور سب کا جیون سکھی بنانے کے لئے اپنے سمے اور شکتی کو لگانا چاہتے ہیں. یہ سدھانت یدی تکاؤ انتر راشٹریہ سدھانت بنالئے گئے تو وشو کی جنتا شانتی' سہیوگ' دوستی اور سکھ سے اپنا جیون بتاسکے گی.

700 PAGES,
32 ILLUSTRATIONS
2 COLOURED MAPS

"CHINA TODAY"

BY PANDIT SUNDARLAL

PRICE
Rs. 7 8 0

A vivid narration of the glorious and wonderful achievements of New China...A picture of China which is both convincing and authentic...the best book that has come out so far on New China in the English language ...the most objective in approach and comprehensive in treatment. —National Herald, Lucknow.

Highly informative...throws vivid light on conditions obtaining in that country...a book which deserves to be widely known —Leader, Allahabad.

Encclopaedic...characterized by acute observation of detail as well as by...instinctive grasp of the fundamental perspective...To read it is veritably like accompanying the Mission on its thrilling voyage of discovery in New China. —Blitz, Bombay

A mine of information which gives a picture of China as nothing else dose...the best guide to New. China...Those who would like to understand what is happeing in New China can do not better than to study it. —Bharat Jyoti, Bombay

The wealth of information it gives on China new and old...makes fascinating reading...is comprehensive and informative and must therefore interest all students of public affairs. —Indian Express, Madras

China Today is an eloquent tribute to his (Pandit Sundarlal's) shrewd understanding of men and matter... brings to light the mighty endeavour of the Chinese People to rebuild their great nation on firm new foundations for a tomorrow which is theirs. —Vigil, Delhi.

"कुछ साम्राजी ताक़तों ने अपने अधीन देशों की जनता को शिक्षा और संस्कृति के बुनियादी अधिकार देने से भी इन्कार कर दिया है, जिस से उनके व्यक्तित्व (शख़सियत) के विकास में रुकावट पड़ती है, और जो एशिया व अफ़रीक़ा की जनता के बीच सांस्कृतिक सम्बन्धों को रोकता है."

इस सम्मेलन में आर्थिक, सांस्कृतिक और राजनैतिक सभी विषयों पर एक राय से प्रस्ताव पास हुए हैं ताकि भविष्य में हर मैदान में एशियाई अफ़रीक़ी मुल्कों के सम्बन्ध क़ायम रह सकें और बढ़ें.

एक और फ़ायदा जो इस बांडुंग सम्मेलन से हुआ है वह है आपसी ग़लतफ़हमियों, शकों और मनमुटाव का कम होना और एक दूसरे को समझना. जो मनमुटाव साम्राजवादियों ने एशियाई मुल्कों के अन्दर पैदा कर दिये थे वे बड़ी हद तक जाते रहे. इसका सब से सुन्दर सबूत पाकिस्तान के प्रधान मंत्री मुहम्मद अली का कलकत्ते का 27 अप्रेल सन 1955 का बयान है. उन्होंने कलकत्ते में प्रेस सम्वाद दाताओं के सामने कहा :—

"चीन के प्रधान मंत्री चाउ-ऐन-लाई से मिलने के बाद मैंने उनके बारे में अपना विचार बदल दिया है.....चाउ-ऐन-लाई मुझे बहुत प्रिय हैं. उनकी अमनपसन्दी पर और दुनिया की समस्याओं को शान्तिपूर्वक समझौते के साथ सुलझाने की उनकी हार्दिक इच्छा पर मुझे पूरा विश्वास हो गया है."

श्री नेहरू ने इस सम्मेलन की सफलता पर बोलते हुए कहा:—"एशियाई अफ़रीक़ी सम्मेलन ने जो एकता हासिल की उसकी मिसाल दुनिया में कहीं नहीं है. यह एक अनोखा सम्मेलन था."

पंचशील और दुनिया का अमन

जनवादी चीन की उपप्रधान मैडम सूंग-चिंग-लिंग (श्रीमती सनयात् सेन) ने पञ्चशील का महत्व बताते हुए एक लेख में लिखा है :—

"पञ्चशील बेहतरीन इन्सानियत और ऊंचे विचारों की उपज है. वैसे भी ये सिद्धान्त उन देशों में सम्बन्ध क़ायम करते हैं जिनमें मनुष्य जाति की अधिकतर आबादी रहती है. हम जो इन सिद्धान्तों का प्रचार करते हैं यह मानते हैं कि इनका असर हमारी सीमा से भी परे तक फैला हुआ है. यह पक्की बात है कि इन सिद्धान्तों को मन्ज़ूर करने वालों और इन पर चलने वालों की तादाद लगातार बढ़ती जायगी. इसके लिये हर अमनपसन्द आदमी को सच्ची कोशिश करनी चाहिये."

"यदि सब इन्हें मान लें तो इन पांच सिद्धान्तों को बहुत से सवाल तय करने के लिए इस्तेमाल किया जा सकेगा

"کچھ سامراجی طاقتوں نے اپنے آدھین دیشوں کی جنتا کو شکشا اور سنسکرتی کے بنیادی ادھیکار دینے سے بھی اِنکار کردیا ھے، جس سے اُن کے ویکتتو (شخصیت) کے وکاس میں رکاوٹ پڑتی ھے، اور جو ایشیا و افریقہ کی جنتا کے بیچ سانسکرتک سمبندھوں کو روکتا ھے."

اِس سمیلن میں آرتھک، سانسکرتک اور راج نیتک سبھی وشیوں پر ایک رائے سے پرستاؤ پاس ہوئے ھیں جو شیہ بھوشیہ میں ھر میدان میں ایشیائی افریقی ملکوں کے سمبندھ قائم رہ سکیں اور بڑھیں.

ایک اور فائدہ جو اِس بانڈونگ سمیلن سے ھوا ھے وہ ھے آپسی غلط فہمیوں، شکوں اور من مٹاؤ کا کم ھونا اور ایک دوسرے کو سمجھنا. جو من مٹاؤ سامراجوادیوں نے ایشیائی ملکوں کے اندر پیدا کردئے تھے وہ بڑی حد تک جاتے رھے. اِس کا سب سے سندر ثبوت پاکستان کے پردھان منتری محمد علی کا کلکتے کا 27 اپریل سن 1955 کا بیان ھے. اُنھوں نے کلکتے میں پریس سموادداتاؤں کے سامنے کہا :—

"چین کے پردھان منتری چاؤ - این - لائی سے ملنے کے بعد میں نے اُن کے بارے میں اپنا وچار بدل دیا ھے.....چاؤ این - لائی مجھے بہت پریہ ھیں. اُن کی امن پسندی پر اور دنیا کی سمسیاؤں کو شانتی پورک سمجھوتے کے ساتھ سلجھانے کی اُن کی ھاردک اِچھا پر مجھے پورا وشواس ھوگیا ھے."

شری نہرو نے اِس سمیلن کی سپھلتا پر بولتے ھوئے کہا :— "ایشیائی افریقی سمیلن نے جو ایکتا حاصل کی اُس کی مثال دنیا میں کہیں نہیں ھے. یہ ایک انوکھا سمیلن تھا."

پنچ شیل اور دنیا کا امن

جن وادی چین کی اُپ پردھان میڈم سونگ - چنگ - لنگ (شریمتی سن - یات - سین) نے پنچ شیل کا مہتو بتاتے ھوئے ایک لیکھ میں لکھا ھے :—

"پنچ شیل بہترین اِنسانیت اور اُونچے وچاروں کی اُپج ھے. ویسے بھی یہ سدھانت اُن دیشوں میں سمبندھ قائم کرتے ھیں جن میں منشیہ جاتی کی ادھکتر آبادی رھتی ھے. ھم جو اِن سدھانتوں کا پرچار کرتے ھیں یہ مانتے ھیں کہ اِن کا اثر ھماری سیما سے بھی پرے تک پھیلا ھوا ھے. یہ پکی بات ھے کہ اِن سدھانتوں کو منظور کرنے والوں اور اِن پر چلنے والوں کی تعداد لگاتار بڑھتی جائیگی. اِس کے لئے ھر امن پسند آدمی کو سچی کوشش کرنی چاھئے.

"یدی سب اِنھیں مان لیں تو اِن پانچ سدھانتوں کو بہت سے سوال طے کرنے کے لئے استعمال کیا جاسکے گا

में भी अपने एजेन्ट भेज कर कान्फरेन्स को असफल बनाने का भरसक प्रयत्न किया था.

प्रधान मंत्री चाउ-ऐन-लाई ने इस कान्फरेन्स में बोलते हुए कहा:—"श्री नेहरू से मुझे यह पता चला है कि ब्रिटेन के प्रधान मंत्री सर ऐन्थनी ऐडन को शान्तिपूर्वक साथ साथ रहने के ये पांच सिद्धान्त मंजूर हैं. यदि यह सच है तो मैं इंगलैन्ड के साथ भी संयुक्त बयान पर वैसे ही दस्तखत करने को तैयार हूं जैसे मैंने हिन्दुस्तान और बरमा के साथ किये हैं."

अमरीकी साम्राजवादियों की दस्तन्दाजी के बावजूद बांडुंग कान्फ्रेन्स पूरी तरह कामयाब हुई, और साम्राज-वादियों को वहां एक जबरदस्त धक्का पहुंचा.

बांडुंग सम्मेलन के बाद 29 देशों का एक मत से जो ऐलान निकला उसमें पंचशील के ये पांचों उसूल पूरी तरह शामिल और स्वीकार कर लिये गए हैं. यह ऐलान दुनिया के सब अखबारों में छप चुका है.

चीन के प्रधान मंत्री चाउ-ऐन-लाई ने बांडुंग सम्मेलन से वापिस आकर जकार्ता में कहा कि बांडुंग सम्मेलन का ऐलान पंचशील का ही नया ऐडीशन है.

30 अपरेल को भारत की पार्लिमेन्ट में बांडुंग कान्फरेंस पर बोलते हुए श्री नेहरू ने कहा :—

"बांडुंग में विश्व शान्ति और सहयोग पर जो ऐलान निकला है उसमें हमें पञ्चशील के पांचों उसूल पूरी तरह शामिल मिलते हैं और उनके अलावा वह तफ़सील मिलती है जो इन पांचों उसूलों को और ज्यादा मजबूत कर देती है.....हमें खुश होने के लिये काफ़ी वजह है कि बांडुंग कान्फ़रेन्स ने जिसमें दुनिया की आधी से ज्यादा आबादी के नुमाइन्दे शामिल थे, यह ऐलान कर दिया है कि अगर दुनिया में अमन क़ायम रखना है और राष्ट्रों राष्ट्रों के बीच सहयोग हासिल करना है तो दुनिया के देशों के आपसी सम्बन्ध इन्हीं उसूलों पर क़ायम होने चाहियें."

इस सम्मेलन में सब से बड़ी जीत एकता की हुई. सभी एशियाई अफ़्रीक़ी मुल्कों के प्रतिनिधियों ने सब प्रस्तावों को एक राय से पास किया.

उपनिवेशवाद (दूसरों की गुलामी) के ख़िलाफ प्रस्ताव साम्राजवादियों के लिए एक जबरदस्त चुनौती है. इस प्रस्ताव में कहा गया है :—

"एशिया और अफ़्रीक़ा के मुल्कों का यह सम्मेलन इस सच्चाई को स्वीकार करता है कि एशिया के बहुत से हिस्सों में उपनिवेशवाद (दूसरों की गुलामी) की मौजूदगी, चाहे जिस शक्ल में हो, न केवल हमारे सांस्कृतिक सहयोग को रोकती है बल्कि वहां की जनता की राष्ट्रीय संस्कृतियों को भी कुचलती है.

میں بھی اپنے ایجنٹ بھیجکر کانفرنس کو آسپھال بنانے کا بھرسک پریتن کیا تھا .

پردھان منتری چاؤ - این - لائی نے اِس کانفرنس میں بولتے ہوئے کہا :—"شری نہرو سے مجھے یہ پتہ چلا ہے کہ بریٹین کے پردھان منتری سر اینتھنی ایڈن کو شانتی پوروک ساتھ ساتھ رہنے کے یہ پانچ سدھانت منظور ہیں . یدی یہ سچ ہے تو میں اِنگلینڈ کے ساتھ بھی سنیکت بیان پر ویسے ہی دستخط کرنے کو تیار ہوں جیسے میں نے ہندستان اور برھما کے ساتھ کئے ہیں ."

امریکی سامراجوادیوں کی دست اندازی کے باوجود بانڈونگ کانفرنس پوری طرح کامیاب ہوئی' اور سامراجوادیوں کو وہاں ایک زبردست دھکا پہونچا .

بانڈونگ سمیلن کے بعد 29 دیشوں کا ایک مت سے جو اعلان نکلا اُس میں پنچ شیل کے یہ پانچوں اصول پوری طرح شامل اور سویکار کر لئے گئے ہیں. یہ اعلان دنیا کے سب اخباروں میں چھپ چکا ہے .

چین کے پردھان منتری چاؤ - این - لائی نے بانڈونگ سمیلن سے واپس آکر جکارتا میں کہا کہ بانڈونگ سمیلن کا اعلان پنچ شیل کا ہی نیا ایڈیشن ہے .

30 اپریل کو بھارت کی پارلیمنٹ میں بانڈونگ کانفرنس پر بولتے ہوئے شری نہرو نے کہا :—

"بانڈونگ میں وشوشانتی اور سہیوگ پر جو اعلان نکلا ہے اُس میں ہمیں پنچ شیل کے پانچوں اصول پوری طرح شامل ملتے ہیں اور اُن کے علاوہ وہ تفصیل ملتی ہے جو اِن پانچوں اصولوں کو اور زیادہ مضبوط کردیتی ہے.....ہمیں خوش ہونے کے لئے کافی وجہ ہے کہ بانڈونگ کانفرنس نے' جس میں دنیا کی آدھی سے زیادہ آبادی کے نمائندے شامل تھے' یہ اعلان کردیا ہے کہ اگر دنیا میں امن قائم رکھنا ہے اور راشٹروں راشٹروں کے بیچ سہیوگ حاصل کرنا ہے تو دنیا کے دیشوں کے آپسی سمبندھ اِنہیں اصولوں پر قائم ہونے چاہئیں ."

اِس سمیلن میں سب سے بڑی جیت ایکتا کی ہوئی . سبھی ایشیائی افریقی ملکوں کے پرتندھیوں نے سب پرستاؤں کو ایک رائے سے پاس کیا .

اُپنیویش واد (دوسروں کی غلامی) کے خلاف پرستاؤ سامراجوادیوں کے لئے ایک زبردست چنوتی ہے . اِس پرستاؤ میں کہا گیا ہے :—

"ایشیا اور افریقہ کے ملکوں کا یہ سمیلن اِس سچائی کو سوئکار کرتا ہے کہ ایشیا کے بہت سے حصوں میں اُپنیویش واد (دوسروں کی غلامی) کی موجودگی' چاہے جس شکل میں ہو' نہ کیول ہمارے سانسکرتک سہیوگ کو روکتی ہے بلکہ وہاں کی جنتا کی راشٹریہ سنسکرتیوں کو بھی کچلتی ہے .

के बाद मैंने देखा कि चाउ-नेहरू के संयुक्त बयान पर जापानी जनता में इतना जोश था कि मैं उसे बयान नहीं कर सकता. सब देशों के नर नारी आज भारत चीन की दोस्ती और पञ्चशील को अमन की एक मात्र उम्मीद समझते हैं."

कलकत्ते की हिन्द चीन मैत्री कान्फ़रेन्स

21 अप्रेल से 24 अप्रेल सन 1955 तक कलकत्ते में भारत-चीन मैत्री संघ की एक कुल-हिन्द कान्फ़रेन्स हुई थी जिसमें पीकिंग के चीन-भारत मैत्री संघ की तरफ से भी एक प्रतिनिधि मंडल आया था और दिल्ली के चीनी राजदूत जनरल यू-आंग ने भी हिस्सा लिया था. कलकत्ते की उस भारत-चीन मैत्री कान्फ़रेन्स ने भी पञ्चशील के पांचों सिद्धान्तों को दुनिया के सब देशों के मिलकर शान्तिपूर्वक रहने का आधार ऐलान किया, और इन्हीं की रोशनी में दिल्ली की एशियाई कान्फ़रेन्स की तरह अमरीका से मांग की कि वह अपनी फ़ौजें ताइवान (फारमूसा) से हटा ले और ताइवान को जनवादी चीन के हवाले कर दे. कलकत्ता कान्फ़रेन्स ने यह भी पास किया कि च्यांग-काई-शेक के नुमाइन्दे को चीन के नाम पर यू० एन० ओ० में बैठने का कोई हक़ नहीं है और उसे वहां से हटाकर जनवादी चीन के नुमाइन्दे को उसकी जगह दी जानी चाहिये, और कोई देश किसी दूसरे देश के अन्दर के मामलों में दख़ल न दे.

बांडुंग एशियाई अफ़रीक़ी कान्फ़रेन्स

18 अप्रेल से 24 अप्रेल तक के एशियाई अफ़रीक़ी बांडुंग सम्मेलन में इन्डोनेशिया के प्रधान मंत्री ने 'पंचशील' का समर्थन करते हुए कहा :—

"पञ्चशील" की यह आलोचना की जाती है कि संयुक्त राष्ट्र संघ के घोषणा-पत्र (ऐलान) में ये सब सिद्धान्त आगए, इसलिये इसकी कोई अलग आवश्यकता नहीं है, या फिर ये घोषणा-पत्र के अनुसार नहीं हैं.....यह भी कहा जाता है कि ये कम्यूनिस्टों की उपज हैं. पर ये सिद्धान्त हम सब से गहरा सम्बध्ध रखते हैं. दुर्भाग्य से इन सिद्धान्तों के बारे में बहुत सी ग़लतफ़हमियां हैं. यह इसलिये हैं क्योंकि ये सिद्धान्त एशिया और अफ़रीक़ा के उन नेताओं ने निकाले हैं जिनको अभी तक असलियत से परे सपनों की दुनिया में बसने वाले कहा जाता है. असलियत से परे सपनों की दुनिया में बससे वाले कौन हैं ? क्या वे लोग हैं जो इन सिद्धान्तों पर विश्वास करते हैं, या वे लोग हैं जो इस तरह के मायाजाल को फैलाते हैं कि ऐटम और हाइड्रोजन बम ही दुनिया में शान्ति क़ायम कर सकते हैं ?"

ज़ाहिर है कि इन सिद्धान्तों के ख़िलाफ़ वही साम्राज-वादी हैं जो ऐटम और हाइड्रोजन बम की दौड़ में दुनिया को तबाह करना चाहते हैं, और जिन्होंने इस बांडुंग सम्मेलन

کے بعد میں نے دیکھا کہ چاؤ نہرو کے سنیکت بیان پر جاپانی جنتا میں اتنا جوش تھا کہ میں اُسے بیان نہیں کرسکتا . سب دیشوں کے نرنارِی آج بھارت چین کی دوستی اور پنچ شیل کو امن کی ایک ماتر اُمید سمجھتے ہیں ."

کلکتے کی ہند چین مِتری کانفرنس

21 اپریل سے 24 اپریل سن 1955 تک کلکتے میں بھارت چین مِتری سنگھ کی ایک کل - ہند کانفرنس ہوئی تھی جس میں پیکنگ کے چین - بھارت مِتری سنگھ کی طرف سے بھی ایک پرتِنِدھی منڈل آیا تھا اور دلی کے چینی راجدوت جنرل یو - آنگ نے بھی حصہ لیا تھا. کلکتے کی اُس بھارت - چین مِتری کانفرنس نے بھی پنچ شیل کے پانچوں سدھانتوں کو دنیا کے سب دیشوں کے ملکر شانتی پورک رہنے کا آدھار اعلان کیا، اور انہوں کی روشنی میں دلی کی ایشیائی کانفرنس کی طرح امریکہ سے مانگ کی کہ وہ اپنی فوجیں تائیوان (فارموسہ) سے ہٹا لے اور تائیوان کو جن وادی چین کے حوالے کردے . کلکتہ کانفرنس نے یہ بھی پاس کیا کہ چانگ کائی شیک کے نمائندے کو چین کے نام پر یو - این - او - میں بیٹھنے کا کوئی حق نہیں ہے اور اُسے وہاں سے ہٹاکر جن وادی چین کے نمائندے کو اُس کی جگہ دی جانی چاہئے، اور کوئی دیش کسی دوسرے دیش کے اندر کے معاملوں میں دخل نہ دے .

بانڈونگ ایشیائی افریقی کانفرنس

18 اپریل سے 24 اپریل تک کے ایشیائی افریقی بانڈونگ سمیلن میں انڈونیشیا کے پردھان منتری نے 'پنچ شیل' کا سمرتھن کرتے ہوئے کہا :—

"پنچ شیل کی یہ آلوچنا کی جاتی ہے کہ سنیکت راشٹر سنگھ کے گھوشناپتر (اعلان) میں یہ سب سدھانت آگئے، اِس لئے اِس کی کوئی الگ آوشیکتا نہیں ہے، یا پھر یہ گھوشناپتر کے انوسار نہیں ہیں.....یہ بھی کہا جاتا ہے کہ یہ کمیونسٹوں کی اُپج ہیں . پر یہ سدھانت ہم سب سے گہرا سمبندھ رکھتے ہیں. دربھاگیہ سے اِن سدھانتوں کے بارے میں بہت سی غلط فہمیاں ہیں . یہ اس لئے ہیں کیونکہ یہ سدھانت ایشیا اور افریقہ کے اُن نیتاؤں نے نکالے ہیں جن کو ابھی تک اصلیت سے پرے سپنوں کی دنیا میں بسنے والے کہا جاتا ہے . اصلیت سے پرے سپنوں کی دنیا میں بسنے والے کون ہیں ؟ کیا وے لوگ ہیں جو اِن سدھانتوں پر وشواس کرتے ہیں، یا وہ لوگ ہیں جو اِس طرح کے مایا جال کو پھیلاتے ہیں کہ ایٹم اور ہائڈروجن بم ہی دنیا میں شانتی قائم کرسکتے ہیں ؟"

ظاہر ہے کہ اِن سدھانتوں کے خلاف وہی سامراج وادی ہیں جو ایٹم اور ہائڈروجن بم کی دوڑ میں دنیا کو تباہ کرنا چاہتے ہیں، اور جنہوں نے اِس بانڈونگ سمیلن

रुख हैं. इसीलिए विश्व शांति परिशद, कुल भारत शांति परिशद और हर देश में वहां की मुक़ामी शांति परिशद सब ने लगातार इन सिद्धांतों का प्रचार किया है. विश्व शांति परिशद के क़ायम होने के समय परिशद के प्रेसीडेंट प्रो० जोल्यो क्यूरी ने नीचे लिखे सिद्धांतों पर शांति आंदोलन की रूप रेखा क़ायम की थी :—

(1) विश्व यानी दुनिया में अलग अलग सामाजिक व्यवस्थाओं वाले देश शांतिपूर्वक साथ साथ रह सकते हैं.

(2) राष्ट्रों के बीच सब मतभेद आपसी बातचीत और समझौते से और सब की मंजूरी से तय होने चाहिएं.

(3) किसी भी देश के अन्दर के मामले और मतभेद केवल वहां के लोगों के घरेलू मामले हैं, जिनमें किसी बाहर वाले को दख़ल देने का हक़ नहीं है.

विश्व शांति आंदोलन के शुरू से ही विश्व शांति परिशद ने इन सिद्धांतों के प्रचार और मंजूरी के लिए दुनिया भर में आंदोलन किया. ये सिद्धांत पञ्चशील से मिलते जुलते हैं.

विश्व शान्ति आन्दोलन ने सब देशों की मुकम्मिल आज़ादी और अखंडता की रक्षा के लिये आवाज़ उठाई. उसने किसी देश पर किसी दूसरे देश के हमले का हमेशा विरोध किया.

विश्व शान्ति आन्दोलन ने ऐसी तमाम संधियों और गुटबन्दियों का हमेशा विरोध किया जो एक ताक़तवर राष्ट्र दबाव डालकर या धमकी देकर दूसरे राष्ट्रों पर अपना राजनैतिक, आर्थिक या फ़ौजी असर क़ायम करने के लिये करना चाहता है.

कुल भारत शान्ति परिषद ने इन सिद्धान्तों को पूरे भारत में जनता तक पहुंचाने के लिये लगातार काम किया है.

कुल भारत शान्ति परिषद ऐटम और हाइड्रोजन बमों के ख़िलाफ़ हमेशा आवाज़ उठाती रही है और इन हिंसक हथियारों के बन्द कराने के लिये लाखों की तादाद में जनता से दस्तख़त कराती रही है.

विश्व शान्ति परिषद ने अपनी नवम्बर 1954 की बैठक में चाऊ-नेहरू के इन पांच सिद्धान्तों का पूरी तरह समर्थन किया और देश देश में इसका प्रचार करने का बीड़ा उठाया.

जापान की शान्ति परिषद के प्रेसीडेन्ड प्रसिद्ध देश भक्त प्रो० इकुओ-आयोमा (Pro. Ikuo-Oyama) ने कहा है :—

"जापान की जनता ने पञ्चशील को एशिया की शान्ति और विश्व शान्ति और सुरक्षा की एक रोशनी के रूप में स्वीकार कर लिया है. कई हफ़्ते पूरे जापान का दौरा करने

رہے ہیں . اِسی لئے وشوشانتی پریشد' کل بھارت شانتی پریشد اور ہر دیش میں وہاں کی مقامی شانتی پریشد سب نے لگاتار اِن سدھانتوں کا پرچار کیا ہے . وشوشانتی پریشد کے قائم ہونے کے سمے پریشد کے پریسیدنٹ پروفیسر جولیو کیوری نے نیچے لکھے سدھانتوں پر شانتی آندولن کی روپ ریکھا قائم کی تھی :—

(1) وشو یعنی دنیا میں الگ الگ سماجک ویوستھاؤں والے دیش شانتی پوروک ساتھ ساتھ رہ سکتے ہیں .

(2) راشٹروں کے بیچ سب متبھید آپسی بات چیت اور سمجھوتے سے اور سب کی منظوری سے طے ہونے چاہئیں .

(3) کسی بھی دیش کے اندر کے معاملے اور متبھید کیول وہاں کے لوگوں کے گھریلو معاملے ہیں' جن میں کسی باہر والے کو دخل دینے کا حق نہیں ہے .

وشوشانتی آندولن کے شروع سے ہی وشوشانتی پریشد نے اِن سدھانتوں کے پرچار اور منظوری کے لئے دنیا بھر میں آندولن کیا . یہ سدھانت پنچ شیل سے ملتے جلتے ہیں .

وشوشانتی آندولن نے سب دیشوں کی مکمل آزادی اور اکھنڈتا کی رکشا کے لئے آواز اُٹھائی . اُس نے کسی دیش پر کسی دوسرے دیش کے حملے کا ہمیشہ ورودھ کیا .

وشوشانتی آندولن نے ایسی تمام سندھیوں اور گٹ‌بندیوں کا ہمیشہ ورودھ کیا جو ایک طاقتور راشٹر دباؤ ڈال کر یا دھمکی دے کر دوسرے راشٹروں پر اپنا راجنیتک' آرتھک یا فوجی اثر قائم کرنے کے لئے کرنا چاہتا ہے .

کل بھارت شانتی پریشد نے اِن سدھانتوں کو پورے بھارت میں جنتا تک پہونچانے کے لئے لگاتار کام کیا ہے .

کل بھارت شانتی پریشد ایٹم اور ہائڈروجن بموں کے خلاف ہمیشہ آواز اُٹھاتی رہی ہے اور اِن ہنسک ہتھیاروں کے بند کرانے کے لئے لاکھوں کی تعداد میں جنتا سے دستخط کراتی رہی ہے .

وشوشانتی پریشد نے اپنی نومبر 1954 کی بیٹھک میں چو - نہرو کے اِن پانچ سدھانتوں کا پوری طرح سمرتھن کیا اور دیش دیش میں اِس کا پرچار کرنے کا بیڑا اُٹھایا .

جاپان کی شانتی پریشد کے پریسیدنٹ پرسدھ دیش بھگت پروفیسر اِکواُو - اُویاما (Prof. Ikuo-Oyama) نے کہا ہے :—

"جاپان کی جنتا نے پنچ شیل کو ایشیا کی شانتی اور وشوشانتی اور سرکشا کی ایک روشنی کے روپ میں سویکار کرلیا ہے . کئی ہفتے پورے جاپان کا دورہ کرنے

संयुक्त राष्ट्र संघ में बैठने का च्यांग-काई-शेक के नुमाइन्दे को कोई हक़ नहीं है, उसे वहां से हटाकर जनवादी चीन के सच्चे नुमाइन्दे को उसकी जगह दी जानी चाहिए, फ़िलिस्तीन में अरबों के साथ जुल्म और उनके देश में ग़ैरों की मदाख़लत बन्द होनी चाहिए, वग़ैरा वग़ैरा.

दिल्ली के इस एशियाई सम्मेलन में पूरबी बंगाल के संयुक्त मोर्चे और पाकिस्तानी प्रतिनिधि मंडल के नेता मौलाना भाशानी ने कहा था :—

"मेरी मातृ-भूमि के हाकिम 'दक्खिन पूरबी एशियाई सुरक्षा संस्था (S. E. A. D. O.)' में शामिल हो गये हैं जिसकी एशिया के अधिकतर मुल्कों ने निन्दा की है. साम्राजवादी जहां भी युद्ध का जाल फैलाते हैं चाहे वह फ़ौजी समझौता हो या गठबंधन, वहां जनतंत्र का चिराग़ बुझ जाता है और युद्ध का ख़तरा बढ़ जाता है.

مول اُپنیاس چینی زبان میں لکھا گیا تھا. یہ اُس کا انگریزی ترجمہ سڈنی شیپیرو کا کیا ہوا ہے. وال آف برانزہ کا ہندی ترجمہ ہوگا—کانسے کی دیوار. کانسے کی دیوار کی صفائی دیتے ہوئے چین کے پریزیڈینٹ ماؤ نے کہا تھا—" ساتھیو، کانسے کی اصلی دیوار کیا ہے ؟ وہ جنتا ہے، کروڑوں کی تعداد میں جو دل سے اور سچ مچ کرانتی کی قدر کرتے ہیں. وہی کانسے کی اصلی دیوار ہیں. کوئی طاقت اِس دیوار کو نہیں توڑ سکتی. یہ ابھیدیہ دیوار ہے. پرتی کرانتی بھی اِسے نہیں توڑ سکتی....."

لیکھک نے ماؤ کی اِس تقریر سے ہی اپنے افسانے کا نام 'وال آف برانزہ' کانسے کی دیوار چنا. اُپنیاس کا مکھیہ نایک شہ - تیہ - تو ایک کمیونسٹ نوجوان ہے. وہ مشہور کمیونسٹ سینا ایقتھ روٹ آرمی میں گھایلوں کو اُٹھانے کا کام کرتا ہے. افسروں نے اُس کی جانفشانی سے کام کرنے کی تعریف کی اور اُسے اِنعام دیئے. کمیونسٹ اور کوؤمنتانگ سیناؤں کا یدھ چلتا ہے. کوؤمنتانگ سینا رسد چاہتی ہے. وہ گاؤں پر دھاوے بولتی ہے. گاؤں والے کمیونسٹ سینا کو رسد پہونچاتے ہیں. اُن کے بڑے بڑے قافلے نکلتے ہیں. تہ - تو اُنہیں راستہ دکھاتا اور دشمنوں کی بمباری سے آگاہ کرتا ہوا چلتا ہے. وہ ایک آدرش جوانباز کمیونسٹ کاریہ کرتا ہے. نہ وہ موت سے ڈرتا ہے نہ ظلموں سے. وہ کسانوں کو آگاہ کرنے میں اپنی جان سے کھیلتا ہے. انت میں دشمن اُسے گرفتار کرتے ہیں.

अवध के शौक़ीनों ने इसे और शोख़ किया. कुछ नादान दोस्तों और कुछ दाना दुश्मनों ने अफ़रातफ़री से फ़ायदा उठाया और ज़बान का एक दूसरा ही तर्ज़ ईजाद कर डाला. नतीजा यह हुआ कि एक ज़बान के दो ढङ्ग चल पड़े और इनमें आपस में खींच तान होने लगी. तारीख़ के पुराने और नये दौरों पर ध्यान दीजिए और इनसे सीख लीजिये. हर ज़माने में दो शक्तियों का अमल दिखाई देता है—एक तरफ़ फ़िरक़ों, नस्लों, रस्मों और रिवाजों की बहुतायत है तो दूसरी तरफ़ एकता की ताक़त, जो इन्हें मिलाकर एक सभ्यता पैदा करती है. हर दौर में यही अमल जारी रहा है. कसरत में वहदत का तमाशा होता नज़र आता है. आज भी वही कशमकश है. हिन्दुस्तान रक़बा और आबादी में एक बहुत बड़ा देस है. इसमें कई नस्लों के आदमी बसते हैं, कितने ही मज़हब हैं, कुछ की जन्म भूमि हिन्दुस्तान है, कुछ की बाहर के देस. इनकी रीतें और रस्में अलग हैं, रवायतें जुदा हैं, ज़ाती क़ानून, धर्म के ठिकाने न्यारे हैं. लेकिन यह सब कुछ होते हुए भी एक तारीख़ी क़ूवत है जो कड़ियों को जोड़ कर एक मज़बूत ज़ंजीर ढाल रही है, मालूम नहीं कब से, लेकिन तारीख़ के ज़माने से बहुत पहले से, क़िस्मत का यही फ़ैसला है.

दुनिया में न किसी ज़माने में, न किसी मुल्क में कोई भी राज बहुत दिन चला है, जो एक समाज की बुनियादों पर न खड़ा हो. एक समाज का आसरा हमारे दिलों का मेल मिलाप है. दिलों में मुहब्बत एक दूसरे के तरीक़ों, ख़्यालों और भावों की इज़्ज़त से, अपने में सब देश वालों को और सब देशवालों में अपने को देखने से पैदा होती है. यही वजह है कि हमारा समाज मिलवां होगा, जिसमें हिन्दुस्तान के कुल बाशिन्दे साझी होंगे. इस मिलवां समाज से जो तहज़ीब पैदा होगी वह एक मुश्तरका ख़ान्दान की मुश्तरका जायदाद होगी. इस नये समाज, नई सभ्यता की ज़रूरतों को एक मिलवां ज़बान ही पूरा कर सकती है. यह वही ज़बान हो सकती है जो अपने पुरुखों का आदर और मेहमानों का स्वागत करती है. इसका देस की किसी बोली से बैर नहीं, लेकिन इस पर किसी ख़ास फ़िरक़े का टीका नहीं है. यह ज़बान पुरानी भी है, नई भी. इसमें वह ध्वनियां भी हैं जिन्हें हमारे कान वैदिक काल से सुनते चले आये हैं और वह भी जिन्हें हमारे भाई तारीख़ के तीसरे दौर में अपने साथ लाये. पर इसके क़ानून क़ायदे अपने हैं और यह कभी दूसरी ज़बान की हुकूमत मानने को तैयार नहीं. यह ज़बान भूखी नंगी नहीं, क्योंकि यह लफ़्ज़ों के लिये संस्कृत, अरबी, फ़ारसी, अंग्रेज़ी, सभी से ख़िराज ले सकती है. इसके साहित्य का भन्डार भरा है. पर इसके आने वाले साहित्य के सामने इसके पुराने कारनामे ऐसे ही फ़ीके दिखाई देंगे जैसे सूरज के सामने सवेरे के तारे.

اودھ کے شوقینوں نے اِسے اور شوخ کیا. کچھ نادان دوستوں اور کچھ دانا دشمنوں نے افراتفری سے فائدہ اُٹھایا اور زبان کا ایک دوسرا ھی طرز ایجاد کرڈالا. نتیجہ یہ ہوا کہ ایک زبان کے دو ڈھنگ چل پڑے اور اِن میں آپس میں کھینچ تان ہونے لگی. تاریخ کے پرانے اور نئے دوروں پر دھیان دیجئے اور اُن سے سیکھ لیجئے. ہر زمانے میں دو شکتیوں کا عمل دکھائی دیتا ہے— ایک طرف فرقوں، نسلوں، رسموں اور رواجوں کی بہتایت ہے تو دوسری طرف ایکتا کی طاقت، جو انھیں ملاکر ایک سبھیتا پیدا کرتی ہے. ہر دور میں یہی عمل جاری رہا ہے. کثرت میں وحدت کا تماشہ ہوتا نظر آتا ہے. آج بھی وھی کشمکش ہے. ہندستان رقبہ اور آبادی میں ایک بہت بڑا دیس ہے. اِس میں کئی نسلوں کے آدمی بستے ہیں، کتنے ھی مذہب ہیں، کچھ کی جنم بھومی ہندستان ہے، کچھ کی باہر کے دیس. اُن کی ریتیں اور رسمیں الگ ہیں، روایتیں جدا ہیں، ذاتی قانون، دھرم کے ٹھکانے نیارے ہیں. لیکن یہ سب کچھ ہوتے ہوئے بھی ایک تاریخی قوت ہے جو کڑیوں کو جوڑ کر ایک مضبوط زنجیر تیار رہی ہے، معلوم نہیں کب سے، لیکن تاریخ کے زمانے سے بہت پہلے سے، قسمت کا یہی فیصلہ ہے.

دنیا میں نہ کسی زمانے میں، نہ کسی ملک میں کوئی بھی راج بہت دن چلا ہے، جو ایک سماج کی بنیادوں پر نہ کھڑا ہو. ایک سماج کا آسرا ہمارے دلوں کا میل ملاپ ہے. دلوں میں محبت ایک دوسرے کے طریقوں، خیالوں اور بھاؤں کی عزت سے، اپنے میں سب دیش والوں کو اور سب دیش والوں میں اپنے کو دیکھنے سے پیدا ہوتی ہے. یہی وجہ ہے کہ ہمارا سماج ملواں ہوگا، جسمیں ہندستان کے کل باشندے ساجھی ہونگے. اِس ملواں سماج سے جو تہذیب پیدا ہوگی وہ ایک مشترکہ خاندان کی مشترکہ جائداد ہوگی. اِس نئے سماج، نئی سبھیتا کی ضرورتوں کو ایک ملواں زبان ھی پورا کرسکتی ہے. یہ وھی زبان ہوسکتی ہے جو اپنے پرکھوں کا آدر اور مہمانوں کا سواگت کرتی ہے. اِسکا دیس کی کسی بولی سے بیر نہیں، لیکن اِس پر کسی خاص فرقے کا ٹیکا نہیں ہے. یہ زبان پرانی بھی ہے، نئی بھی. اِس میں وہ دھونیاں بھی ہوں جنھیں ہمارے کان ویدک کال سے سنتے چلے آئے ہیں اور وہ بھی جنھیں ہمارے بھائی تاریخ کے تیسرے دور میں اپنے ساتھ لائے. پر اُس کے قانون قائدے اپنے ہیں اور یہ کبھی دوسری زبان کی حکومت ماننے کو تیار نہیں. یہ زبان بھوکی ننگی نہیں، کیونکہ یہ لفظوں کے لئے سنسکرت، عربی، فارسی، انگریزی، سبھی سے خراج لے سکتی ہے. اِس کے ساھتیہ کا بھنڈار بھرا ہے. پر اُس کے آنیوالے ساھتیہ کے سامنے اِس کے پرانے کارنامے ایسے ھی پھیکے دکھائی دیں گے جیسے سورج کے سامنے سویرے کے تارے.

जबानों का रिवाज था. एक जबान ऊंचे दरजे के लोगों और पढ़े लिखों की होती थी और दूसरी आम लोगों, गांव वालों की. पहले दौर के पन्डितों और दरबानों की जबान संस्कृत थी, लेकिन साधारन आदमी देस के जुदा जुदा इलाक़ों में अलग अलग बोलियां बोलते थे जो सीधी सादी और आसान थीं. दूसरे दौर में मज़हबी प्रचार के लिए पाली और अर्ध मागधी काम में आने लगीं और कुछ महाराजाओं ने पाली को सरकारी काम में भी इस्तेमाल किया, लेकिन बाद में संस्कृत का बोलबाला हुआ और प्राकृतें बोली-ठोली होकर रहीं. कहीं मराठी प्राकृत बोली जाती थी तो कहीं सूरसेनी और कहीं मगधी. तीसरा दौरा आया तो दिल्ली के तुर्क और मुग़ल सम्राटों ने फ़ारसी को दफ़्तरी जबान ठहराया. उन्नीसवीं सदी तक यही हालत रही. पढ़ने लिखने में अरबी, फ़ारसी और संस्कृत काम में आती थीं. पर हिन्दुस्तानियों की बहुत बड़ी तादाद हिन्दुस्तानी, ब्रज, अवधी, बंगला, गुजराती, मराठी वग़ैरा भाशाये बोलती थीं. इनकी रुचि और स्वभाव का यही तक़ाज़ा था कि वे अपने भाव और विचारों को इन्हीं के ज़रिये ज़ाहिर करें. इसलिए इस ज़माने में हिन्दू और मुसलमान दोनों मिल कर इन भाशाओं का साहित्य बनाते रहे.

उन्नीसवी सदी से तारीख़ का नया दौर शुरू हुआ. पहले पहल तो इस ज़माने में भी पुरानी लकीरों पर काम चला. लेकिन फ़ारसी और संस्कृत की जगह अंग्रेज़ी जबान ने ली. पर जैसे जैसे स्वदेशी और स्वराज का ज़ोर बढ़ा परदेसी भाशा की तरफ़ से जी हटने लगा. अब यह सवाल पैदा हुआ कि देश की कौन सी भाशा इस लायक़ है कि उसे कुल हिन्द की बोली माना जाय. इसमें एक यह पेच था कि आज़ादी और बराबरी के ज़माने में आम और ख़ास की बोली और भाशा में फ़र्क़ नहीं हो सकता था इसलिए फ़ारसी, संस्कृत न पढ़ाई का ज़रिया और न सरकार दरबार के कामों के लिए कुल देश की भाशा मानी जा सकती थी. यह मरतबा किसी देसी बोली को ही दिया जा सकता है. देखा तो हर सूबे की अपनी जबान है और इसमें अच्छा ख़ासा अदब है. लेकिन इन सूबाई जबानों में एक ऐसी है जिसका फैलाव सबसे ज़्यादा है, जिसकी सेवा उत्तर में ही नहीं दक्खिन में भी है. यह जबान बहुत पुरानी है. चौदहवीं सदी से आज तक लगातार इसमें साहित्य तैयार होता रहा है. हिन्दुस्तान के सभी मज़हबों ने इसमें प्रचार किया है और सब ने इसकी तरक़्क़ी में हिस्सा लिया है. अठारहवीं सदी के शुरू तक यह जबान जिस तरह बोली और लिखी जाती थी वह एक मिला जुला तर्ज़ था. इसमें ठेठ हिन्दी का ठाठ भी था और फ़ारसी का भी चटख़ारा. लेकिन जब मुहम्मदशाही दरबार का असर पड़ा तो इसके तर्ज़ में नया रंग पैदा हो गया. ईरानी, तूरानी, नये पुराने विलायती अमीरों को यह रंग ऐसा भाया कि उन्होंने पुरानी जबान को बदल डाला.

زبانوں کا رواج تھا. ایک زبان اونچے درجے کے لوگوں اور پڑھے لکھوں کی ہوتی تھی اور دوسری عام لوگوں، گاؤں والوں کی. پہلے دور کے پنڈتوں اور درباروں کی زبان سنسکرت تھی. لیکن سادھارن آدمی دیس کے جدا جدا علاقوں میں الگ الگ بولیاں بولتے تھے جو سیدھی سادی اور آسان تھیں. دوسرے دور میں مذہبی پرچار کے لئے پالی اور ارد ماگدھی کام میں آنے لگیں اور کچھ مہاراجاؤں نے پالی کو سرکاری کام میں بھی استعمال کیا، لیکن بعد میں سنسکرت کا بول بالا ہوا اور پراکرتیں بولی ٹھولی ہوکر رہیں. کہیں مراٹھی پراکرت بولی جاتی تھی تو کہیں سورسینی اور کہیں مگدھی. تیسرا دور آیا تو دلی کے ترک اور مغل سمراٹوں نے فارسی کو دفتری زبان ٹھہرایا. اُنیسویں صدی تک یہی حالت رہی. پڑھنے لکھنے میں عربی، فارسی اور سنسکرت کام میں آتی تھیں. پر ہندستانیوں کی بہت بڑی تعداد ہندستانی، برج، اودھی، بنگلا، گجراتی، مراٹھی وغیرہ بھاشائیں بولتی تھیں. ان کی روچی اور سوبھاؤ کا یہی تقاضہ تھا کہ وے اپنے بھاؤ اور وچاروں کو اِنھیں کے ذریعہ ظاہر کریں. اس لئے اِس زمانے میں ہندو اور مسلمان دونوں مل کر اِن بھاشاؤں کا ساھتیہ بناتے رہے.

اُنیسویں صدی سے تاریخ کا نیا دور شروع ہوا. پہلے پہل تو اِس زمانے میں بھی پرانی لکیروں پر کام چلا. لیکن فارسی اور سنسکرت کی جگہ انگریزی زبان نے لی. پر جیسے جیسے سودیشی اور سوراج کا زور بڑھا پردیسی بھاشا کی طرف سے جی ہٹنے لگا. اب یہ سوال پیدا ہوا کہ دیش کی کونسی بھاشا اِس لائق ہے کہ اُسے کل ہند کی بولی مانا جائے. اِس میں ایک یہ پیچ تھا کہ آزادی اور برابری کے زمانے میں عام اور خاص کی بولی اور بھاشا میں فرق نہیں ہوسکتا تھا اِس لئے فارسی، سنسکرت نہ پڑھائی کا ذریعہ اور نہ سرکار دربار کے کاموں کے لئے کل دیش کی بھاشا مانی جاسکتی تھی. یہ مرتبہ کسی دیسی بولی کو ہی دیا جاسکتا ہے. دیکھا تو ہر صوبے کی اپنی زبان ہے اور اس میں اچھا خاصا ادب ہے. لیکن اِن صوبائی زبانوں میں ایک ایسی ہے جس کا پھیلاؤ سب سے زیادہ ہے، جس کی سیوا اُتر ہی نہیں دکھن میں بھی ہے. یہ زبان بہت پرانی ہے. چودھویں صدی سے آج تک لگاتار اس میں ساھتیہ تیار ہوتا رہا ہے. ہندستان کے سبھی مذہبوں نے اِس میں پرچار کیا ہے اور سب نے اِس کی ترقی میں حصہ لیا ہے. اٹھارہویں صدی کے شروع تک یہ زبان جس طرح بولی اور لکھی جاتی تھی وہ ایک ملا جلا طرز تھا. اِس میں ٹھیٹھ ہندی کا ٹھاٹھ بھی تھا اور فارسی کا بھی چٹخارا. لیکن جب محمد شاہی دربار کا اثر پڑا تو اِس کے طرز میں نیا رنگ پیدا ہوگیا. ایرانی، تورانی، نئے پرانے ولایتی امیروں کو یہ رنگ ایسا بھایا کہ انھوں نے پرانی زبان کو بدل ڈالا.

करता था, उसकी पैदावार उसके लिए काफ़ी थी, उसकी ज़रूरतें कम और इनमें तब्दीलियां नहीं होती थीं, अब काफ़ी नहीं. अब तमाम हिन्दुस्तान की एक मंडी है, जिस में दूर और पास के सब गांव लेन देन करते हैं. सारे देश का व्यौपार एक साख पर क़ायम है और कुल कारोबार हुन्डी पर्चे पर चलता है. क़ुदरत ने मुल्क में अपनी नियामतें इस तरह फैलाई हैं कि कोई हिस्सा बिना दूसरे हिस्सों की मदद के ख़ुशहाल नहीं रह सकता—कहीं गेहूं उगता है तो कहीं चावल, कहीं नमक मिलता है तो कहीं लकड़ी, कोयला; कहीं लोहा निकलता है तो कहीं सोना; और सब मिलकर ही एक दूसरे की ज़रूरतों को पूरा कर सकते हैं.

समाजी ज़िन्दगी में भी इन्क़लाब है. ज़ात-पांत का ज़ोर घट रहा है. क़बीलों और फ़िर्क़ों की तक़सीम तो ग़ायब ही हो गई! आज कौन शरीफ़ है, कौन रज़ील? समाज में इज़्ज़त और सरकार में ओहदे पाने के लिए न ब्राह्मन क्षत्री होने की ज़रूरत है, न सैयद और पठान. जनम और ख़ानदान से कोई ऊंच नीच नहीं बनता. बराबरी का ज़माना है. क़ानून के सामने सब यकसां हैं. मर्द ही नहीं औरतों में भी बराबरी की तलब है. रहने सहने के तरीक़े बदल रहे हैं. हम एक से मकानों और बंगलों में रहते हैं, एकसां फ़र्नीचर इस्तेमाल करते हैं, एकसा लिबास पहनते हैं, एक ढंग से मेज़ कुर्सी पर कांटे छुरी की आदत डाल रहे हैं, चाय पीने में मक्खन तोश का नाश्ता करते हैं. बाहर ही नहीं, हमारे अन्दर का फ़र्नीचर भी यकसां है. योरप की विद्याओं ने एशियाई इल्मों की जगह ले ली है. सोचने के ढंग गौतम और कनाद, इब्न रुश्द और इब्न सीना से नहीं, कान्ट और हैगेल, न्यूटन और आइन्सटाइन से सीखते हैं. हम मनु और अबु हनीफ़ा की कतरब्यौंत करते हैं.

यह ज़रूर है कि अभी हमारे मनों में अपनी तरफ़ से दुविधा है, अपने ऊपर पूरा भरोसा नहीं. हिन्दुस्तान के कुल बाशिन्दों को कन्धे मिलाकर खड़ा होना है. इनमें से किसी ने कंधा डाल दिया तो सब का काम बिगड़ जायगा.

आने वाले ज़माने का तमद्दुन इन्हीं ज़रूरतों और बुनियादों पर खड़ा होगा. यह बारह खंभा जिन सुतूनों के सहारे दुनिया की तेज़ और तुन्द आंधियों का सामना करेगा वह इस मुल्क के रहने वालों की जमाअतें हैं जो इस वक़्त बिखरी हुई और उदास दिखाई देती हैं—लेकिन जल्द मिलेंगी और अपनी ताक़त को पहचानेंगी. वह सभ्यता की ऐसी इमारत बनायेंगी जिसके मुक़ाबले में पुराने महल मंद पड़ जायंगे. ज़माना इस नये तमद्दुन का बेचैनी के साथ इन्तज़ार कर रहा है.

इस नये समाज और नये तमद्दुन की ज़बान क्या होगी? आइए तारीख़ से मश्विरा करें, यह एक बड़े अचम्भे की बात है कि हमारे देश की तारीख़ के हर दौर में दो तरह की

کرتا تھا، اُس کی پیداوار اس کے لئے کافی تھی، اس کی ضرورتیں کم اور اِن میں تبدیلیاں نہیں ہوتی تھیں، اب کافی نہیں. اب تمام ہندستان کی ایک منڈی ہے، جس میں دور اور پاس کے سب گاؤں لین دین کرتے ہیں. سارے دیش کا بیوپار ایک ساکھ پر قائم ہے اور کل کاروبار ہنڈی پرچے پر چلتا ہے. قدرت نے ملک میں اپنی نعمتیں اِس طرح پھیلائی ہیں کہ کوئی حصہ بنا دوسرے حصوں کی مدد کے خوشحال نہیں رہ سکتا—کہیں گیہوں اُگتا ہے تو کہیں چاول، کہیں نمک ملتا ہے تو کہیں لکڑی، کوئلہ؛ کہیں لوہا نکلتا ہے تو کہیں سونا؛ اور سب مل کر ہی ایک دوسرے کی ضرورتوں کو پورا کرسکتے ہیں.

سماجی زندگی میں بھی اِنقلاب ہے. ذات پانت کا زور گھٹ رہا ہے. قبیلوں اور فرقوں کی تقسیم تو غائب ہی ہوگئی! آج کون شریف ہے، کون رذیل؟ سماج میں عزت اور سرکار میں عہدے پانے کے لئے نہ براہمن چھتری ہونے کی ضرورت ہے، نہ سید اور پٹھان. جنم اور خاندان سے کوئی اُونچ نیچ نہیں بنتا. برابری کا زمانہ ہے. قانون کے سامنے سب یکساں ہیں. مرد ہی نہیں عورتوں میں بھی برابری کی طلب ہے. رہنے سہنے کے طریقے بدل رہے ہیں. ہم ایک سے مکانوں اور بنگلوں میں رہتے ہیں، ایک سا فرنیچر اِستعمال کرتے ہیں، ایک سا لباس پہنتے ہیں، ایک ڈھنگ سے میز کرسی پر کانٹے چھری کی عادت ڈال رہے ہیں، چائے پینے میں مکھن توش کا ناشتہ کرتے ہیں. باہر ہی نہیں، ہمارے اندر کا فرنیچر بھی یکساں ہے. یورپ کی وِدیاؤں نے ایشیائی علموں کی جگہ لے لی ہے. سوچنے کے ڈھنگ گوتم اور کناد، اِبن رشد اور اِبن سینا سے نہیں، کانٹ اور ہیگل، نیوٹن اور آئنسٹائن سے سیکھتے ہیں. ہم منو اور ابوحنیفہ کی کتربیونت کرتے ہیں.

یہ ضرور ہے کہ ابھی ہمارے منوں میں اپنی طرف سے دوِدھا ہے، اپنے اُوپر پورا بھروسہ نہیں. ہندستان کے کل باشندوں کو کندھے ملاکر کھڑا ہونا ہے. اِن میں سے کسی نے کندھا ڈال دیا تو سب کا کام بگڑ جائیگا.

آنے والے زمانے کا تمدن اُنھیں ضرورتوں اور بنیادوں پر کھڑا ہوگا. یہ بارہ کھمبا جن ستونوں کے سہارے دنیا کی تیز اور تند آندھیوں کا سامنا کریگا وہ اِس ملک کے رہنے والوں کی جماعتیں ہیں جو اِس وقت بکھری ہوئی اور اُداس دکھائی دیتی ہیں—لیکن جلد ملیں گی اور اپنی طاقت کو پہچانیں گی. وہ سبھیتا کی ایسی عمارت بنائینگی جس کے مقابلے میں پرانے محل مند پڑجائینگے. زمانہ اِس نئے تمدن کا بےچینی کے ساتھ اِنتظار کر رہا ہے.

اِس نئے سماج اور نئے تمدن کی زبان کیا ہوگی؟ آئیے تاریخ سے مشورہ کریں. یہ ایک بڑے اچنبھے کی بات ہے کہ ہمارے دیش کی تاریخ کے ہر دور میں دو طرح کی

मौलवी और पंडितों, सरकारी दरबारी उहदादारों को छोड़ कर जो संस्कृत, फ़ारसी और अरबी सीखते थे, बाक़ी सभी हिन्दू मुसलमान हिन्दी बोलियां बोलते थे और इन्हीं में अपने विचार और भाव ज़ाहिर करते थे. उर्दू, ब्रज, अवधी, बंगला, पंजाबी बोलियों में सैकड़ों हिन्दू मुसलमान शायर हुए जिनके कारनामों से इनके ख़ज़ाने मालामाल हैं.

भाशा, साहित्य और कला में किसी क़ौम की आत्मा का परतव दिखाई देता है. इससे इसके गुनों का और इसकी असलियत का पता लगता है. इनकी यकसानियत क़ौमी आत्मा की एकता को ज़ाहिर करती है. यह एकता ज़िन्दगी के और अंगों में भी दिखाई देती है—मसलन् चाल चलन के उसूलों और सचाई के रास्तों की तलाश में. इन पर ग़ौर करें तो बावजूद मज़हबी फ़रक़ों के एक गहरी समानता पाई जाती है. दुनिया की ख़्वाहिशों से दिल हटाना, जो कुछ मिल गया उस पर सब्र करना, आदमी आदमी से मुहब्बत करना—अल्लाह से लौ लगाना, ज़िन्होंने दुनिया को तज दिया है और अन्दरूनी शक्ति को पा लिया है उनका सत्संग करना, गुरु या पीर को राह दिखानेवाला मानना और उसकी इज्ज़त करना—यह ऐसे ख़्याल थे जो हिन्दुस्तान के सभी लोगों में मुश्तरिक थे. साधू-सन्तों और सूफ़ी दरवेशों ने इस इश्क़ के मज़हब, प्रेम के धर्म का प्रचार किया और कुल हिन्दुस्तान को भाईचारे के रिश्तों में बांध दिया. इनके दिलों में कैसी सफ़ाई और हिम्मत थी. मुहम्मद अली क़ुतुब-शाह, जो गोल्कंडा के बादशाह और अकबर के हमअसर थे, यों बेधड़क बयान करते हैं—कुफ़्र रीति क्या हूर इस्लाम रीति—हर एक रीति में इश्क़ का राज है. यह था इन चन्द सौ सालों में हाकिमों के तबक़े और ग़ैर मज़हब के लोगों की तबीयतों का मिलन. कबीर, नानक, दादू, तुकाराम, मुईउद्दीन, बाबा फ़रीद, रज्जब, और बहुतेरे हिन्दू और मुसलमानों ने इन्हीं विचारों को फैलाया है. इस तबियत से ख़ूबसूरती के वे पुतले तैयार हुए जिनको देखकर आज भी हमारी रगों का ख़ून तेज़ी से बहने लगता है. इसी दिल से वे जज़्बे पैदा हुए जिन्होंने हिन्दुस्तान से कुछ दिनों के लिए दुई को मिटा दिया.

अठारहवीं सदी के पूरे होते होते इस तमद्दुन ने भी दम तोड़ा. तारीख़ के तीन दौर ख़तम हो चुके थे. उन्नीसवीं सदी ने चौथे दौर का डौल डाला. आज हम तारीख़ के इस दौर में से गुज़र रहे हैं. लेकिन अभी तो मंज़िल की पहली सीढ़ियों पर ही हैं. इस भूल भुलइयां में आगे क्या है इसकी जांच उस धुंधले ख़ाके से हो सकती है जो इस वक़्त हमारी आंखों के सामने है. आज हिन्दुस्तान की आर्थिक ज़िन्दगी एक नये ढङ्ग पर चल रही है. दस्तकारी की जगह कारख़ाने ले रहे हैं. गांव की शान्त और सादा रविश ख़तम हो चुकी. वह हालत जिसमें हर एक गांव अपने ऊपर आप भरोसा

مولوی اور پنڈتوں، سرکاری درباری عہدہ داروں کو چھوڑ کر جو سنسکرت، فارسی اور عربی سیکھتے تھے، باقی سبھی ہندو مسلمان ہندی بولیاں بولتے تھے اور اِنھیں میں اپنے وچار اور بھاؤ ظاہر کرتے تھے، اردو، برج، اودھی، بنگلہ، پنجابی بولیوں میں سیکڑوں ہندو مسلمان شاعر ہوئے جن کے کارناموں سے اِن کے خزانے مالا مال ہیں.

بھاشا، ساھتیہ اور کلا میں کسی قوم کی آتما کا پرتو دکھائی دیتا ہے. اِس سے اُس کے گنوں کا اور اِس کی اصلیت کا پتہ لگتا ہے. اِن کی یکسانیت قومی آتما کی ایکتا کو ظاہر کرتی ہے. یہ ایکتا زندگی کے اور انگوں میں بھی دکھائی دیتی ہے—مثلاً چال چلن کے اصولوں اور سچائی کے راستوں کی تلاش میں. اِن پر غور کریں تو باوجود مذھبی فرقوں کے ایک گہری سمانتا پائی جاتی ہے. دنیا کی خواھشوں سے دل ھٹانا، جو کچھ مل گیا اُس پر صبر کرنا، آدمی آدمی سے محبت کرنا—اللہ سے لو لگانا، جنھوں نے دنیا کو تج دیا ہے اور اندرونی شکتی کو پالیا ہے اِن کا ست سنگ کرنا، گرو یا پیر کو راہ دکھانے والا ماننا اور اُس کی عزت کرنا—یہ ایسے خیال تھے جو ہندستان کے سبھی لوگوں میں مشترک تھے. سادھو سنتوں اور صوفی درویشوں نے اِس عشق کے مذھب، پریم کے دھرم کا پرچار کیا اور کل ہندستان کو بھائی چارے کے رشتوں سے باندھ دیا. اُن کے داؤں میں کیسی صفائی اور ھمت تھی. محمد علی قطب شاہ، جو گولکنڈا کے بادشاہ اور اکبر کے ھمعصر تھے، یوں بےدھڑک بیان کرتے ھیں—کفر ریتی کیا حور اِسلام ریتی—ھر ایک ریتی میں عشق کا راز ھے. یہ تھا اِن چند سو سالوں میں حاکموں کا طبقہ اور غیر مذھب کے لوگوں کی طبیعتوں کا ملن. کبیر، نانک، دادو، تکارام، معین الدین، بابا فرید، رجب، اور بہتیرے ہندو اور مسلمانوں نے انھیں وچاروں کو پھیلایا ہے. اِس طبیعت سے خوبصورتی کے وے پتلے تیار ہوئے جن کو دیکھ کر آج بھی ھماری رگوں کا خون تیزی سے بہنے لگتا ہے. اِسی دل سے وے جذبے پیدا ہوئے جنھوں نے ہندستان سے کچھ دنوں کے لئے دوئی کو مٹا دیا.

اٹھارھویں صدی کے پورے ہوتے ہوتے اِس تمدن نے بھی دم توڑا. تاریخ کے تین دور ختم ہوچکے تھے. اُنیسویں صدی نے چوتھے دور کا ڈول ڈالا. آج ھم تاریخ کے اِس دور میں سے گذر رھے ھیں. لیکن ابھی تو منزل کی پہلی سیڑھیوں پر ھی ھیں. اِس بھول بھلیاں میں آگے کیا ہے اِس کی جانچ اُس دھندلے خاکے سے ھوسکتی ہے جو اِس وقت ھماری آنکھوں کے سامنے ہے. آج ہندستان کی آرتھک زندگی ایک نئے ڈھنگ پر چل رھی ہے. دستکاری کی جگہ کارخانے لے رھے ھیں. گاؤں کی شانت اور سادہ روش ختم ھوچکی. وہ حالت جس میں ھر ایک گاؤں اپنے اُوپر آپ بھروسہ

करना है. हिन्दुस्तान में इस्लाम को फैलाने वाले इतने बादशाह और फ़ौजी कमान्दार नहीं थे जितने दरवेश, सूफ़ी, मस्तक़लन्दर थे जिन्हें राज दरबारों से सरोकार न था. यह अल्लाहवाले प्रेम के मतवाले, ग़रीबों, बेकसों और दीन दुखियों के साथी और हमदर्द थे. इनके आपस के बर्ताव का असर हाकिमों पर भी पड़ा और इस तरह मार धाड़ और डराने धमकाने की जगह अच्छे रिश्ते क़ायम हुए. दुश्मनी दोस्ती में बदली. तुर्क अपने साथ अपनी सभ्यता लाये. इनके समाज का ढांचा और राज का तरीक़ा राजपूतों से कुछ ज्यादा मुख्तलिफ़ न था. लेकिन धर्मों का फ़र्क़ और ज़बानें जुदा जुदा थीं. अब तक जितनी क़ौमें हिन्दुस्तान में आई थीं, उनके मज़हब कुछ अहमियत न रखते थे. इसलिये उन्होंने हिन्दू मज़हब अख्तियार कर लिये. लेकिन इस्लाम की हैसियत इनसे बिल्कुल अलग थी. इसके उसूल, पूजा पाठ के तरीक़े, क़ानून, रस्में और रिवाज ख़ास थे. और मुसलमानों की ज़िन्दगी पर इनका गहरा असर था. यह आसान नहीं था कि इस्लाम दूसरे मज़हबों में घुल जाता या उनके दबाव को क़बूल करता. लेकिन हिन्दुस्तान की सृष्टि ही में मेल जोल का गुन है. यह कैसे हो सकता था कि दो तहज़ीबें हिन्दुस्तान में एक साथ रहें, और बिल्कुल एक दूसरे से अलग अलग रहें? हिन्दू और इस्लामी तहज़ीब ने एक दूसरे की देखा देखी रंग बदला. हिन्दुओं के पुराने तरीक़े पलटे और मुसलमानों ने हिन्दू तरीक़ों को अपनाया. हिन्दू और मुसलमानी ज़ेहनों का मेल हुआ. दो अलहदा दुनियायें एक में समो गईं. एक नया तमद्दुन तैयार हुआ. इसके दुनियावी और रूहानी पहलुओं पर ध्यान दें तो इसकी यकसानियत का कुछ अन्दाज़ा हो सकता है.

ज़िन्दगी में हमारी सब से पहली ज़रूरत खाने पीने, कपड़ा पहनने और घर ठिकाने की है. इस ज़रूरत को पूरा करने ही के लिये हम खेती बाड़ी, धन्दे, दस्तकारी, बनिज-व्यौपार करते हैं. अगर हम इस छः सौ बरस की तारीख़ पर नज़र डालें जो तेरहवीं सदी से शुरू होकर उन्नीसवीं तक ख़तम होती है तो मालूम होता है कि इस ज़माने में हमारी ज़रूरतों को पूरा करने के तरीक़े हिन्दू मुसलमानों में यकसां थे. हम एक तरह से रहते थे, एक से कपड़े पहनते थे, एक से खाने खाते थे. हमारे खेल कूद, दिल्लगी, चहल पहल के सामान यकसां थे. ज़िन्दगी की मंज़िलों को एक साथ काटते थे और एक ही तरह निभाते थे. बच्चों के जनम, लड़के लड़कियों की ब्याह शादी, मरने के बाद शोक मनाने के तरीक़े मिलते जुलते थे. इस ज़माने में हिन्दू और मुसलमानों ने जो तसवीरें खींचीं, महल, मक़बरे, मन्दिर और मस्जिदें तामीर कीं, राग रागनियां अलापीं, बाजे ईजाद किये, इनमें हिन्दू मुसलमान का कोई फ़र्क़ न था. इने गिने

کرنا ہے. ہندستان میں اسلام کو پھیلانے والے اِتنے بادشاہ اور فوجی کماندار نہیں تھے جتنے درویش، صوفی، مست قلندر تھے جنھیں راج دربارسے سروکار نہ تھا. یہ اللہ والے پریم کے متوالے، غریبوں بیکسوں اور دین دکھیوں کے ساتھی اور ہمدرد تھے. اِن کے آپس کے برتاؤ کا اثر حاکموں پر بھی پڑا اور اِس طرح مار دھاڑ اور ترانے دھمکانے کی جگہ اچھے رشتے قائم ہوئے. دشمنی دوستی میں بدلی. ترک اپنے ساتھ اپنی سبھیتا لائے. اِن کے سماج کا ڈھانچہ اور راج کا طریقہ راجپوتوں سے کچھ زیادہ مختلف نہ تھا. لیکن دھرموں کا فرق اور زبانیں جدا جدا تھیں. اب تک جتنی قومیں ہندستان میں آئی تھیں، اِن کے مذہب کچھ اہمیت نہ رکھتے تھے. اِس لئے انھوں نے ہندو مذہب اختیار کر لئے. لیکن اسلام کی حیثیت اُن سے بالکل الگ تھی. اِس کے اصول، پوجا پاٹ کے طریقے، قانون، رسمیں اور رواج خاص تھے. اور مسلمانوں کی زندگی پر اِن کا گہرا اثر تھا. یہ آسان نہیں تھا کہ اسلام دوسرے مذہبوں میں گھل جاتا یا اُن کے دباؤ کو قبول کرتا. لیکن ہندستان کی سرشتی ہی میں میل جول کا گن ہے. یہ کیسے ہو سکتا تھا کہ دو تہذیبیں ہندستان میں ایک ساتھ رہیں، اور بالکل ایک دوسرے سے الگ الگ رہیں؟ ہندو اور اسلامی تہذیب نے ایک دوسرے کی دیکھا دیکھی رنگ بدلا. ہندوؤں کے پرانے طریقے پلٹے اور مسلمانوں نے ہندو طریقوں کو اپنایا. ہندو اور مسلمانی ذہنوں کا میل ہوا. دو علیحدہ دنیائیں ایک میں سمو گئیں. ایک نیا تمدن تیار ہوا. اِس کے دنیاوی اور روحانی پہلوؤں پر دھیان دیں تو اِس کی یکسانیت کا کچھ اندازہ ہو سکتا ہے.

زندگی میں ہماری سب سے پہلی ضرورت کھانے پینے، کپڑا پہننے اور گھر ٹھکانے کی ہے. اِس ضرورت کو پورا کرنے ہی کے لئے ہم کھیتی باڑی، دھندے، دستکاری، بنج بیوپار کرتے ہیں. اگر ہم اِس چھ سو برس کی تاریخ پر نظر ڈالیں جو تیرہویں صدی سے شروع ہو کر اُنیسویں تک ختم ہوتی ہے تو معلوم ہوتا ہے کہ اِس زمانے میں ہماری ضرورتوں کو پورا کرنے کے طریقے ہندو مسلمانوں میں یکساں تھے. ہم ایک طرح سے رہتے تھے، ایک سے کپڑے پہنتے تھے، ایک سے کھانے کھاتے تھے. ہمارے کھیل کود، دلگی، چہل پہل کے سامان یکساں تھے. زندگی کی منزلوں کو ایک ساتھ کاٹتے تھے اور ایک ہی طرح نبھاتے تھے. بچوں کے جنم، لڑکے لڑکیوں کی بیاہ شادی، مرنے کے بعد شوک منانے کے طریقے ملتے جلتے تھے. اِس زمانے میں ہندو اور مسلمانوں نے جو تصویریں کھینچیں، محل، مقبرے، مندر اور مسجدیں تعمیر کیں، راگ راگنیاں الاپیں، باجے ایجاد کئے، اِن میں ہندو مسلمان کا کوئی فرق نہ تھا. اِنے گنے

और क़बीलों की जड़ें मज़बूत. एक समाज के जन्म के लिये अभी इन्तज़ार की ज़रूरत थी.

तौभी फ़िरक़ों की कड़ियां ढीली हो चुकी थीं और मुल्क के बड़े बड़े इलाक़ों को एक ही इन्तज़ाम के सिलसिलों में गठे रहने की आदत पड़ रही थी. अमन और शान्ति का दायरा बढ़ गया था. धन दौलत और कारीगरी में अनोखी तरक़्क़ी हुई थी. व्योपार की मंडियां और साहूकारी की साख कुल देस में ही नहीं, परदेसों में फैल रही थी. कला और साहित्य, फ़न और अदब ख़ूब चमक रहे थे. आज भी इनकी आबो ताब हमारी आंखों को चौंधियाती हैं. अजंता की तस्वीरों, एल्यूरा के मन्दिरों, सांची और सारनाथ, भरहत और अमरावती की मूर्तियों, अशोक की लाटों की कारीगरी के सामने दुनिया की कला पानी भरती है. इस ज़माने के गुनी, कलावंत और पंडित चीन से रूम और मिस्र तक अपना जवाब नहीं रखते थे. फ़लसफ़ा और अदब में इनके कारनामे सदा के लिये ज़िन्दा हैं. दर्शन, इतिहास, क़ानून, साइन्स और मज़हब के ऐसे धुरन्धर आलिम पैदा हुये, जिनका इस दिन तक इल्म की दुनिया में डंका बजता है. जब तक आदमी के दिल में अदब की क़दर है, तब तक कालिदास का नाम जीता है. हिन्दू तमद्दुन के सूरज को चढ़ने और आसमान की छत तक पहुंचने में 12 सदियां लगीं. इसकी रोशनी से हिन्दुस्तान में जगमगाहट और पड़ोस के देशों में नूर फैला. पर दुनिया का क़ायदा है कि ज्वार के बाद भाटा, बढ़ने के बाद घटने का वक़्त आता है. उतार में भी समय लगता है. 600 वर्ष तक हिन्दू सभ्यता को राजपूतों ने जीता रक्खा. लेकिन आख़िर में राजपूतों की फ़िरक़ाबंदियों ने राज की बुनियादों को खोखला कर दिया. ज़ात पांत के भेद इतने बढ़ गये और कट्टर हो गये कि समाज में शक्ति बाक़ी नहीं रही. मतों के बखेड़ों और करमकांड के जंजाल से आदमी घबरा उठे. बौद्ध और जैन, वैश्नव, शैव और शाक्त के पुजारी एक दूसरे के बैरी हो गये. तारीख़ ने हिन्दू सभ्यता का वर्क़ उलट दिया और हिन्दुस्तान में एक नये दौर की शुरूआत हुई.

पहले तो अरबों ने सिन्ध की वादी में हिन्दू तहज़ीब की क़ूवत को आजमाया. पर अब भी इसमें जान बाक़ी थी. इसने कुछ जगह तो छोड़ी लेकिन अरबों को बहुत आगे न बढ़ने दिया. 300 वर्ष बाद अफ़ग़ानिस्तान की तरफ़ से तुर्कों के हमले शुरू हुए और बारहवीं सदी के आख़ीर तक उत्तरी हिन्दुस्तान राजपूतों के हाथों से निकल गया. नये क़बीलों, नये धर्म और नये तमद्दुन का हिन्दुस्तान में दाख़िला हुआ. राजपाट की लालच ने अमीरों और सरदारों, राजाओं और सामन्तों में लड़ाइयां कराईं. लेकिन इसे इस्लाम और हिन्दू धर्म की लड़ाई समझना बड़ी ग़ल्ती

اور قبیلوں کی جڑیں مضبوط. ایک سماج کے جنم کے لئے ابھی انتظار کی ضرورت تھی.

تو بھی فرقوں کی کڑیاں ڈھیلی ہو چکی تھیں اور ملک کے بڑے بڑے علاقوں کو ایک ہی انتظام کے سلسلوں میں گٹھے رہنے کی عادت پڑ رہی تھی. امن اور شانتی کا دایرہ بڑھ گیا تھا. دھن دولت اور کاریگری میں انوکھی ترقی ہوئی تھی. بیوپار کی منڈیاں اور ساہوکاری کی ساکھ کل دیس میں ہی نہیں، پردیسوں میں پھیل رہی تھی. کلا اور ساہتیہ، فن اور ادب خوب چمک رہے تھے. آج بھی اُن کی آب و تاب ہماری آنکھوں کی چوند بڑھاتی ہیں. اجنتا کی تصویروں، ایلورا کے مندروں، سانچی اور سارناتھ، بھرہت اور امراوتی کی مورتیوں، آشوک کی لاٹوں کی کاریگری کے سامنے دنیا کی کلا پانی بھرتی ہے. اِس زمانے کے گنی، نالاندا اور پنڈت چین سے روم اور مصر تک اپنا جواب نہیں رکھتے تھے. فلسفہ اور ادب میں اِن کے کارنامے سدا کے لئے زندہ ہیں. درشن، اِتہاس، قانون، سائنس اور مذہب کے ایسے دھرندھر عالم پیدا ہوئے، جن کا اِس دن تک علم کی دنیا میں ڈنکا بجتا ہے. جب تک آدمی کے دل میں ادب کی قدر ہے، تب تک کالیداس کا نام جیتا ہے. ہندو تمدن کے سورج کو چڑھنے اور آسمان کی چھت تک پہنچنے میں 12 صدیاں لگیں. اس کی روشنی سے ہندستان میں جگمگاہٹ اور پڑوس کے دیشوں میں نور پھیلا. پر دنیا کا قاعدہ ہے کہ جوار کے بعد بھاٹا، بڑھنے کے بعد گھٹنے کا وقت آتا ہے. اتار میں بھی سمے لگتا ہے. 600 ورش تک ہندو سبھیتا کو راجپوتوں نے جیتا رکھا. لیکن آخر میں راجپوتوں کی فرقہ‌بندیوں نے راج کی بنیادوں کو کھوکھلا کر دیا. ذات پانت کے بھید اتنے بڑھ گئے اور کٹر ہوگئے کہ سماج میں شکتی باقی نہیں رہی. متوں کے بکھیڑوں اور کرم‌کانڈ کے جنجال سے آدمی گھبرا اٹھے. برہما اور جین، وشنو، شیو اور شاکت کے پجاری ایک دوسرے کے بیری ہوگئے. تاریخ نے ہندو سبھیتا کا ورق اُلٹ دیا اور ہندستان میں ایک نئے دور کی شروعات ہوئی.

پہلے تو عربوں نے سندھ کی وادی میں ہندو تہذیب کی قوت کو آزمایا. پر اب بھی اِس میں جان باقی تھی. اِس نے کچھ جگہ تو چھوڑی لیکن عربوں کو بہت آگے نہ بڑھنے دیا. 300 ورش بعد افغانستان کی طرف سے ترکوں کے حملے شروع ہوئے اور بارھویں صدی کے آخیر تک اتری ہندستان راجپوتوں کے ہاتھوں سے نکل گیا. نئے قبیلوں، نئے دھرم اور نئے تمدن کا ہندستان میں داخلہ ہوا. راج پاٹ کی لالچ نے امیروں اور سرداروں، راجاؤں اور سامنتوں میں لڑائیاں کرائیں. لیکن اِسے اسلام اور ہندو دھرم کی لڑائی سمجھنا بڑی غلطی

अन्दर की सैर की तरफ़ झुकी थीं. सांस को रोक, ध्यान बांध, इन्द्रियों को क़ाबू में कर, कर्मों के अटल क़ानून, आवागमन के अटूट चक्कर से छुटकारा पाना, इसमें आदमी की ख़ैर समझते थे. इनकी ज़बान मुंह में क़लाबाज़ियां खाती थी, मुड़ती, तालु की छत को छूती, लहराती, अनोखी धुनें निकालती थी.

इन दोनों धारों के मिलने से जो सभ्यता पैदा हुई इसका वेदों और ब्राह्मनों में परछांवां दिखाई देता है. उसकी बुनियाद वह समाज थी, जो ज़ातों में बंटी हुई थी. उत्तरी हिन्दुस्तान में इस क़िस्म की कितनी ही समाजें थीं. हर एक का इन्तिज़ाम और राज अलग था और इनमें आपस में लाग डांट रहती थी. इन राज्यों में सूर्यवंशी और चन्द्रवंशी राजे हुकूमत करते थे. इन फ़िरक़ों में कौशलों और पौरवों का नाम सब से ज़्यादा मशहूर था. अयोध्या और हस्तिनापुर इनके तमद्दुन के गहवारे थे. राम और कृशन, जिन्हें आज भी हम प्रेम और भक्ति के साथ याद करते हैं, इस सभ्यता के आदर्श थे. इसकी कोख से दर्शन, फ़लसफ़ा के वह जवाहिर निकले जो उपनिशदों के अमर उपदेशों में जमा हैं और जिनकी ज्योति से हमारे दिलों में रोशनी है.

हज़ार डेढ़ हज़ार वर्श तक यह नदी बड़े जोश ख़रोश के साथ बहती रही. फिर इसकी चाल मद्धिम पड़ी, इसका निर्मल जल गन्दा होने लगा. महाभारत की भयानक लड़ाई के बाद इसकी तह घास फूस से भर गई. अब निराई की ज़रूरत हुई. वह लोग जिन्होंने इस तमद्दुन को तरक़्क़ी दी थी, पूरब और दक्खिन में फैल चुके थे. इनमें नये ख़ूनों की शुरूआत हो चुकी थी. पुरानी समाजें ज़माने की टक्करों से घिस चुकी थीं. पुराने राज मिट चुके थे. हिन्दुस्तान इन्क़लाब के लिये तैयार था. महावीर और गौतम बुद्ध ने पुरानी दुनिया को पलट दिया और उस नई दुनिया का सन्देश दिया, जिसकी ज़मीन नई और आसमान नया था. ईसा से 600 वर्श पहले वैदिक बुनियादों पर नई सभ्यता की इमारत बननी शुरू हुई. इसके हर खंड में नये और पुराने का मेल था. इसका मसाला एशिया और योरुप से इकट्ठा हुआ. ईरान, यूनान, और रोम, चीन, तूरान और ख़ुरासान से ईंट और चूना, लकड़ी और लोहा आया. इन सब मुल्कों से आदमियों के गिरोह के गिरोह ठट के ठट हिन्दुस्तान में आये, और यहां आकर बसे. हून और शक, कुशान और बख़्तरी, जाट और गूजर सब ने यहां पनाह ली. इनसे हिन्दुस्तानी क़बीलों की खींचतान हुई जिसका फल हिन्दू तहज़ीब के रूप में दिखाई दिया. इस ज़माने में मौर्यों, सतवाहनों और गुप्तों के साम्राज क़ायम हुए. पहली मर्तबा यह कोशिश हुई कि सारे देस को एक छत्र की छाया में लाया जाय. लेकिन देस का फैलाव बहुत था और फ़िरक़ों

اندر کی سیر کی طرف جھکی تھیں، سانس کو روک، دھیان باندھ، اندریوں کو قابو میں کر، کرموں کے اٹل قانون، آوا گمن کے اٹوٹ چکر سے چھٹکارا پانا، اِس میں آدمی کی خیر سمجھتے تھے. اِن کی زبان منہ میں قلابازیاں کھاتی تھی، مڑتی تالو کی چھت کو چھوتی، لہراتی، انوکھی دھنیں نکالتی تھی.

اِن دونوں دھاروں کے ملنے سے جو سبھیتا پیدا ہوئی اِس کا ویدوں اور براھمنوں میں پرچھاواں دکھائی دیتا ہے. اِس کی بنیاد وہ سماج تھی، جو ذاتوں میں بنٹی ہوئی تھی. اتری ہندستان میں اِس قسم کی کتنی ہی سماجیں تھیں. ہر ایک کا انتظام اور راج الگ تھا. اور اِن میں آپس میں لاگ ڈانٹ رہتی تھی. اِن راجیوں میں سوریہ ونشی اور چندرونشی راجے حکومت کرتے تھے. اِن فرقوں میں کوشلوں اور پوروں کا نام سب سے زیادہ مشہور تھا. ایودھیا اور ہستناپور اِن کے تمدن کے گہوارے تھے. رام اور کرشن، جنھیں آج بھی ہم پریم اور بھگتی سے یاد کرتے ہیں، اِس سبھیتا کے آدرش تھے. اِسکی کوکھ سے درشن، فلسفہ کے وہ جواہر نکلے جو اُپنشدوں کے امر اُپدیشوں میں جمع ہیں اور جن کی جیوتی سے ہمارے داوں میں روشنی ہے.

ہزار ڈیڑھ ہزار ورش تک یہ ندی بڑے جوش خروش کے ساتھ بہتی رہی. پھر اِسکی چال مدھم پڑی، اِسکا نرمل جل گندا ہونے لگا. مہا بھارت کی بھیانک لڑائی کے بعد اِس کی تہ گھاس پھوس سے بھر گئی. اب نرائی کی ضرورت ہوئی. وہ لوگ جنھوں نے اِس تمدن کو ترقی دی تھی، پورب اور دکھن میں پھیل چکے تھے. اِن میں نئے خونوں کی شروعات ہو چکی تھی. پرانی سماجیں زمانے کی ٹکروں سے گھس چکی تھیں. پرانے راج مٹ چکے تھے. ہندستان اِنقلاب کے لئے تیار تھا. مہاویر اور گوتم بدھ نے پرانی دنیا کو پلٹ دیا اور اِس نئی دنیا کا سندیش دیا، جسکی زمین نئی اور آسمان نیا تھا. عیسیٰ سے 600 ورش پہلے ویدک بنیادوں پر نئی سبھیتا کی عمارت بننی شروع ہوئی. اِس کے ہر کھنڈ میں نئے اور پرانے کا میل تھا. اِس کا مصالحہ ایشیا اور یورپ سے اکٹھا ہوا. ایران، یونان، اور روم، چین، تووان اور خراسان سے اینٹ اور چونا، لکڑی اور لوہا آیا. اِن سب ملکوں سے آدمیوں کے گروہ کے گروہ ٹھٹ کے ٹھٹ ہندستان میں آئے، اور یہاں آ کر بسے. ہن اور شک، کوشان اور بختری، جاٹ اور گوجر سب نے یہاں پناہ لی. اِن سے ہندستانی قبیلوں کی کھینچ تان ہوئی جس کا پھل ہندو تہذیب کے روپ میں دکھائی دیا. اِس زمانے میں مورِیوں، ست واہنوں اور گپتوں کے سامراج قائم ہوئے. پہلی مرتبہ یہ کوشش ہوئی کہ سارے دیس کو ایک چھتر کی چھایا میں لایا جائے. لیکن دیس کا پھیلاؤ بہت تھا اور فرقوں

हिन्दुस्तानी कलचर और नया समाज

هندستانی کلچر اور نیا سماج

डाक्टर ताराचन्द एम. ए., डी. फिल. (आक्सन)

ڈاکٹر تارا چند ایم . اے .، ڈی . فل . (آکسن)

हमारा देश पुरानी लकीरों को छोड़ कर नये रास्तों पर चल रहा है. यह राहें किधर जाती हैं, और हमें कहां ले जांयगी, हर एक के दिल में इसके समझने और जानने की ख्वाहिश है. पर हम अपने देश के आने वाले रूप को इस तरह जान सकते हैं जब गये ज़माने की तब्दीलियों को जानें. हमारे जीवन का झुकाव किस तरफ़ है, हमारे समाज का कैसा संगठन बनने वाला है, और इस समाज की सभ्यता किस ढङ्ग की होगी, इस सभ्यता की भाशा का कैसा रूप रंग होगा, इसके जानने के लिये हमें गुज़रे ज़माने की जांच करनी चाहिये.

आइये हिन्दुस्तान की तारीख़ के पन्नों पर निगाह डालें. पहले सफ़े पर हम देखते हैं कि आर्य क़बीले उत्तर पच्छिम की घाटियों से इस देश में घुस रहे हैं. वह पंजाब की नदियों के किनारे बस्तियां बसाते हैं, और गङ्गा, जमुना और सरस्वती की वादियों में फैल जाते हैं. उत्तरी हिन्दुस्तान में इनकी समाजें और राज क़ायम होते हैं. आर्यों और हिन्दुस्तान के पुराने निवासियों में लड़ाइयां होती हैं. लेकिन आख़िर में आर्य, द्राविड़ और मुन्डा नस्लें एक दूसरे में घुल मिल जाती हैं और इससे हिन्दुस्तान के पहले तमद्दुन की दारा-बेल पड़ती है.

इस तमद्दुन की ख़ूबी यह है कि इसमें सभ्यता की दो धारें इस तरह से मिल गयी हैं, जैसे गङ्गा और जमुना की नदियां. आर्यों की निगाह दुनिया के बाहरी रंग रूप पर मोहित थी—धन दौलत, दूध पूत की चाह इनकी तबीयतों को गुदगुदाती थी. यह मनचले बहादुर और लड़ाके लोग सच्चाई और निडरता को आदमी का असली जौहर मानते थे. गल्लाबानों की ज़िन्दगी बसर करते थे. दिल चौंचाल थे. हिम्मतें बढ़ी हुई थीं. यह न देवताओं से डरते थे, न आदमियों से दबते थे; हंसमुख, खुले दिल और आज़ाद थे. नाच गाने के शौक़ीन थे. देवी देवताओं के भजन और गीत बनाते और गाते थे. इनकी भाशा करारी पर लचकदार और रसीली थी. इनके ख्याल में गहराई और दिलेरी थी.

हिन्दुस्तान के पुराने निवासी खेती का पेशा करते थे. इनके मिज़ाज में नरमी और ज़माने के थप्पड़ों को सहने की आदत थी. इस दुखभरी दुनिया से मुंह मोड़, आंखें

ہمارا دیش پرانی لکیروں کو چھوڑ کو نئے راستوں پر چل رہا ہے . یہ راہیں کدھر جاتی ہیں، اور ہمیں کہاں لے جائیں گی، ہر ایک کے دل میں اِس کے سمجھنے اور جاننے کی خواہش ہے . پر ہم اپنے دیش کے آنے والے روپ کو اِس طرح جان سکتے ہیں جب گئے زمانے کی تبدیلیوں کو جانیں . ہمارے جیون کا جھکاؤ کس طرف ہے، ہمارے سماج کا کیسا سنگٹھن بننے والا ہے، اور اِس سماج کی سبھیتا کس ڈھنگ کی ہوگی ، اِس سبھیتا کی بھاشا کا کیسا روپ رنگ ہوگا، اِس کے جاننے کے لئے ہمیں گذرے زمانے کی جانچ کرنی چاہئے .

آیئے ہندستان کی تاریخ کے پنّوں پر نگاہ ڈالیں . پہلے صفحے پر ہم دیکھتے ہیں کہ آریہ قبیلے اتر پچھم کی گھاٹیوں سے اس دیش میں گھس رہے ہیں . وہ پنجاب کی ندیوں کے کنارے بستیاں بساتے ہیں، اور گنگا، جمنا اور سرسوتی کی وادیوں میں پھیل جاتے ہیں . اتری ہندستان میں اِن کی سماجیں اور راج قائم ہوتے ہیں . آریوں اور ہندستان کے پرانے نواسیوں میں لڑائیاں ہوتی ہیں . لیکن آخر میں آریہ، دراوڑ اور منڈا نسلیں ایک دوسرے میں گھل مل جاتی ہیں اور اس سے ہندستان کے پہلے تمدن کی داغ بیل پڑتی ہے .

اِس تمدن کی خوبی یہ ہے کہ اِس میں سبھیتا کی دو دھاریں اِس طرح سے مل گئی ہیں، جیسے گنگا اور جمنا کی ندیاں . آریوں کی نگاہ دنیا کے باہری رنگ روپ پر موہت تھی—دھن دولت، دودھ پوت کی چاہ ان کی طبیعتوں کو گدگداتی تھی . یہ منچلے بہادر اور لڑاکے لوگ سچائی اور نڈرتا کو آدمی کا اصلی جوہر مانتے تھے . گئو بانوں کی زندگی بسر کرتے تھے . دل چونچال تھے . ہمتیں بڑھی ہوئی تھیں . یہ نہ دیوتاؤں سے ڈرتے تھے، نہ آدمیوں سے دبتے تھے؛ ہنس مکھ، کھلے دل اور آزاد تھے . ناچ گانے کے شوقین تھے . دیوی دیوتاؤں کے بھجن اور گیت بناتے اور گاتے تھے. اِن کی بھاشا کراری پر لچک دار اور رسیلی تھی . اِن کے خیال میں گہرائی اور دلیری تھی .

ہندستان کے پرانے نواسی کھیتی کا پیشہ کرتے تھے . اِن کے مزاج میں نرمی اور زمانے کے تھپیڑوں کو سہنے کی عادت تھی . اِس دکھ بھری دنیا سے منہ موڑ، آنکھیں

है. उस बेअन्त से इन्कार का नाम ही नास्तिकता है. यही हमारी महदूद हस्ती है.

यूरोप के एक विद्वान ने कहा है कि :—

"किसी मजहब के अनोखेपन या खुसूसियत को समझना हो तो उन चीजों से नहीं समझना चाहिये जो उस मजहब में दूसरे मजहबों से मिलती हुई हैं. बल्कि उस चीज से समझना चाहिये जो उन मिलती जुलती चीजों के ऊपर उस मजहब की अपनी खास मुहर है." बात सच है और जाहिर है. अगर हम हर मजहब के अनोखेपन को ही समझना चाहें तो सचमुच हमें सब मजहबों को टटोलकर देखना चाहिये और मजहब मजहब के फ़र्क़ पर ही जोर देना चाहिये, एक सी बातों पर नहीं. पर क्या सचमुच हमें इसकी जरूरत है? क्या यह अच्छा है? क्या इससे फ़ायदा है? क्या इससे दुनिया का भला हो सकता है? हर आदमी का रूप रंग हर दूसरे आदमी से अलग होता है. उठना बैठना और सोचने के तरीक़े भी अलग अलग होते हैं. हर कुनबे का अपना अपना ढंग होता है—हर क़ौम का, हर क़बीले का. बहुत सी बातों में सब एक दूसरे से अलग अलग होते हैं. पर क्या इन अलग अलग बातों पर जोर देना जरूरी है और मुफ़ीद है? क्या यह काफी नहीं है कि हम इन अलग अलग फ़र्क़ों को सिर्फ़ समझ लें और गवारा कर लें? हर आदमी की आवाज अलग होती है जिस से वह अंधेरे में भी पहचाना जा सकता है. इसलिये अगर दो आदमी एक ही बात कहें तो क्या हम उनकी आवाजों के फ़र्क़ की वजह से इस बात को मानने से इन्कार कर दें कि उन दोनों का मतलब एक ही है? दुनिया की आजकल की हालत में क्या इसकी जरूरत नहीं है कि हम फ़र्क़ों को बिल्कुल मिटाने की कोशिश किये बग़ैर उन्हें जहां तक हो सके नर्म करने की कोशिश करें. बिल्कुल मिटाने की कोशिश करना तो क़ुदरत के भी खिलाफ़ होगा क्योंकि क़ुदरत के अन्दर कसरत में वहदत और अनेकता में ही एकता है. पर क्या मैं और तू, मेरा कुनबा, मेरी नस्ल, मेरा क़बीला, मेरी क़ौम और मेरे रंग के लोग, यह सब आवाजें हद से ज्यादा नहीं बढ़ चुकी हैं? क्या अब इस बात की जरूरत नहीं है कि हम अपनी मुश्तरका इन्सानियत पर जोर दें, यह समझें कि हम सब इन्सान हैं, सब आदम की औलाद हैं? कसरत में वहदत देखने का यही एक तरीक़ा है. इसी निगाह को जगाने और बढ़ाने से समाज, समाजी जिन्दगी, सच्चा समाजवाद और इन्सानी भाईचारा मुमकिन हो सकते हैं. सूफ़ी कहता है :—

"जिस किसी के दिल में सच्चा कुफ़्र पैदा हो गया वह फिर इस ऊपर के इस्लाम से बेजार हो गया. उसे उसकी जरूरत नहीं रही."

ہے . اس پے انت سے انکار کا نام ہی ناستکتا ہے . یہی ہماری محدود ہستی ہے .

یورپ کے ایک ودوان نے کہا ہے کہ :—

" کسی مذہب کے انوکھے پن یا خصوصیت کو سمجھنا ہو تو ان چیزوں سے نہیں سمجھنا چاہئے جو اس مذہب میں دوسرے مذہبوں سے ملتی ہوئی ہیں . بلکہ اس چیز سے سمجھنا چاہئے جو ان ملتی جلتی چیزوں کے اوپر اس مذہب کی اپنی خاص مہر ہے ." بات سچ ہے اور ظاہر ہے . اگر ہم ہر مذہب کے انوکھےپن کو ہی سمجھنا چاہیں تو سچ مچ ہمیں سب مذہبوں کو ٹٹول کر دیکھنا چاہئے اور مذہب مذہب کے فرق پر ہی زور دینا چاہئے' ایک سی باتوں پر نہیں . پر کیا سچ مچ ہمیں اس کی ضرورت ہے؟ کیا یہ اچھا ہے؟ کیا اس سے فائدہ ہے؟ کیا اس سے دنیا کا بھلا ہو سکتا ہے؟ ہر آدمی کا روپ رنگ ہر دوسرے آدمی سے الگ ہوتا ہے . اٹھنا بیٹھنا اور سوچنے کے طریقے بھی الگ الگ ہوتے ہیں . ہر کنبے کا اپنا اپنا ڈھنگ ہوتا ہے—ہر قوم کا' ہر قبیلے کا . بہت سی باتوں میں سب ایک دوسرے سے الگ الگ ہوتے ہیں . پر کیا ان الگ الگ باتوں پر زور دینا ضروری ہے اور مفید ہے؟ کیا یہ کافی نہیں ہے کہ ہم ان الگ الگ فرقوں کو صرف سمجھ لیں اور گوارا کر لیں؟ ہر آدمی کی آواز الگ ہوتی ہے جس سے وہ اندھیرے میں بھی پہچانا جا سکتا ہے . اس لئے اگر دو آدمی ایک ہی بات کہیں تو کیا ہم ان کی آوازوں کے فرق کی وجہ سے اس بات کو ماننے سے انکار کر دیں کہ ان دونوں کا مطلب ایک ہی ہے؟ دنیا کی آج کل کی حالت میں کیا اس کی ضرورت نہیں ہے کہ ہم فرقوں کو بالکل مٹانے کی کوشش کئے بغیر انہیں جہاں تک ہو سکے نرم کرنے کی کوشش کریں . بالکل مٹانے کی کوشش کرنا تو قدرت کے بھی خلاف ہوگا کیونکہ قدرت کے اندر کثرت میں وحدت اور انیکتا میں ہی ایکتا ہے . پر کیا میں اور تو' میرا کنبہ' میری نسل' میرا قبیلہ' میری قوم اور میرے رنگ کے لوگ' یہ سب آوازیں حد سے زیادہ نہیں بڑھ چکی ہیں؟ کیا اب اس بات کی ضرورت نہیں ہے کہ ہم اپنی مشترکہ انسانیت پر زور دیں' یہ سمجھیں کہ ہم سب انسان ہیں' سب آدم کی اولاد ہیں؟ کثرت میں وحدت دیکھنے کا یہی ایک طریقہ ہے . اسی نگاہ کو جگانے اور بڑھانے سے سماج' سماجی زندگی' سچا سماج واد اور انسانی بھائی چارہ ممکن ہو سکتے ہیں . صوفی کہتا ہے :—

" جس کسی کے دل میں سچا کفر پیدا ہو گیا وہ پھر اس اوپر کے اسلام سے بیزار ہوگیا . اوسے اس کی ضرورت نہیں رہی ."

यह फ़रेब ठीक उलटा है इस ऊंची सच्चाई का, इस बुलन्द ख़याली का कि सब सच्चाई, सब नेकी और सब सुन्दरता उसी एक आत्मा, परम आत्मा या रूहे कुल में हैं जो असल 'मैं' हूं. सचमुच यह असल "मैं" ही दुनिया को बचा सकता है. इस ऊंची घट घट व्यापी "मैं" का मज़हब ही अकेला सच्चा मज़हब है. लेकिन यह "मैं" और यह मज़हब तो सब मज़हबों के अन्दर फैला हुआ है. सब इसी से क़ायम हैं. इसी के कारन यह सब मज़हब आदमी के मददगार बन सकते हैं. यही सब में सुलह कराने वाली चीज़ है. यही सब को बांधने वाला सुनहरा धागा है. यह न हो तो सब टुकड़े टुकड़े हो जावें. इसी को तो जगाना और जानना है. घट घट के अन्दर व्यापक आत्मा से बड़ी और कौन चीज़ हो सकती है. यही तो "मैं" है. यही तो "मैं" हूं. इसी के अन्दर तो सारी दुनिया है. हमारी इस छोटी ख़ुदी से ज़्यादा छोटी कौन सी चीज़ हो सकती है जो मन दो मन हाड़ मांस तक महदूद है और बराबर जन्म, मरन, जवानी और बुढ़ापा, सेहत और बीमारी के चक्करों में फंसी रहती है. फिर भी यह छोटी सी ख़ुदी उस बेअन्त लामहदूद आत्मा को अपनी बालिश्त से नापने की कोशिश करती है! उसकी यह कोशिश भी ठीक ही तो है क्योंकि आख़िर असलियत में यह वही है.

हमारी आत्मा हमारे सब अलग अलग मज़हबों से ऊपर और बड़ी है. यह इस बात से भी साबित है कि हर आदमी चाहे वह बड़ा विद्वान हो और चाहे बिल्कुल अनपढ़, जब चाहे अपनी अन्दर की आवाज़ पर अपना ऊपरी मज़हब बदल सकता है और बदलता रहता है और उसकी जगह जिस मज़हब को चाहे अख़्तयार कर सकता है. इस से ज़ाहिर है कि उसके अन्दर कोई चीज़ ऐसी है जो सब अलग अलग मज़हबों से ऊंची और बालातर है. एक सूफ़ी ने कहा है :—

चूं हक़ीक़त रा मुजव्वज़ हम तुई
ऐन हक़ ईनस्त ऐनुलहक़ तुई

यानी—चूंकि असलियत को पहचानने वाला तुही है इसलिये ऐन सच यही है कि असली सच्चाई भी तुही है.

सूफ़ी कहता है कि "उम्मुलकिताब" यानी "सब किताबों की वह मां जो अल्लाह के पास बताई जाती है आदमी की रूह ही है."

असल असलियत को समझने में यानी असल आत्मा को पहचानने में आदमी ग़लती इसलिये करता है कि उसने अपने को इस धोके में डाल रक्खा है कि वह यही मुट्ठी भर हाड़, मांस और ख़ून की पोटली है. बेअन्त यानी लामहदूद को महदूद बनाकर वह महदूद को लामहदूद बनाने की कोशिश करता है. ख़ुदा का उल्टा ही ख़ुदी यानी शैतान है. ब्रह्म से इन्कार ही जीव है. सच्चाई की घटिया नक़ल झूट

یہ فریب ٹھیک اُلٹا ہے اِس اُونچی سچائی کا، اِس بلند خیالی کا کہ سب سچائی، سب نیکی اور سب سندرتا اُسی ایک آتما، پرم آتما یا روح کل میں ہیں جو اصل 'میں' ہوں. سچ مچ یہ اصل "میں" ہی دنیا کو بچا سکتا ہے. اِس اُونچی گھٹ گھٹ ویاپی "میں" کا مذہب ہی اکیلا سچا مذہب ہے. لیکن یہ "میں" اور یہ مذہب تو سب مذہبوں کے اندر پھیلا ہوا ہے. سب اِسی سے قائم ہیں. اِسی کے کارن یہ سب مذہب آدمی کے مددگار بن سکتے ہیں. یہی سب میں صلح کرانے والی چیز ہے. یہی سب کو باندھنے والا سنہرا دھاگا ہے. یہ نہ ہو تو سب ٹکڑے ٹکڑے ہوجاویں. اِسی کو تو جگانا اور جاننا ہے. گھٹ گھٹ کے اندر ویاپک آتما سے بڑی اور کون چیز ہو سکتی ہے. یہی تو "میں" ہے. یہی تو "میں" ہوں. اِسی کے اندر تو ساری دنیا ہے. ہماری اُس چھوٹی خودی سے زیادہ چھوٹی کون سی چیز ہو سکتی ہے جو من دو من ہاڑ مانس تک محدود ہے اور برابر جنم، مرن، جوانی اور بڑھاپا، صحت اور بیماری کے چکروں میں پھنسی رہتی ہے. پھر بھی یہ چھوٹی سی خودی اُس پرانت لامحدود آتما کو اپنی بالشت سے ناپنے کی کوشش کرتی ہے! اُسکی یہ کوشش بھی ٹھیک ہی تو ہے کیونکہ آخر اصلیت میں یہ وہی ہے.

ہماری آتما ہمارے سب الگ الگ مذہبوں سے اوپر اور بڑی ہے. یہ اس بات سے بھی ثابت ہے کہ ہر آدمی چاہے وہ بڑا وِدوان ہو اور چاہے بالکل اَن پڑھ، جب چاہے اپنی اندر کی آواز پر اپنا اوپری مذہب بدل سکتا ہے اور بدلتا رہتا ہے اور اُسکی جگہ جس مذہب کو چاہے اختیار کر سکتا ہے. اِس سے ظاہر ہے کہ اُس کے اندر کوئی چیز ایسی ہے جو سب الگ الگ مذہبوں سے اونچی اور بالاتر ہے. ایک صوفی نے کہا ہے :—

چوں حقیقت را مجوز ہم توئی
عین حق اینست عین الحق توئی

یعنی—چونکہ اصلیت کو پہچاننے والا تو ہی ہے اِس لئے عین سچ یہی ہے کہ اصلی سچائی بھی تو ہی ہے.

صوفی کہتا ہے کہ "اُم الکتاب" یعنی "سب کتابوں کی وہ ماں جو اللہ کے پاس بتائی جاتی ہے آدمی کی روح ہی ہے."

اصل اصلیت کو سمجھنے میں یعنی اصل آتما کو پہچاننے میں آدمی غلطی اس لئے کرتا ہے کہ اُس نے اپنے کو اس دھوکے میں ڈال رکھا ہے کہ وہ یہی مٹھی بھر ہاڑ، مانس اور خون کی پوٹلی ہے. پرانت یعنی لامحدود کو محدود بناکر وہ محدود کو لامحدود بنانے کی کوشش کرتا ہے. خدا کا اُلٹا ہی خودی یعنی شیطان ہے. برہم سے انکار ہی جیو ہے. سچائی کی گھٹیا نقل جھوٹ

सब को दबाना या मिटाना ज़रूरी है !" यह लोग इस खुली सच्चाई को भूल जाते हैं कि सबके जिस्म एक प्रकृति या माद्दे के बने हुए हैं और सब की आत्माएं या रूहें एक ही परम आत्मा या रूहे कुल से निकली हैं.

अलग अलग मज़हबों के मानने वालों के इस झूटे दावे के पीछे एक गहरी सच्चाई छिपी है. हर मज़हब में कुछ आम बुनियादी बातें होती हैं और कुछ न कुछ ख़ास बात भी होती है. हर मज़हब किसी न किसी एक ख़ास सच्चाई या एक ख़ास नेकी या ख़ास तरह के नेक काम पर ज़ोर देता है और दूसरी सच्चाइयों, दूसरी नेकियों और दूसरे अच्छे कामों की निस्बत उसे बढ़ कर बताता है. यह बात आम तौर पर उस ख़ास देश, उस ख़ास ज़माने या उन ख़ास हालात की बजह से होती है जिनमें वह मज़हब जन्म लेता है. मिसाल के लिये वैदिक धर्म में घट घट में रहने वाली एक आत्मा, और अलग अलग लोगों के अलग अलग फ़र्जों के अनुसार समाज का संगठन करने पर ज़ोर दिया गया है. यहूदी धर्म में ईश्वर के कड़े इन्साफ़ और ईश्वर में विश्वास करने वाले लोगों की रक्षा पर ज़ोर दिया गया है. पार्सी धर्म में पाकीज़गी, सच्चाई और ईमान्दारी पर ज़ोर दिया गया है. बौद्ध धर्म में त्याग और दया पर, ईसाई धर्म में बुराई का बदला बुराई से न देने पर, और दूसरों के लिये अपने को क़ुर्बान करने पर, इसलाम में सब इन्सानों की बराबरी और भाईचारे पर और ज़ुल्म का मुक़ाबिला करने पर वग़ैरा वग़ैरा. लेकिन धीरे धीरे सब मज़हबों की यह ख़ास बातें एक अजीब शकल अख़्तयार कर लेती हैं और हर मज़हब के लोग यह मानने लगते हैं कि उनके मज़हब को क़ायम करने वाला महापुरुश ही आदमी और ख़ुदा के बीच में सिफ़ारिश करने वाला या नाता जोड़ने वाला हो सकता है. जिस आदमी की वह सिफ़ारिश करदे वही निजात पायेगा और कोई निजात नहीं पा सकता और न कोई सिफ़ारिश कर सकता है.

जब आदमी "मेरा मज़हब" कहता है तो उसके इस कहने में एक और सच्चाई छिपी होती है जिसे अगर वह जान जावे तो वह सच्चाई ही उसके तांबे को पारस की तरह छू कर सोना कर दे. आपसी झगड़े की जगह आदमी फिर बड़ी से बड़ी शान्ति के मैदान में पहुंच जावे. "मेरा मज़हब" का मतलब है "मैं का मज़हब, आत्मा का मज़हब, उसी आत्मा का जो सबके अन्दर है, यानी परम आत्मा का या रूहे कुल का मज़हब."

"मेरा मज़हब ही अकेला सच्चा मज़हब है, जोमैं मानता हूं वही ठीक है, जो मैं करता हूं वही ठीक अमल है," मामूली तौर पर यह ज़बरदस्त धोका, यह झूटा घमन्ड, यह पागलपन, आदमी की छोटी ख़ुदी का यह माया जाल,

سب کو دبانا یا مٹانا ضروری ہے !" یہ لوگ اِس کھلی سچائی کو بھول جاتے ہیں کہ سب کے جسم ایک پرکرتی یا مادے کے بنے ہوئے ہیں اور سب کی آتمائیں یا روحیں ایک ہی پرم آتما یا روح کل سے نکلی ہیں .

الگ الگ مذہبوں کے ماننے والوں کے اِس جھوٹے دعوی کے پیچھے ایک گہری سچائی چھپی ہے . ہر مذہب میں کچھ عام بنیادی باتیں ہوتی ہیں اور کچھ نہ کچھ خاص بات بھی ہوتی ہے . ہر مذہب کسی نہ کسی ایک خاص سچائی یا ایک خاص نیکی یا خاص طرح کے نیک کام پر زور دیتا ہے اور درسری سچائیوں، دوسری نیکیوں اور دوسرے اچھے کاموں کی نسبت اُسے بڑھکر بتاتا ہے. یہ بات عام طور پر اُس خاص دیش، اُس خاص زمانے یا اُن خاص حالات کی وجہ سے ہوتی ہے جن میں وہ مذہب جنم لیتا ہے . مثال کے لئے ویدک دھرم میں گھٹ گھٹ میں رہنے والی ایک آتما، اور الگ الگ لوگوں کے الگ الگ فرضوں کے انوسار سماج کا سنگٹھن کرنے پر زور دیا گیا ہے . یہودی دھرم میں ایشور کے کڑے اِنصاف، اور ایشور میں وشواس کرنے والے لوگوں کی رکشا پر زور دیا گیا ہے . پارسی دھرم میں پاکیزگی، سچائی اور ایمانداری پر زور دیا گیا ہے . بودھ دھرم میں تیاگ اور دیا پر، عیسائی دھرم میں برائی کا بدلہ برائی سے نہ دینے پر، اور دوسروں کے لئے اپنے کو قربان کرنے پر، اِسلام میں سب اِنسانوں کی برابری اور بھائی چارے پر اور ظلم کا مقابلہ کرنے پر وغیرہ وغیرہ . لیکن دھیرے دھیرے سب مذہبوں کی یہ خاص باتیں ایک عجیب شکل اختیار کرلیتی ہیں اور ہر مذہب کے لوگ یہ ماننے لگتے ہیں کہ اُن کے مذہب کو قائم کرنے والا مہاپرش ہی آدمی اور خدا کے بیچ میں سفارش کرنے والا یا ناتا جوڑنے والا ہوسکتا ہے . جس آدمی کی وہ سفارش کردے وہی نجات پائیگا اور کوئی نجات نہیں پاسکتا اور نہ کوئی سفارش کرسکتا ہے .

جب آدمی "میرا مذہب" کہتا ہے تو اُس کے اِس کہنے میں ایک اور سچائی چھپی ہوتی ہے جسے اگر وہ جان جاوے تو وہ سچائی ہی اُس کے تانبے کو پارس کی طرح چھوکر سونا کردے . آپسی جھگڑے کی جگہ آدمی پھر بڑی سے بڑی شانتی کے میدان میں پہونچ جاوے . "میرا مذہب" کا مطلب ہے "میں کا مذہب، آتما کا مذہب، اُسی آتما کا جو سب کے اندر ہے، یعنی پرم آتما کا یا روح کل کا مذہب ."

"میرا مذہب ہی اکیلا سچا مذہب ہے، جو میں مانتا ہوں وہی ٹھیک ہے، جو میں کرتا ہوں وہی ٹھیک عمل ہے ." معمولی طور پر یہ زبردست دھوکا، یہ جھوٹا گھمنڈ، یہ پاگل پن، آدمی کی چھوٹی خودی کا یہ مایا جال،

इन्सानी भाईचारे का असली रास्ता

اِنسانی بھائی چارے کا اصلی راستہ

डाक्टर भगवानदास

पिछले लेखों में हम दिखा चुके हैं कि दुनिया के अलग अलग मज़हबों में बहुत सी बुनियादी बातें एक सी हैं. मज़हबों की इन मिलती जुलती बातों में अच्छी बातें भी हैं और बुरी बातें भी. अच्छी बातों की बहुत सी मिसालें हम दे चुके हैं. बुरी बातों की एक ख़ास मिसाल यह है कि हर मज़हब कुछ दिनों चल कर सैकड़ों फ़िरक़ों, साम्प्रदायों और जमातों में बंट जाता है. इस का कारन आदमी के अन्दर की वह कमज़ोरी है जिसे हम 'ख़ुदी' कहते हैं और जो धर्म मज़हब में भी अपना रंग लाए बिना नहीं रहती. हर एक अपनी ही राय को ठीक समझता है. लोगों के आपसी झगड़े भी इन फ़िरक़ों और साम्प्रदायों के बनने में बहुत बड़ा हिस्सा लेते हैं. इससे भी अधिक बुरी एक बात यह है कि हर मज़हब के अन्दर तरह तरह के गुप्त यानी ख़ुफ़िया फ़िरक़े इस तरह के भी पैदा हो जाते हैं जिन्हें जादू, वाम मार्ग और शैतानी ताक़तों की पूजा कहकर बयान किया जा सकता है और किया जाता है. इस तरह की साम्प्रदायों में कहीं कहीं गंदी रस्में भी चल पड़ी हैं. यहां तक कि देवी देवताओं के नाम पर आदमी की क़ुर्बानी और मासूम बच्चों का क़त्ल तक होने लगता है. इस तरह के फ़िरक़ों और रिवाजों की तरफ़ हमें बराबर निगाह रखनी चाहिये और उनसे लड़ना चाहिये. हर रोशनी के पीछे कहीं न कहीं गहरा साया भी होता है. सुन्दर से सुन्दर आदमी या जानवर अपने जिस्म से गंदगी और मल मूत्र भी निकालता है. अच्छी से अच्छी मशीन कहीं न कहीं राख, फ़ज़ुला और गंदगी भी बाहर फेंकती है. इस तरह की चीज़ों का हमेशा साफ़ करते रहने, पोंछते रहने और धोते रहने की ज़रूरत होती है.

हर मज़हब जब अपनी असल ऊंचाई से गिर जाता है और झूटे मुल्ला, पुरोहितों और गुमराह करने वाले ख़ुदग़र्ज़ रहनुमाओं के हाथों में पड़ जाता है तो उसके मानने वालों में से हर एक यह कहने लगता है कि:—"एक मेरा मज़हब ही सच्चा मज़हब है, यही एक असली और पुराना धर्म है. कम से कम मेरा यह धर्म और सब से कहीं अच्छा है. मेरे मज़हब के मानने वाले ही धरमात्मा और मोमिन हैं और धर्मों के मानने वाले मलेछ, काफ़िर और पेगन हैं, और उन

ڈاکٹر بھگوان داس

हिन्दुओं में एक खास रिवाज जाति भेद यानी जातों की तक़सीम का है. समझा जाता है कि किसी दूसरे धर्म में इस तरह की कोई चीज नहीं है. यह बात एक दरजे तक ठीक है और एक दरजे तक ग़लत. दुनिया की हर सभ्यता का किसी न किसी धर्म से सम्बन्ध रहा है और हर सभ्यता में जाति भेद के बीज और उसकी कुछ न कुछ अलामतें मिलती हैं. क्योंकि इस तरह की तक़सीम इन्सान के स्वभाव में शामिल है. हिन्दू धर्म में इसी चीज ने एक साफ़ साफ़ और खास रूप धारन कर लिया. लोगों के माल जायदाद के लिये, घरेलू जीवन को ठीक ठीक चलाने के लिये, लोगों की रक्षा के लिये, आदमी आदमी के बीच इन्साफ़ के लिये और सारे समाज को ठीक रास्ते पर रखने के लिये सब धर्मों में कुछ न कुछ क़ायदे क़ानून या नियम रहे हैं और हर धर्म ने उन पर अपने लोगों से अमल कराया है. इन्हीं से तरह तरह के रीत रिवाज पैदा होते हैं. इसी काम के लिये वैदिक धर्म ने समाज का एक ऐसा ढांचा तैयार कर दिया जिसमें इन्सान और समाज दोनों की यह सब जरूरतें पूरी हो सकें. यही ढांचा हिन्दुओं का जाति भेद है.

यह मजमून इतना गहरा है कि इसे ज़रा और विस्तार से देखना होगा. इन्सानी समाज को शुरू से सबसे बड़ी जरूरत ख़ूराक की होती है. ख़ूराक दो तरह की—एक रूहानी यानी आत्मा की ख़ूराक और दूसरी जिस्मानी यानी शरीर की ख़ूराक. समाज के सामने हमेशा सबसे बड़ा

ہندو جات پات کی اصلیت' اُس کا برا روپ اور علاج

(ڈاکٹر بھگوان داس)

جاتی بھید کی بنیاد

ہندؤں میں ایک خاص رواج جاتی بھید یعنی جاتوں کی تقسیم کا ہے . سمجھا جاتا ہے کہ کسی دوسرے دھرم میں اس طرح کی کوئی چیز نہیں ہے . یہ بات ایک درجے تک ٹھیک ہے اور ایک درجے تک غلط . دنیا کی ہر سبھیتا کا کسی نہ کسی دھرم سے سمبندھ رہا ہے اور ہر سبھیتا میں جاتی بھید کے بیج اور اُس کی کچھ نہ کچھ علامتیں ملتی ہیں . کیونکہ اِس طرح کی تقسیم انسان کے سبھاؤ میں شامل ہے . ہندو دھرم میں اسی چیز نے ایک صاف صاف اور خاص روپ دھارن کرلیا . لوگوں کے مال جایداد کے لئے' گھریلو جیون کو ٹھیک چلانے کے لئے' لوگوں کی رکشا کے لئے' آدمی آدمی کے بیچ انصاف کے لئے اور سارے سماج کو ٹھیک راستے پر رکھنے کے لئے سب دھرموں میں کچھ نہ کچھ قاعدے قانون یا نیم رہے ہیں اور ہر دھرم نے اُن پر اپنے لوگوں سے عمل کرایا ہے . انہیں سے طرح طرح کے ریت رواج پیدا ہوتے ہیں . اسی کام کے لئے ویدک دھرم نے سماج کا ایک ایسا ڈھانچہ تیار کردیا جس میں انسان اور سماج دونوں کی یہ سب ضرورتیں پوری ہوسکیں . یہی ڈھانچہ ہندؤں کا جاتی بھید ہے .

یہ مضمون اتنا گہرا ہے کہ اسے ذرا اور وستار سے دیکھنا ہوگا . انسانی سماج کو شروع سے سب سے بڑی ضرورت خوراک کی ہوتی ہے . خوراک دو طرح کی—ایک روحانی یعنی آتما کی خوراک اور دوسری جسمانی یعنی شریر کی خوراک . سماج کے سامنے ہمیشہ سب سے بڑا

नया हिन्द

हिन्दुस्तानी कलचर सोसाइटी

का

माहवारी परचा

दिसम्बर 1954

نیا هند

هندستانی کلچر سوسائٹی

ماهواری پرچا

دسمبر

क्या किस से	सफ़ा صفحہ		کیا کس سے
1. हिन्दू जात पात की असलियत, उसका बुरा रूप और इलाज—डाक्टर भगवानदास	... 263	...	ہندو جات پات کی اصلیت، اُس کا برا روپ اور علاج —ڈاکٹر بھگوان داس
2. ड्—मदन गोपाल	... 285	...	ڈ—مدن گوپال
3. दान की अर्थ नीति—विश्वम्भरनाथ पांडे	... 294		دان کی ارتھ نیتی—وشومبھر ناتھ پانڈے
4. कुछ चीनी छोटी कहानियां—लेखक फैंग शूए फैंग; अनुवादक—सुन्दरलाल	... 300	...	کچھ چینی چھوٹی کہانیاں—لیکھک فینگ شوئے فینگ؛ انوادک—سندر لال
5. बिहार के दिल की गहराई में—सुरेशराम भाई	... 308	...	بہار کے دل کی گہرائی میں—سریش رام بھائی
6. हमारी राय— डाक्टर राम मनोहर लोहिया का भाशन—सुन्दरलाल एक वैज्ञानिक की आह—सुरेशराम भाई.	... 321	...	ہماری رائے— ڈاکٹر رام منوہر لوہیا کا بھاشن—سندر لال ایک ویگیانک کی آہ—سریش رام بھائی
7. कुछ किताबें	... 334	...	کچھ کتابیں

कीमत—हिन्तुस्तान में छै रुपया साल, बाहर दस रुपया साल, एक परचा—दस आने.

मैनेजर
'नया हिन्द'
146, मुट्ठीगंज, इलाहाबाद-3

قیمت—ہندستان میں چھ روپیہ سال، باہر دس روپیہ سال، ایک پرچہ—دس آنے،

مینیجر
'نیا ہند'
145، متھی گنج، الہ آباد-3

नया हिन्द

نیا ہند

एडीटर— ताराचंद, भगवानदीन, सैयद महमूद, विश्वम्भरनाथ पांडे, सुन्दरलाल
ایڈیٹر— تارا چند، بھگوان دین، سید محمود، وشوبھر ناتھ پانڈے، سندرلال

नायब एडीटर— सुरेश रामभाई, मुजीब रिज़वी
نائب ایڈیٹر— سریش رام بھائی، مجیب رضوی

Osmania University Library,
HYDERABAD (DECCAN)
25 JAN 1955

इस नम्बर के खास लेख

★ जात पात की असलियत, उसका बुरा रूप और इलाज—डाक्टर भगवानदास
★ दान की अर्थ नीति—विश्वम्भरनाथ पांडे
★ कुछ चीनी छोटी कहानियां—लेखक फ़ैंग शूए फ़ैंग; अनुवादक—सुन्दरलाल
★ बिहार के दिल की गहराई में—सुरेश रामभाई

हमारी राय

★ डाक्टर राम मनोहर लोहिया का भाशन—सुन्दरलाल

اِس نمبر کے خاص لیکھ

★ ہندی جات پات کی اصلیت، اُس کا برا روپ اور علاج —ڈاکٹر بھگوان داس
★ دان کی ارتھ نیتی—وشوبھر ناتھ پانڈے
★ کچھ چینی چھوٹی کہانیاں—لیکھک فینگ شئو فینگ؛ انوادک—سندر لال
★ بہار کے دل کی گہرائی میں—سریش رام بھائی

ہماری رائے

★ ڈاکٹر رام منوہر لوہیا کا بھاشن—سندر لال

हिन्दुस्तानी कलचर सोसाइटी, इलाहाबाद
ہندستانی کلچر سوسائٹی الہ آباد

दिसम्बर 1954 دسمبر

कीमत दस आना
قیمت دس آنہ

हमारे यहां मिलने वाली कुछ और किताबें

نوٹ :—یہ کتابیں صرف ہندی میں ہیں ۔

नोटः—यह किताबें सिर्फ हिन्दी में हैं.

नाम किताब	लेखक	दाम			لیکھک	نام کتاب
1. शेर ओ शायरी	श्री अयोध्या प्रसाद गोयलीय	8	0	0	شری ایودھیا پرساد گوئیلی	1. شعر و شاعری
2. शेर ओ सुखन	,,	8	0	0	,,	2. شعر و سخن
3. गहरे पानी पैठ	,,	2	8	0	,,	3. گہرے پانی پیٹھ
4. हमारे आराध्य	श्री बनारसीदास चतुर्वेदी	3	0	0	شری بنارسی داس چترویدی	4. ہمارے آرادھیہ
5. संस्मरण	,,	3	0	0	,,	5. سنس مرن
6. दो हज़ार वर्ष पुरानी कहानियां	श्री जगदीशचन्द्र जैन	3	0	0	شری جگدیش چندر جین	6. دو ہزار ورش پرانی کہانیاں
7. ज्ञान गंगा	श्री नारायण साद जैन	6	0	0	شری نارائن پرساد جین	7. گیان گنگا
8. पथ चिन्ह	श्री शान्ति प्रिय द्विवेदी	2	0	0	شری شانتی پریہ دویدی	8. پتھ چنھ
9. पंच प्रदीप	शान्ति एम. ए.	2	0	0	شانتی ایم . اے	9. پنچ پردیپ
10. आकाश के तारे धरती के फूल	श्री कन्हैयालाल मिश्र प्रभाकर	2	0	0	شری کنھیالال مشر پربھاکر	10. آکاش کے تارے دھرتی کے پھول
11. मुक्ति दूत	श्री वीरेन्द्र कुमार जैन एम ए.	5	0	0	شری ویریندر کمار جین ایم . اے	11. مکتی دوت
12. मिलन यामिनी	श्री बच्चन	4	0	0	شری بچن	12. ملن یامنی
13. रजत रश्मि	डाक्टर रामकुमार वर्मा	2	8	0	ڈاکٹر رام کمار ورما	13. رجت رشمی
14. मेरे बापू	श्री तन्मय बुखारिया	2	8	0	شری تنمے بخاریا	14. میرے باپو
15. विश्व संघ की ओर	पंडित सुन्दरलाल भगवानदास केला	3	0	0	پنڈت سندرلال، بھگوان داس کیلا	15. وشو سنگھ کی اور
16. भारतीय अर्थशास्त्र	श्री भगवानदास केला	5	0	0	شری بھگوان داس کیلا،	16. بھارتیہ ارتھ شاستر
17. भारतीय शासन	,,	3	0	0	,,	17. بھارتیہ شاسن
18. नागरिक शास्त्र	,,	2	4	0	,,	18. ناگرک شاشتر
19. साम्राज्य और उनका पतन	,,	2	8	0	,,	19. سامراج اور اُن کا پتن
20. भारतीय स्वाधीनता अन्दोलन	,,	1	4	0	,,	20. بھارتیہ سوادھینتا آندولن
21. सर्वोदय अर्थ व्यवस्था	,,	1	8	0	,,	21. سروودے ارتھ ویوستھا
22. हमारी आदिम जातियां	श्री भगवानदास केला और श्री अखिल विनय	3	8	0	شری بھگوان داس کیلا اور شری اکھل ونے	22. ہماری آدم جاتیاں
23. अर्थशास्त्र शब्दावली	श्री दया शंकर दुबे, एम. ए. एल एल. बी. गजाधर प्रसाद, अग्निभुष्ट, भगवानदास केला	2	0	0	شری دیا شنکر دوبے ایم . اے. ایل ایل . بی . گجادھر پرساد، امبھشٹ، بھگوان داس کیلا	23. ارتھ شاستر شبداولی
24. नागरिक शिक्षा	भगवानदास केला श्री दयाशंकर दुबे	1	8	0	شری بھگوان داس کیلا دیا شنکر دوبے	24. ناگرک شکشا
25. राष्ट्र मंडल शासन	श्री दयाशंकर दुबे	1	8	0	دیا شنکر دوبے	25. راشٹر منڈل شاسن
26. जवानो	महात्मा भगवानदीन	3	0	0	مہاتما بھگوان دین	26. جوانو
27. मारने की हिम्मत !	,,	1	0	0	,,	27. مارنے کی ہمت
28. सलौना सच	,,	0	8	0	,,	28. سلونا سچ
29. मेरे साथी	,,	1	0	0	,,	29. میرے ساتھی

मिलने का पता—

मैनेजर 'नया हिन्द'
145, मुट्ठीगंज, इलाहाबाद-3.

ملنے کا پتہ

مینیجر 'نیا ہند'
145، مٹھی گنج، الہ آباد-3.

हिन्दुस्तानी कलचर सोसाइटी की किताबें

पचास रुपए से ज़ियादा दाम की किताबें ख़रीदने वालों को और बुकसेलरों को ख़ास रिआयत दी जायेगी. पूरी जानकारी के लिए लिखिये.

डाक या रेल ख़र्च हर हालत में गाहक के ज़िम्मे होगा.

भारत का विधान

पूरा हिन्दी अनुवाद

जो 26 जनवरी सन 1950 से सारे भारत में लागू हुआ.

'भारत में अंगरेज़ी राज' के लेखक पंडित सुन्दरलाल द्वारा मूल अंगरेज़ी से अनुवादित.

हर भारतवासी का फ़र्ज़ है कि जिस विधान के अधीन स्वाधीन भारत का शासन इस समय चल रहा है उसे अच्छी तरह समझे. भारत के हर घर में इस पुस्तक का रहना ज़रूरी है.

आसान बामहावरा भाशा. रायल अठपेजी बड़ा साइज़. लगभग चार सौ पन्ने. कपड़े की सुन्दर जिल्द. क़ीमत केवल साढ़े सात रुपए.

फ़िरक़ाबन्दी पर बापू

सम्पादक—श्री श्रीकृशन दास

इस पुस्तक में 1921 से सन 1948 तक गांधी जी ने साम्प्रदायिता के सवाल पर जो कुछ कहा या लिखा वह सब आपको एक जगह मिलेगा.

भारत के आज़ाद होने पर यह और भी ज़रूरी हो गया है कि हर भारतवासी साम्प्रदायिकता के नुक़सानों को समझे और इस ज़हर को अपने अन्दर से साफ़ करे.

सुन्दर जिल्द. अच्छा कागज़. दो सौ सफ़े. क़ीमत दोरुपया.

विनोबा का सन्देश

लेखक—सुरेश रामभाई

एक शब्द—महात्मा भगवानदीन

विनोबाजी के भू-दान-यज्ञ से आज सारा देश वाक़िफ़ है. इस छोटी सी किताब में आपको मिलेगा कि यह भू-दान-यज्ञ कब और कैसे शुरू हुआ और इसका मक़सद क्या है.

पहला एडीशन हाथों हाथ निकल गया. यह दूसरा एडीशन है. सफ़े 25, दाम केवल दो आने.

मिलने का पता—

मैनेजर, 'नया हिन्द' 145, मुट्ठीगंज, इलाहाबाद.

هندستانی کلچر سوسائٹی کي کتابیں

پچاس روپئے سے زیادہ دام کی کتابیں خریدنے والوں کو اور بکسیلروں کو خاص رعائت دی جائیگی . پوری جانکاری کے لئے لکھئے .

ڈاک یا ریل خرچ ہر حالت میں گاہک کے ذمے ہوگا .

بھارت کا ودھان

پورا ہندی انوواد

جو 26 جنوری سن 1950 سے سارے بھارت میں لاگو ہوا .

'بھارت میں انگریزی راج' کے لیکھک پنڈت سندلال دوارا مول انگریزي سے انووادت .

ہر بھارت واسی کا فرض ہے کہ جس ودھان کے ادھین سوادھین بھارت کا شاسن اِس سمے چل رہا ہے اُسے اچھی طرح سمجھے . بھارت کے ہر گھر میں اُس پستک کا رہنا ضروری ہے .

آسان بامحاورہ بھاشا. وایل اٹھ پیجی بڑا سائز . لگ بھگ چار سو پنے . کپڑے کی سندر جلد . قیمت کیول ساڑھے سات روپئے .

فرقہ بندی پر باپو

سمپادک—شری شریکرشن داس

اِس پستک میں سن 1921 سے سن 1948 تک گاندھی جی نے سامپردایکتا کے سوال پر جو کچھ کہا یا لکھا وہ سب آپکو ایک جگہ ملیگا .

بھارت کے آزاد ہونے پر یہ اور بھی ضروری ہو گیا ہے کہ ہر بھارت واسی سامپردایکتا کے نقصان کو سمجھے اور اِس زہر کو اپنے اندر سے صاف کرے .

سندر جلد . اچھا کاغذ . دو سو صفحے . قیمت دو روپئے .

ونوبا کا سندیش

لیکھک—سریش رام بھائی

ایک شبد—مہاتما بھگوان دین

ونوبا جي کے بھودان یگیہ سے آج سارا دیش واقف ہے. اِس چھوٹي سی کتاب میں آپکو ملیگا کہ یہ بھودان یگیہ کب اور کیسے شروع ہوا اور اِس کا مقصد کیا ہے .

پہلا ایڈیشن ہاتھوں ہاتھ نکل گیا . یہ دوسرا ایڈیشن ہے . صفحے 25، دام کیول دو آنے .

ملنے کا پتہ—

مینیجر، 'نیا ہند' 145، مٹھي گنج، الہ آباد.

صفائی کو دیکھتے ہوئے اِس کتاب کا یہ جنتا ایڈیشن کافی سستا ہے حالانکہ یہ اتنا سستا نہیں جتنے سستے دوسرے ملکوں کی سرکاریں اپنے پرکاشن بیچتی ہیں .

—وی . نا .

پرم گیتا

لکھنے والے—سوامی دیال آتم درشی، پٹھان کوٹ ای . پی؛ نکالنے والے—وہی ؛ دام—دو روپیہ ؛ صفحے—142 .

یہ کتاب اِس مدے کو لے کر لکھی گئی ہے کہ ایشور کی صفات کی پریبھاشا کرنا ایشور سے انکار کرنا ہے، مگر پوری پستک میں اُسی ایشور کے نام اور روپوں کا ورنن کیا گیا ہے .

چھپائی کے لحاظ سے کتاب کے دام زیادہ ہیں .

—وی . نا .

بچوں کی دیکھ بھال

لکھنے والے—شری بہادر مل ایم . اے؛ چھاپنے والے—شری وشویشورا نند پرکاشن؛ ہوشیار پور؛ صفحے—140؛ دام—ایک روپیہ بارہ آنے؛ لکھاوٹ ہندی .

ڈیڑھ سال کے بچوں سے لے کر بارہ سال کی عمر تک کے بچوں کے پالنے پوسنے، اُن کی دیکھ بھال، اُن کی بیماری اور تیمارداری اور اُن کی شکشا دیکشا پر یہ ایک بہت اچھے ڈھنگ سے لکھی ہوئی کتاب ہے . ماں باپ کو کس طرح سمجھ بوجھ کے ساتھ اپنے بچوں کی دیکھ بھال کرنی چاہئے اِس پر اِس کتاب میں خاص زور دیا گیا ہے . بچوں کے بارے میں ماں باپ کی تعلیم میں یہ کتاب مددگار ہوگی .

—وی . نا .

सफ़ाई को देखते हुये इस किताब का यह जनता एडीशन काफ़ी सस्ता है हालांकि यह उतना सस्ता नहीं जितने सस्ते दूसरे मुल्कों की सरकारें अपने प्रकाशन बेचती हैं.

—वि० ना०

परम गीता

लिखने वाले स्वामी दयाल आत्मदर्शी, पठान कोट, ई. पी; निकालने वाले—वही; दाम—दो रुपया; सफ़े—142.

यह किताब इस मुद्दे को लेकर लिखी गई है कि ईश्वर की सिफ़ात की परिभाशा करना ईश्वर से इनकार करना है, मगर पूरी पुस्तक में उसी ईश्वर के नाम और रूपों का वनन किया गया है.

छपाई के लिहाज़ से किताब के दाम ज़्यादा हैं.

—वि० ना०

बच्चों की देख भाल

लिखने वाले—श्री बहादुरमल एम. ए.; छापने वाले—श्री विश्वेश्वरानन्द प्रकाशन, होशियारपुर; सफ़े—140; दाम—एक रुपया बारह आना; लिखावट—हिन्दी.

डेढ़ साल के बच्चों से लेकर बारह साल की उम्र तक के बच्चों के पालने पोसने, उनकी देख भाल, उनकी बीमारी और तीमारदारी और उनकी शिक्षा दीक्षा पर यह एक बहुत अच्छे ढंग से लिखी हुई किताब है. मां बाप को किस तरह समझ बूझ के साथ अपने बच्चों की देख भाल करनी चाहिये इस पर इस किताब में ख़ास ज़ोर दिया गया है. बच्चों के बारे में मां बाप की तालीम में यह किताब मददगार होगी.

—वि० ना०



हज़रत मुहम्मद अने इस्लाम

लिखने वाले—पंडित सुन्दरलाल; निकालने वाले—नवजीवन प्रकाशन मन्दिर, अहमदाबाद; लिखावट—गुजराती; दाम—सवा रुपया.

पंडित सुन्दरलाल जी की मशहूर किताब हज़रत मुहम्मद और इस्लाम के गुजराती अनुवाद का यह दूसरा एडीशन है. इसका आमुख श्री किशोरलाल मशरूवाला का लिखा हुआ है. हिन्दुस्तान के सभी आलिमों और विद्वानों ने इस किताब को हिन्दुस्तान में इस क़िस्म की अब तक की छपी किताबों में सबसे उम्दा माना है. हम हर एक गुजराती पढ़ने वाले भाई इस किताब को ख़ास तौर पर पढ़ने की अपील करते हैं.

—वि० ना०

निर्माण

लिखने वाले—नवल भाई शाह; निकालने वाले—लक्ष्मी चंद जवेरचन्द संघवी, महावीर साहित्य प्रकाशन मन्दिर, हठी भाई नी वाड़ी, अहमदाबाद; लिखावट—गुजराती, सफ़े 212, दाम—एक रुपया बारह आना.

नवल भाई शाह की यह नवल कथा स्वराज्य हासिल करने के बाद हमें अपने देश को किस तरह बनाना और संवारना है इस पर रोशनी डालती है. निर्माण, जैसा कि इस किताब का नाम है, अमली बुनियादों पर नया देश गढ़ने के मक़सद से लिखी गई है.

—वि० ना०

पहला पंजसाला प्लान

निकालने वाले—पब्लिकेशन डिवीजन, नई दिल्ली; सफ़े—376, बहुत सी तसवीरें और नक़्शे, लिखावट—उर्दू; क़ीमत—दो रुपया.

आजकल जिस पांच साला प्लानिंग की बेहद चरचा है उसी का ख़ाका इस सरकारी किताब में दिया हुआ है. छपाई

حضرت محمد اَنے اسلام

لکھنے والے—پنڈت سندر لال؛ نکالنے والے—نوجیون پرکاشن مندر، احمدآباد؛ لکھاوٹ—گجراتی؛ دام—سوا روپیہ.

پنڈت سندر لال جی کی مشہور کتاب حضرت محمد اور اِسلام کے گجراتی اَنوواد کا یہ دوسرا ایڈیشن ہے. اِس کا آمکھ شری کشورلال مشروواله کا لکھا ہوا ہے. ہندستان کے سبھی عالموں اور وِدوانوں نے اِس کتاب کو ہندستان میں اِس قسم کی اب تک کی چھپی کتابوں میں سب سے عمدہ مانا ہے. ہم ہر ایک گجراتی پڑھنے والے بھائی سے اِس کتاب کو خاص طور پر پڑھنے کی اپیل کرتے ہیں.

—وی . نا .

نرمانڑ

لکھنے والے—نول بھائی شاہ؛ نکالنے والے—لکشمی چند زویر چند سنگھوی، مہاویر ساہتیہ پرکاشن مندر، ھٹی بھائی نی واڑی احمدآباد؛ لکھاوٹ—گجراتی؛ صفحے 212؛ دام—ایک روپیہ بارہ آنہ.

نول بھائی شاہ کی یہ نول کتھا سوراجیہ حاصل کرنے کے بعد ہمیں اپنے دیش کو کِس طرح بدلنا اور سنوارنا ہے اِس پر روشنی ڈالتی ہے. نرمانڑ جیسا کہ اِس کتاب کا نام ہے عملی بنیادوں پر نیا دیش گڑھنے کے مقصد سے لکھی گئی ہے.

—وی . نا .

پہلا پنج سالہ پلان

نکالنے والے—پبلیکیشن ڈویژن، نئی دلی، صفحے—376، بہت سی تصویریں اور نقشے؛ لکھاوٹ—اُردو؛ قیمت—دو روپیہ.

آجکل جس پانچ سال پلاننگ کی بےحد چرچا ہے اُسی کا خاکہ اِس سرکاری کتاب میں دیا ہوا ہے. چھپائی

जवाहरलाल आज पैंसठ बरस के जवान हैं और इस अरसे में हकूमत या पदों का काफ़ी तर्जुबा हासिल कर चुके हैं. अब वक्त आया है कि वह इस तरह की जिम्मेदारियों से अलग हों और उन सबसे कहीं ज्यादा ऊंची और बड़ी जिम्मेदारी को संभालें—वह है समाज को धर्म सिखाना, यानी समाज में अपने पैरों पर खड़े होने की ताक़त पैदा करना, भाई चारा बढ़ाना और इन्सान की शान को बुलन्द करना. यह जिम्मेदारी उनकी आज की छोटी या हल्की जिम्मेदारियों के मुक़ाबिले कहीं ज्यादा बड़ी और ठोस है. मालिक ने उनको इतनी सामर्थ्य दी है कि वह इस जिम्मेदारी को ख़ूबी के साथ उठा लें.

सिरजनहार से हम प्रार्थना करते हैं कि पंडित जवाहरलाल जी को हमारे शास्त्रों के मुताबिक़ सवा सौ साल की पूरी उम्र दें और प्रेम शक्ति की बिना पर मुल्क की नई रहनुमाई करने की ताक़त और हिम्मत दें.

10. 10. '54 —सुरेशराम भाई

ईसा का सन्देश

लेखक—डाक्टर जे. सी. कुमारप्पा.

अनुवादक—सुरेश रामभाई.

इस किताब में हज़रत ईसा के सन्देश की व्याख्या ऐसे लाजवाब ढंग से की गई है कि पढ़ने वाला बड़ी आसानी से यह समझ जायगा कि ईसाई धर्म की ख़ास तालीम क्या है और हज़रत ईसा ने इनसान-इनसान की बराबरी, भाई चारे, प्रेम और अहिन्सा पर कितना ज़ोर दिया है.

महात्मा गांधी ने इस किताब के बारे में कहा है कि

"हर आस्तिक से, चाहे वह ईसाई हो या किसी और धर्म का मानने वाला हो, मेरी सिफ़ारिश है कि इसे पढ़े... "

सुन्दर जिल्द, बढ़िया काराज़, क़रीब सवा सौ सफ़े की किताबका दाम सिर्फ़ एक रुपया.

मिलने का पता.

मैनेजर, 'नया हिन्द', 145 मुट्ठीगंज, इलाहाबाद.

جواہر لال آج پینسٹھ برس کے جوان ہیں اور اس عرصے میں حکومت یا پدوں کا کافی تجربہ حاصل کرچکے ہیں. اب وقت آیا ہے کہ وہ اس طرح کی ذمہداریوں سے الگ ہوں اور ان سب سے کہیں زیادہ اونچی اور بڑی ذمہداری کو سنبھالیں—وہ ہے سماج کو دھرم سکھانا یعنی سماج میں اپنے پیروں پر کھڑے ہونے کی طاقت پیدا کرنا، بھائی چارا بڑھانا اور انسان کی شان کو بلند کرنا: یہ ذمہداری ان کی آج کی چھوٹی یا ہلکی ذمہداریوں کے مقابلہ کہیں زیادہ بڑی اور ٹھوس ہے. مالک نے ان کو اتنی سامرتھیہ دی ہے کہ وہ اس ذمہداری کو خوبی کے ساتھ اٹھالیں:

سرجن ہار سے ہم پرارتھنا کرتے ہیں کہ پنڈت جواہر لال جی کو ہمارے شاستروں کے مطابق سوا سو سال کی پوری عمر دیں اور پریم شکتی کی بنا پر ملک کی نئی رہنمائی کرنے کی طاقت اور ہمت دیں.

30. 10. '54 —سریش رام بھائی

عیسیٰ کا سندیش

لیکھک —ڈاکٹر جے. سی. کمارپپا.

انوادک —سریش رام بھائی.

اس کتاب میں حضرت عیسیٰ کے سندیش کی ویاکھیا ایسے لاجواب ڈھنگ سے دی گئی ہے کہ پڑھنے والا بڑی آسانی سے یہ سمجھ جائیگا کہ عیسائی دھرم کی خاص تعلیم کیا ہے اور حضرت عیسیٰ نے انسان انسان کی برابر بھائی چارے، پریم اور اہنسا پر کتنا زور دیا ہے.

مہاتما گاندھی نے اس کتاب کے بارے میں کہا ہے کہ

"ہر آستک سے، چاہے وہ عیسائی ہو یا کسی اور دھرم کا ماننے والا ہو، میری سفارش ہے کہ اسے پڑھے..."

سندر جلد، بڑھیا کاغذ، قریب سوا سو صفحے کی کتاب کا دام صرف ایک روپیہ.

ملنے کا پتہ.

مینیجر، 'نیا ہند' 145 مٹھی گنج، الہ آباد.

आज मुल्क की पहली मांग यह है कि उसकी जड़ मज़बूत की जावे. वह जड़ किसी इमारत, सड़क या पैदावार के ज़रिये नहीं, बल्कि दिलों को ज़दीक लाने, आपस के भेद भाव मिटाने और प्रेम शक्ति को बुलन्द करने पर ही होगी. और यह इस मुल्क की ही मांग नहीं, सारे आलम की मांग है. असी दराज़ से दुनिया ने लवार, क़ानून और पैसे की ताक़तों के तजुंबे रके देख लिये. उनसे बम, ऐटम बम और हाइड्रोजन बम हम तक पहुंचे और इन्सान की हस्ती ही खतरे में डाल दी. वक्त बता रहा है कि अब दूसरे तजुरबे करें और प्रेम शक्ति को आज़मायें और उसकी बिना पर अपने समाज की तामीर करें जिस के अन्दर निज़ामे हकूमत भी शामिल है.

इस प्रेम शक्ति का एक पायदार, सही और सच्चा नमूना महात्मा गांधी ने हमारे सामने पेश भी किया है. वह शक्ति हम हिन्द वाले पूरी तरह अमल में न ला सके. लेकिन उसके जो भी तजुंबे हमने कये उसका नतीजा सारी दुनिया आज जानती है और सी वजह से इस चीज़ की क़दर करती है, उसका लोहा मानती है. जरूरत है कि इस शक्ति के ज्यादा से ज्यादा, बड़े और गहरे पैमाने पर तजुंबे किये जायें. इसी रोशनी में हम पंडित जवाहरलाल के उस सरनामा खत का स्वागत करते हैं. जैसा कि उनका ख्याल है कि उनको अभी इस दुनिया में बहुत काम करना है, वह हम भी मानते हैं. हम यक़ीन रखते हैं कि हमारा जो अलमबदार, प्रेम शक्ति की मदद से महात्मा गांधी की रहनुमाई में अंग्रेज़ी ताक़त से लड़ा था वह अब उसी प्रेम शक्ति की मदद से हिन्दुस्तान की ग़रीबी और जेहालत से लड़ेगा, ज़माने से लड़ेगा और क्या हिन्दुस्तान को, क्या दुनिया को सच्ची आज़ादी की और असली शान्ति का रास्ता दिखाएगा.

जहां तक मुल्क का काम चलने की बात है हम यही मानते हैं कि पंडित जी हकूमत या कांग्रेस की सदारत से अलग रह कर मुल्क की जो ख़िदमत अंजाम दे सकते हैं वह अन्दर रह कर नहीं. तन्त्र में फंसकर आदमी मंत्री न रह कर तंत्री बन जाता है और उसके दिमाग़ के दरवाज़े बन्द हो जाते हैं. जब किसी मुल्क के ऊंचे से ऊंचे आदमी अपने को तन्त्र में फंसा लेते हैं तो उस मुल्क की तबाही रोके नहीं रुक सकती. हमारी राय तो यह है कि न सिर्फ़ पंडित जवाहरलाल जी बल्कि मरकज़ी और सूबे की सरकारों के वह सब मिनिस्टर या ओहदेदार जो छः साल से ज्यादा इस तन्त्र में रह चुके हैं वह अब बाहर आजायें, दूसरों को अपनी जगह भेजें और बाहर से उनको राह दिखाते रहें.

आखिर में एक अर्ज़ और है. हमारे मुल्क का पुराना और शानदार दस्तूर है कि एक उम्र के बाद आदमी घर की या राज पाट की सब झंझटों से सब तरह बरी होकर जन सम्पर्क और जनता जर्नार्दन की भक्ति व सेवा में लगे. पंडित

آج ملک کی پہلی مانگ یہ ہے کہ اس کی جڑ مضبوط کی جاوے . وہ جڑ کسی عمارت، سڑک یا پیداوار کے ذریعہ نہیں، بلکہ دلوں کو نزدیک لانے، آپس کے بھید بھاو مٹانے اور پریم شکتی کو بلند کرنے پر ہی ہوگی . اور یہ اس ملک کی ہی مانگ نہیں، سارے عالم کی مانگ ہے. عرصہدراز سے دنیا نے تلوار، قانون اور پیسہ کی طاقتوں کے تجربے کرکے دیکھ لئے . ان سے بم، ایٹم بم اور ہائڈروجن بم ہم تک پہونچے اور انسان کی ہستی ہی خطرہ میں ڈال دی . وقت بتا رہا ہے کہ اب دوسرے تجربے کریں اور پریم شکتی کو آزمائیں اور اس کی بنا پر اپنے سماج کی تعمیر کریں جس کے اندر نظام حکومت بھی شامل ہے .

اس پریم شکتی کا ایک پائدار، صحیح اور سچا نمونہ مہاتما گاندھی نے ہمارے سامنے پیش بھی کیا ہے . وہ شکتی ہم ہند والے پوری طرح عمل میں نہ لا سکے . لیکن اس کے جو بھی تجربے ہم نے کئے اس کا نتیجہ، ساری دنیا آج جانتی ہے اور اسی وجہ سے اس چیز کی قدر کرتی ہے، اس کا لوہا مانتی ہے . ضرورت ہے کہ اس شکتی کے زیادہ سے زیادہ بڑے اور گہرے پیمانے پر تجربے کئے جائیں . اسی روشنی میں ہم پنڈت جواہر لال کے اُس سرنامہ خط کا سواگت کرتے ہیں. جیسا کہ ان کا خیال ہے کہ ان کو ابھی اس دنیا میں بہت کام کرنا ہے، وہ ہم بھی مانتے ہیں . ہم یقین رکھتے ہیں کہ ہمارا جو علمبردار، پریم شکتی کی مدد سے مہاتما گاندھی کی رہنمائی میں انگریزی طاقت سے لڑا تھا وہ اب اسی پریم شکتی کی مدد سے ہندستان کی غریبی اور جہالت سے لڑیگا، زمانہ سے لڑیگا اور کیا ہندستان کو، کیا دنیا کو سچی آزادی کی اور اصلی شانتی کا راستہ دکھائیگا .

جہاں تک ملک کا کام چلنے کی بات ہے ہم یہی مانتے ہیں کہ پنڈت جی حکومت یا کانگریس کی صدارت سے الگ رہ کر ملک کی جو خدمت انجام دے سکتے ہیں وہ اندر رہ کر نہیں. تنتر میں پھانس کر آدمی منتری نہ رہ کر تنتری بن جاتا ہے اور اس کے دماغ کے دروازے بند ہوجاتے ہیں . جب کسی ملک کے اُونچے سے اُونچے آدمی اپنے کو تنتر میں پھنسا لیتے ہیں تو اس ملک کی تباہی روکے نہیں رک سکتی . ہماری رائے تو یہ ہے کہ نہ صرف پنڈت جواہر لال جی بلکہ مرکزی اور صوبے کی سرکاروں کے وہ سب منسٹر یا عہدےدار جو چھ سال سے زیادہ اس تنتر میں رہ چکے ہیں وہ اب باہر آجائیں، دوسروں کو اپنی جگہ بھیجیں اور باہر سے ان کو راہ دکھاتے رہیں .

آخر میں ایک عرض اور ہے . ہمارے ملک کا پرانا اور شاندار دستور ہے کہ ایک عمر کے بعد آدمی گھر کی یا راج پاٹ کی سب جھنجھٹوں سے سب طرح بری ہوکر جن سمپرک اور جنتا جناردن کی بھکتی و سیوا میں لگے . پنڈت

क़िस्मत का फ़ैसला बन्द कमरे में बैठे बैठे कर देती है. हिन्दुस्तान के प्राइम मिनिस्टर के नाते पंडित जवाहरलाल आज हिन्दुस्तान भर की तलवार की ताक़त और क़ानून की ताक़त के बुलन्द नुमाइन्दा व सिपहसालार हैं. लेकिन इस सब के अलावा एक ताक़त और भी है-वह है प्रेम की ताक़त जिसे नैतिक या इख़लाक़ी ताक़त भी कह सकते हैं, जिसकी तालीम हर बच्चे को जन्म से ही मिलती है और जिस पर यह दुनिया टिकी है. आज हकूमतें इस ताक़त को नज़रअन्दाज कर रही हैं और तलवार, क़ानून, पैसा व दिमाग़ की ताक़तों के बल पर फूल सी रही हैं. लेकिन ज़माना साफ़ बता रहा है कि अगर वह अपनी रविश को नहीं बदलती हैं और प्रेम की ताक़त की बिना पर समाज की नई रचना नहीं होती है तो इन्सान की ज़ात के ही ख़त्म होने का अन्देशा है. प्राइम मिनिस्ट्री के शिकंजे में जकड़ जाने के कारन पंडित जवाहरलाल इस ताक़त से अछूते रह रहे हैं. दूसरे शब्दों में जनता से अछूते रह रहे हैं. यही वजह है कि उनको बासीपन महसूस होता है और पढ़ने या सोचने के लिये, बुनियादी सवालों पर ग़ौर और सलाह करने के लिये उनमें तड़प पैदा होती है.

इस सिलसिले में एक महत्वपूर्न बात यह है कि आज हमारे मुल्क में एक चीज़ की ख़ास कमी नजर आती है. हम क़बूल करते हैं कि आज़ादी के बाद हिन्दुस्तान में खेती की पैदावार बढ़ी है. यहां की मिलों में ज्यादा माल तैयार हो गया है. यहां की नदियों पर पुल व पुलियां बंधे हैं, नई सड़कें, रेलें और आमद-रफ़्त के रास्ते खुले हैं. लेकिन इस सबके बावजूद मुल्क में इस ताक़त का एहसास नहीं होता जो ऐसी हालत में होना चाहिये. वजह यह है कि हमारे दिल टूट रहे हैं. आपस का फ़र्क़ बढ़ रहा है. जात पात और छुआ छूत का ज़हर ज्यादा गहरा घुस रहा है. इनसान की आबरू की क़दर कम हो रही है. अपने पैरों पर खड़े होने की ताक़त गिर रही है और मुल्क कमज़ोर पड़ रहा है. एक लाचारी सी दिखाई पड़ती है और खुद करने लायक काम भी न करके लोग आम तौर से सरकार का मुंह ताकते हैं. आज़ादी के बाद जो एक जोश और हौसला सब को आना चाहिये था वह ग़ायब है. मस्ती के बजाय सुस्ती है. फ़र्क़ दिखलाई नहीं पड़ता. नतीजा यह है कि समाज का जो ग़रीब और कमज़ोर हिस्सा है वह दिन दुगुना रात चौगुना ग़रीब और कमज़ोर होता जा रहा है. और उसी के आधार पर हम, हिन्दुस्तान का आलीशान महल खड़ा करने के ख्वाब देखते हैं. ज़ाहिर है कि जिस महल की बुनियादें कमज़ोर होंगी वह बाहर की हवा से क्या, अन्दर की हवा के भी झोंके बरदाश्त नहीं कर सकेगा. हमारा मानना है कि अगर मुल्क की यही रफ़्तार जारी रही और तलवार, पैसा, क़ानून की ताक़तों के सहारे ही हम ख़ाली बैठे रहे तो हमारा भविश्य अच्छा नहीं है.

قسمت کا فیصلہ بند کمرے میں بیٹھے بیٹھے کر دیتی ہے۔ ہندستان کے پرائیم منسٹر کے ناتے پنڈت جواہر لال آج ہندستان بھر کی تلوار کی طاقت اور قانون کی طاقت کے بلند نمائندہ رسپہ سالار ہیں۔ لیکن ان سب کے علاوہ ایک طاقت اور بھی ہے—وہ ہے پریم کی طاقت جسے نیتک یا اخلاقی طاقت بھی کہہ سکتے ہیں، جس کی تعلیم ہر بچہ کو جنم سے ہی ملتی ہے اور جس پر یہ دنیا ٹکی ہے۔ آج حکومتیں اِس طاقت کو نظر انداز کر رہی ہیں اور تلوار، قانون، پیسہ و دماغ کی طاقتوں کے بل پر پھول سی رہی ہیں۔ لیکن زمانہ صاف بتا رہا ہے کہ اگر وہ اپنی روش کو نہیں بدلتی ہیں اور پریم کی طاقت کی بنا پر سماج کی نئی رچنا نہیں ہوتی ہے تو انسان کی ذات کے ہی ختم ہونے کا اندیشہ ہے۔ پرائیم منسٹری کے شکنجے میں جکڑ جانے کے کارن پنڈت جواہر لال اِس طاقت سے اچھوتے رہ رہے ہیں۔ دوسرے شبدوں میں جنتا سے اچھوتے رہ رہے ہیں۔ یہی وجہ ہے کہ اُن کو باسی پن محسوس ہوتا ہے اور پڑھنے یا سوچنے کے لئے، بنیادی سوالوں پر غور اور صلاح کرنے کے لئے اِن میں تڑپ پیدا ہوتی ہے۔

اسی سلسلہ میں ایک مہتوپورن بات یہ ہے کہ آج ہمارے ملک میں ایک چیز کی خاص کمی نظر آتی ہے۔ ہم قبول کرتے ہیں کہ آزادی کے بعد ہندستان میں کھیتی کی پیداوار بڑھی ہے۔ یہاں کی ملوں میں زیادہ مال تیار ہوگیا ہے۔ یہاں کی ندیوں پر پل و پلیاں بندھے ہیں، نئی سڑکیں، ریلیں اور آمدرفت کے راستے کھلے ہیں۔ لیکن اس سب کے باوجود ملک میں اس طاقت کا احساس نہیں ہوتا جو ایسی حالت میں ہونا چاہئے۔ رچنا یہ ہے کہ ہمارے دل ٹوٹ رہے ہیں۔ آپس کا فرق بڑھ رہا ہے۔ جات پات اور چھواچھوت کا زہر زیادہ گہرا گھس رہا ہے۔ انسان کی آبرو کی قدر کم ہو رہی ہے۔ اپنے پیروں پر کھڑے ہونے کی طاقت گر رہی ہے اور ملک کمزور پڑ رہا ہے۔ ایک لاچاری سی دکھائی پڑتی ہے اور خود کرنے لایق کام بھی نہ کرکے لوگ عام طور سے سرکار کا منہ تاکتے ہیں۔ آزادی کے بعد جو ایک جوش اور حوصلہ سب کو آنا چاہئے تھا وہ غائب ہے۔ مستی کی بجائے سستی ہے۔ فرق دکھلائی نہیں پڑتا۔ نتیجہ یہ ہے کہ سماج کا جو غریب اور کمزور حصہ ہے وہ دن دگنا رات چوگنا غریب اور کمزور ہوتا جا رہا ہے۔ اور اسی کے آدھار پر ہم ہندستان کا عالی شان محل کھڑا کرنے کے خواب دیکھتے ہیں۔ ظاہر ہے کہ جس محل کی بنیادیں کمزور ہونگی وہ باہر کی ہوا سے کیا، اندر کی ہوا کے بھی جھونکے برداشت نہیں کرسکیگا۔ ہمارا ماننا ہے کہ اگر ملک کی یہی رفتار جاری رہی اور تلوار، پیسہ، قانون کی طاقتوں کے سہارے ہی ہم خالی بیٹھے رہے تو ہمارا بھوشیہ اچھا نہیں ہے۔

(iii) ایک چیز اکثر لوگ پوچھتے ہیں اور اخبار والے لکھتے بھی ہیں جس سے مجھے بڑی چڑھ ہوتی ہے—وہ یہ کہ "نہرو کے بعد کیا ؟" "نہرو کا وارث کون ہوگا ؟" یہ سوال ہی میرے لئے اور قوم کے لئے ایک چنوتی ہو جاتا ہے۔ یہ سوچنا تو بڑی بھونڈی بات ہے کہ کوئی بڑی قوم کسی ایک یا دو آدمیوں پر منحصر رہے۔ اِس سوال کا اثر مجھ پر یہی پڑتا ہے کہ اِس چنوتی کو منظور کروں۔ مجھے یقین ہے کہ جو کچھ بھی ہوگا اچھا ہی ہوگا۔"

پنڈت جواہر لال کا یہ خط پڑھ کر ہمیں انتہائی خوشی ہوئی اور اِن پرانے جواہر لال کی یاد ہو آئی جو الہ آباد، رائے بریلی اور پرتاب گڑھ کے گاؤں میں سن 23-24 میں آزادی اور خود مختاری کا پیغام لے کر گھومتے تھے، اِن جواہر لال کی یاد ہو آئی جنھوں نے 1929 میں پورن آزادی کا بگل بجایا تھا، اِن جواہر لال کی یاد ہو آئی جنھوں نے سن 1942 میں گاندھی جی کی رہنمائی پر انگریزوں کو ہندستان سے چلے جانے کے لئے للکارا تھا۔ یہ خط اِن کی انوکھی آن اور اونچی شان کا عالی نمونہ ہے۔ یہ اِنھیں کی بلند ہستی ہے جو اِس طرح سوچ سکتی ہے اور اِس طرح اپنے دل کی بات ملک کے سامنے رکھ سکتی ہے۔ اپنے اِس لاجواب خط کے ذریعہ اُنھوں نے ملک کے آگے ایک نئی مثال پیش کی ہے—ایسی مثال جس کی سخت ضرورت تھی اور ایسی مثال جو اِن کے سوا کوئی دوسرا نہیں پیش کر سکتا تھا۔

ہم اچھی طرح جانتے ہیں کہ ہماری اِس خوشی میں بہت سے لوگ—سمجھدار اور اثر دار لوگ—شریک نہ ہونگے۔ اخباروں میں جو بیانات اور مضمون نکلے ہیں اُن کی دھن یہی ہے کہ اِس وقت تو جواہر لال جی کو کسی حالت میں ملک کی پرائم منسٹری سے الگ نہیں ہونا چاہئے اور اپنی بات زد نہیں کرنا چاہئے۔ ہم اُن میں نہیں ہیں۔ ہم اِس خیال کے قائل نہیں کہ اگر جواہر لال جی کے علاوہ کوئی دوسرا بھائی یا بہن پرائم منسٹری کے تاج کو سنبھال لے گا تو ملک کی ناؤ کو ڈوبنے کا خطرہ ہے۔ اور نہ ہم یہی مانتے ہیں کہ جواہر لال جی یا اِن کی جیسی کوئی اور شخصیت ملک اور دنیا کی سب میں بہترین خدمت پرائم منسٹری کے عہدہ پر رہ کر ہی کر سکتی ہے۔

آج دنیا میں کئی طرح کی طاقتیں کام کر رہی ہیں—جیسے تلوار کی طاقت جس نے آج ایٹم اور ہائڈروجن بم کی شکل لے لی ہے، پیسہ کی طاقت جس نے بڑے بڑے بینکروں اور سرمایہ داروں کی شکل لے لی ہے، دماغ کی طاقت جو آج ایک ملک کے آگے دوسرے کو پست کرنے میں چور ہے اور قانون کی طاقت جو بڑی بڑی آبادیوں کی

(iii) एक चीज अक्सर लोग पूछते हैं और अखबार वाले लिखते भी हैं जिससे मुझे बड़ी चिढ़ होती है—वह यह कि "नेहरू के बाद क्या ?" "नेहरू का वारिस कौन होगा ?" यह सवाल ही मेरे लिये और क़ौम के लिये एक चुनौती हो जाता है. यह सोचना तो बड़ी भोंडी बात है कि कोई बड़ी क़ौम किसी एक या दो आदमियों पर मुनहसिर रहे. इस सवाल का असर मुझ पर यही पड़ता है कि इस चुनौती को मन्जूर करूं. मुझे यक़ीन है कि जो कुछ भी होगा अच्छा ही होगा."

पन्डित जवाहरलाल का यह ख़त पढ़कर हमें इन्तहाई ख़ुशी हुई और उन पुराने जवाहरलाल की याद हो आई जो इलाहाबाद, रायबरेली और परतावगढ़ के गांवों में सन23-24 में आज़ादी और ख़ुद-मुख़्तारी का पैग़ाम लेकर घूमते थे, उन जवाहरलाल की याद हो आई जिन्होंने 1929 में पूर्ण आज़ादी का बिगुल बजाया था, उन जवाहरलाल की याद हो आई जिन्होंने सन 1942 में गांधी जी की रहनुमाई पर अंग्रेज़ों को हिन्दुस्तान से चले जाने के लिये ललकारा था. यह ख़त उनकी अनोखी आन और ऊंची शान का आला नमूना है. यह उन ही की बुलन्द हस्ती है जो इस तरह सोच सकती है और इस तरह अपने दिल की बात मुल्क के सामने रख सकती है. अपने इस लाजवाब ख़त के ज़रिये उन्होंने मुल्क के आगे एक नई मिसाल पेश की है—ऐसी मिसाल जिसकी सख़्त ज़रूरत थी और ऐसी मिसाल जो उनके सिवा कोई दूसरा नहीं पेश कर सकता था.

हम अच्छी तरह जानते हैं कि हमारी इस ख़ुशी में बहुत से लोग—समझदार और असरदार लोग—शरीक न होंगे. अख़बारों में जो बयानात और मज़मून निकले हैं उनकी धुन यही है कि इस वक़्त तो जवाहरलाल जी को किसी हालत में मुल्क की प्राइम मिनिस्ट्री से अलग नहीं होना चाहिये और अपनी बात पर ज़िद नहीं करनी चाहिये. हम उनमें नहीं हैं. हम इस ख़्याल के क़ायल नहीं कि अगर जवाहरलाल जी के अलावा कोई दूसरा भाई या बहन प्राइम मिनिस्ट्री के ताज को संभाल लेगा तो मुल्क की नाव के डूबने का ख़तरा है. और न हम यही मानते हैं कि जवाहरलाल जी या उनकी जैसी कोई और शख़्सियत मुल्क और दुनिया की सब में बेहतरीन ख़िदमत प्राइम मिनिस्ट्री के ओहदे पर रह कर ही कर सकती है.

आज दुनिया में कई तरह की ताक़तें काम कर रही हैं—जैसे तलवार की ताक़त जिसने आज ऐटम और हाइड्रोजन बम की शकल ले ली है, पैसे की ताक़त जिसने बड़े बड़े बैंकों और सरमायेदारों की शकल ले ली है, दिमाग़ की ताक़त जो आज एक मुल्क के आगे दूसरे को पस्त करने में चूर है और क़ानून की ताक़त जो बड़ी बड़ी आबादियों की

جواهر لال جی اور هندستان کا بهوشیه

اکتوبر کے دوسرے هفته میں پنڈت جواهر لال نہرو کا ایک گشتی خط اخباروں میں چھپا جو اُنھوں نے ملک بھر کی صوبے کی کانگریس کمیٹیوں کے صدر صاحبان کے نام بھیجا هے . اِس مہتوپورن چٹھی میں اُنھوں نے یہ خواهش ظاهر کی هے که جنوری میں کانگریس کا جو سالانه جلسه هونے جا رها هے اِس کی صدارت وہ نه کریں اور ساتھ هی ساتھ حکومت هند کی پرائم منسٹری کے کام سے کچھ عرصه کے لئے هٹ جائیں . اُنھوں نے اطمینان دلایا هے که اُن کے اِس خیال کے پیچھے بڑھاپا یا صحت کی کمزوری کا کوئی ڈر کام نہیں کر رها هے . وہ فرماتے هیں :

" مجھے محسوس هوتا هے که اپنے اِس ملک میں مجھے ابھی اور بہت سے کام کرنے هیں اور میرا نشچے هے که اِس مقصد کے لئے میں اپنے کو تندرست رکھونگا . نه میں کام یا ذمه داری سے هی بھاگتا هوں اور نه میرا کوئی ارادہ جنگل میں چلے جانے یا پہاڑوں کی راہ پکڑنے کا هے . مجھے لگتا هے که مجھے کچھ چیز انجام دینی هے اور جب تک کسی کو اِس طرح محسوس هوتا هے، تب تک اسے کام کرنے کی اور ڈٹے رهنے کی تمنا بنی رهتی هے . میرے اندر وہ زوردار تمنا هے ." آگے چل کر اُن کا کہنا هے :

" آزادی کے بعد سے پچھلے سات سالوں میں هم نے جو کچھ کیا هے اِس پر مجھے کوئی ناامیدی یا اسنتوش بھی نہیں هے . بلکه مجھے ایسا محسوس هوتا هے که نه صرف میں نے ذاتی طور پر بلکه سارے ملک نے کامیابی حاصل کی هے اور آگے بڑھا هے . سچ تو یه هے که اپنے کام کاج میں فرق کرنا میں اِسی وجه سے ضروری مانتا هوں کیونکه میں سوچتا هوں که همارے ملک نے اچھا کام کیا هے اور اِس کی ترقی کے لئے اچھی اور مضبوط بنیاد قائم هوگئی هے . میں ڈٹ کر کام کرنا چاهتا هوں ."

لیکن پھر بھی وہ هٹنا کیوں چاهتے هیں ؟ اِسکی کئی وجه هیں :—

"(i) باسی پن (Staleness) کا کچھ احساس هوتا هے جو مشین کی طرح کام کرنے والے کو لازمی طور پر آ هی جاتا هے .

(ii) میں کچھ فرصت چاهتا هوں تاکه کچھ پڑھ سکوں اور سوچ سکوں . هم لوگ جو سرکاری یا اِس طرح کے دوسرے کاموں میں پھنسے رهتے هیں اُن کے ساتھ ایک بڑی دقت یه هو جاتی هے که اُنھیں پڑھنے اور سوچنے کے لئے وقت نہیں ملتا اور نه بنیادی معاملوں پر ایک دوسرے سے بات کرنے کا هی موقع ملتا هے .

जवाहरलाल जी और हिन्दुस्तान का भविष्य

अक्तूबर के दूसरे हफ्ते में पंडित जवाहरलाल नेहरू का एक गश्ती ख़त अख़बारों में छपा जो उन्होंने मुल्क भर की सूबों की कांग्रेस कमेटियों के सदर साहिबान के नाम भेजा है. उस महत्वपूर्न चिट्ठी में उन्होंने यह ख्वाहिश ज़ाहिर की है कि जनवरी में कांग्रेस का जो सालाना जलसा होने जा रहा है उसकी सदारत वह न करें और साथ ही साथ हकूमते हिन्द की प्राइम मिनिस्ट्री के काम से कुछ अरसे के लिये हट जायें. उन्होंने इतमीनान दिलाया है कि उनके इस ख़याल के पीछे बुढ़ापा या सेहत की कमज़ोरी का कोई डर काम नहीं कर रहा है. वह फ़रमाते हैं:

"मुझे महसूस होता है कि अपने इस मुल्क में मुझे अभी और बहुत से काम करने हैं और मेरा निश्चय है कि इस मक़सद के लिये मैं अपने को तन्दुरुस्त रखूंगा. न मैं काम या ज़िम्मेदारी ही से भागता हूं और न मेरा कोई इरादा जंगल में चले जाने या पहाड़ों की राह पकड़ने का है. मुझे लगता है कि मुझे कुछ चीज़ अन्जाम देनी है और जब तक किसी को इस तरह महसूस होता है, तब तक उसे काम करने की और डटे रहने की तमन्ना बनी रहती है. मेरे अन्दर वह ज़ोरदार तमन्ना है." आगे चलकर उनका कहना है :

"आज़ादी के बाद से पिछले सात सालों में हमने जो कुछ किया है उस पर मुझे कोई नाउम्मेदी या असंतोश भी नहीं है. बल्कि मुझे ऐसा महसूस होता है कि न सिर्फ़ मैंने ज़ाती तौर पर बल्कि सारे मुल्क ने कामयाबी हासिल की है और आगे बढ़ा है. सच तो यह है कि अपने काम-काज में फ़रक़ करना मैं इसी वजह से ज़रूरी मानता हूं क्योंकि मैं सोचता हूं कि हमारे मुल्क ने अच्छा काम किया है और उसकी तरक़्क़ी के लिये अच्छी और मज़बूत बुनियाद क़ायम हो गई है. मैं डट कर काम करना चाहता हूं."

लेकिन फिर भी वह हटना क्यों चाहते हैं ? इसकी कई वजह हैं :—

"(i) बासीपन (Staleness) का कुछ एहसास होता है जो मशीन की तरह काम करने वाले को लाज़मी तौर पर आ ही जाता है.

(ii) मैं कुछ फ़ुर्सत चाहता हूं ताकि कुछ पढ़ सकूं और सोच सकूं. हम लोग जो सरकारी या इस तरह के दूसरे कामों में फंसे रहते हैं उनके साथ एक बड़ी दिक़्क़त यह हो जाती है कि उन्हें पढ़ने और सोचने के लिये वक़्त नहीं मिलता और न बुनियादी मामलों पर एक दूसरे से बात करने का ही मौक़ा मिलता है.

रही है और उसके रोकने की कोई कोशिश नहीं की जाती. और अगर रुकावटें हैं जिनकी वजह से इस तालीम के अलावा कोई दूसरा चारा नहीं है तो फिर इस तालीम को नाहक़ क्यों कोसा जाता है. इस का बहुत ख़राब असर उन लोगों पर पड़ता है जो आज यह तालीम हासिल करते हैं या कराते हैं. हम यह नहीं मानते कि पंडित नेहरू ने इस तरह की बात केवल जज़बे या गुस्से में आ कर कह दी होगी, क्योंकि वह बोलने की ख़ातिर कभी नहीं बोलते हैं. मगर दुनिया में एक चीज होती है जिस का नाम है "मजबूरी" जिसकी वजह से आदमी एक बात को सही समझ कर भी नहीं कर पाता और दूसरी बात को ग़लत जानते हुए भी करता है. ऐसे के लिये हम भगवान से यही दुआ करते हैं कि इसके विचार और अमल में जो फ़ासला है उसे दूर कर और जल्द से जल्द उसके अमल को उसके विचार की राह पर ला दे.

बहुत सोचने पर ऐसा लगता है कि आज की तालीम है तो निकम्मी पर आज जो मुल्क का समाजी आर्थिक ढांचा है उसका आईना है. आज हमारे समाज में हाथ से काम करने वाले की कोई इज़्ज़त नहीं, आबरू नहीं, कम काम करके, ज्यादा तनख़्वाह पाने वाले का मान है, वग़ैरा वग़ैरा. सरकारी मुहकमों को लीजिये, व्यापारी दायरों को देखिये, आम जनता में देखिये सब में यही पैमाना क़ायम है. और यही ख़ूबी इस तालीम की भी है कि इसको हासिल करके काम से नफ़रत पैदा हो जाती है, ऊंची तनख़्वाह पाने की तमन्ना होने लगती है और बिना काम किये खाने को जी चाहता है. इसलिये जब तक समाज के पैमाने नहीं बदलते और सरकार के नज़रिये में फ़रक़ नहीं आता तब तक इस तालीम को बदलना उसी तरह नामुमकिन है जैसे बबूल बोकर गुलाब पाने की उम्मीद रखना. अगर तालीम निकम्मी है तो इसका मतलब यह है कि इस तालीम को चलाने वाली सरकार निकम्मी है. होना तो यही चाहिये था कि पुराने राज के साथ पुरानी तालीम को भी रुख़सत कर देना था और नये राज के साथ नई तालीम लाना था. लेकिन मद्रास में राजा जी ने अगर कुछ तबदीली करने की कोशिश भी की तो नई सरकार ने उसे ख़तम कर के पुराना ढर्रा फिर जारी कर दिया ! नया राज, पुरानी तालीम !

इसलिये हम अपने देश के शासकों से अपील करना चाहते है कि अगर उन्हें सचमुच आजकल की तालीम से नफ़रत है तो उसके बदलने के लिये मुल्क के मौजूदा सियासी और आर्थिक ढांचे को बदलना चाहिये. यह ढांचा ही निकम्मा है. उसके तबदील होने पर तालीम आप से आप तबदील हो जायगी.

28. 10. '51 —सुरेशराम भाई

رہی ہے اور اس کے روکنے کی کوئی کوشش نہیں کی جاتی . اور اگر رکاوٹیں ہیں جنکی وجہ سے اِس تعلیم کے علاوہ کوئی دوسرا چارہ نہیں ہے تو پھر اس تعلیم کو ناحق کیوں کوسا جاتا ہے . اِس کا بہت خراب اثر اُن لوگوں پر پڑتا ہے جو آج یہ تعلیم حاصل کرتے ہیں یا کراتے ہیں. ہم یہ نہیں مانتے کہ پنڈت نہرو نے اِس طرح کی بات کیول جزبہ یا غصہ میں، آکر کہدی ہوگی، کیونکہ وہ بولنے کی خاطر کبھی نہیں بولتے ہیں . مگر دنیا میں ایک چیز ہوتی ہے جس کا نام ہے "مجبوری" جس کی وجہ سے آدمی ایک بات کو صحیح سمجھکر بھی نہیں کرپاتا اور دوسری بات کو غلط جانتے ہوئے بھی کرتا ہے . ایسے کے لئے ہم بھگوان سے یہی دعا کرتے ہیں کہ اس کے وچار اور عمل میں جو فاصلہ ہے اسے دور کر اور جلد سے جلد اس کے عمل کو اس کے وچار کی راہ پر لا دے.

بہت سوچنے پر ایسا لگتا ہے کہ آج کی تعلیم ہے تو نکمی پر آج جو ملک کا سماجی اور آرتھک ڈھانچہ ہے اُس کا آئینہ ہے . آج ہمارے سماج میں ہاتھ سے کام کرنے والے کی کوئی عزت نہیں، آبرو نہیں، کم کام کرکے زیادہ تنخواہ پانے والے کا مان ہے، وغیرہ وغیرہ . سرکاری محکموں کو لیجئے، وپاپاری دائروں کو دیکھئے، عام جنتا میں دیکھئے، سب میں یہی پیمانہ قائم ہے . اور یہی خوبی اس تعلیم کی بھی ہے کہ اِس کو حاصل کرکے کام سے نفرت پیدا ہو جاتی ہے، اونچی تنخواہ پانے کی تمنا کرنے لگتی ہے اور بنا کام کئے کھانے کو جی چاہتا ہے . اس لئے جب تک سماج کے پیمانے نہیں بدلتے اور سرکار کے نظریہ میں فرق نہیں آتا تب تک اس تعلیم کو بدلنا اسی طرح ناممکن ہے جیسے ببول بوکر گلاب پانے کی اُمید رکھنا . اگر تعلیم نکمی ہے تو اس کا مطلب یہ ہے کہ اِس تعلیم کو چلانے والی سرکار نکمی ہے . ہونا تو یہی چاہئے تھا کہ پرانے راج کے ساتھ پرانی تعلیم کو بھی رخصت کردینا تھا اور نئے راج کے ساتھ نئی تعلیم لانا تھا . لیکن مدراس میں راجا جی نے اگر کچھ تبدیلی کرنے کی کوشش بھی کی تو نئی سرکار نے اُسے ختم کر کے پرانا ڈھرا پھر جاری کردیا ! نیا راج، پرانی تعلیم !

اس لئے ہم اپنے دیش کے شاسکوں سے اپیل کرنا چاہتے ہیں کہ اگر اُنہیں سچ مچ آجکل کی تعلیم سے نفرت ہے تو اس کے بدلنے کے لئے ملک کے موجودہ سیاسی اور آرتھک ڈھانچے کو بدلنا چاہئے . یہ ڈھانچہ ہی نکما ہے . اس کے تبدیل ہونے پر تعلیم آپ سے آپ تبدیل ہوجائیگی .

28 . 10 . '54 — سریش رام بھائی

लिये पढ़ाई के दरजे और आम जनता के लिये पढ़कर सुनाने के दरजे चलाये जायें.

2. पंचायतों को मुल्क की पैदावार बढ़ानी चाहिये. जब तक देश की पैदावार नहीं बढ़ती और बेकारी मिटाने की योजनायें नहीं की जातीं तब तक लोगों को उत्साह नहीं आयेगा. हम सुनते हैं कि यहां की पंचायत वाले सड़कें बनाने में लगे हैं जिनमें लोगों को उत्साह नहीं आता. सड़कों का नतीजा यही निकलता है कि शहर वाले गांव वालों को जा कर लूटें.

3. पंचायत वालों को गांव की बेकारी हटानी चाहिये. जैसे स्वराज्य के लिये विदेशी माल का बाईकाट किया गया था उसी तरह गांव में स्वराज्य लाने के लिये शहर से आने वाले मशीन पर बने माल का बाईकाट करना होगा.

4. पैदावार का आधार जमीन है. इस वास्ते कुल जमीन गांव वालों की होनी चाहिये. गांव की जमीन का दोबारा बंटवारा हो और गांव में कोई भी आदमी बेजमीन न रहे.

5. गांव की पंचायतों की ताक़त लोक शक्ति ही है. गांव वालों की मर्जी के मुताबिक़ और गांव वालों की निगरानी में पंचायतें चलनी चाहियें. सरकारी मान्यता मिले या न मिले, इसकी चिंता नहीं. लोग अपनी ताक़त से काम करें. फिर सरकार की जो मदद मिलेगी सो मिलेगी.

सरकारी हाकिम या कारकुन और सार्वजनिक कार्यकर्ता, हर एक से हमारी अर्ज है कि विनोबा जी के इन सुझावों पर गहराई से विचार करके अमल करें और मुल्क की ताक़त को मजबूत बनायें.

28. 10. 54 —सुरेश रामभाई

"एकदम निकम्मी"

हाल ही में मिरजापूर जिले में विद्यार्थियों के सामने तक़रीर करते हुए प्रधान मन्त्री पन्डित जवाहरलाल नेहरू ने कहा कि यह तालीम जो आजकल दी जा रही है "एकदम निकम्मी" है. जहां तक हमें याद पड़ता है पन्डित जी ने इस तरह की राय पहली बार नहीं दी है, इसके पेशतर बीसयों दफ़ा वह यही चीज दूसरे शब्दों में कह चुके हैं और जहां तक हमें याद है राष्ट्रपति बाबू राजेन्द्र प्रसाद ने भी और उनके अलावा दूसरे जिम्मेदार लोगों ने भी इस तरह के ख्याल जाहिर किये हैं. सरदार पटेल भी यही कहा करते थे. मगर अक़्ल हैरान है कि जब ऊपर से लेकर नीचे तक सब ही इस तरह की बात कहते हैं तो फिर कौन ऐसी रुकावट है कि वही "एकदम निकम्मी" तालीम अभी तक चल रही है, बढ़

لئے پڑھائی کے درجے اور عام جنتا کے لئے پڑھ کر سنانے کے درجے چلائے جائیں .

2. پنچایتوں کو ملک کی پیداوار بڑھانی چاہئے . جب تک دیش کی پیداوار نہیں بڑھتی اور بیکاری مٹانے کی یوجنائیں کہیں نہیں کی جاتیں تب تک لوگوں کو اُتساہ نہیں آئے گا . ہم سنتے ہیں کہ یہاں کی پنچایت والے سڑکیں بنانے میں لگے ہیں جن میں لوگوں کو اُتساہ نہیں آتا . سڑکوں کا نتیجہ یہی نکلتا ہے کہ شہر والے گاؤں والوں کو جا کر لوٹیں .

3. پنچایت والوں کو گاؤں کی بیکاری ہٹانی چاہئے . جیسے سوراجیہ کے لئے ودیشی مال کا بائیکاٹ کیا گیا تھا اُسی طرح گاؤں میں سوراجیہ لانے کے لئے شہر سے آنے والے مشین پر بنے مال کا بائیکاٹ کرنا ہوگا .

4. پیداوار کا آہار زمین ہے . اِس واسطے کل زمین گاؤں والوں کی ہونی چاہئے . گاؤں کی زمین کا دوبارہ بنٹوارہ ہو اور گاؤں میں کوئی بھی آدمی بے زمین نہ رہے .

5. گاؤں کی پنچایتوں کی طاقت لوک شکتی ہی ہے . گاؤں والوں کی مرضی کے مطابق اور گاؤں والوں کی نگرانی میں پنچایتیں چلنی چاہئیں . سرکاری مانیٹا ملے یا نہ ملے اِس کی چنتا نہیں . لوگ اپنی طاقت سے کام کریں . پھر سرکار کی جو مدد ملے سو ملے گی .

سرکاری حاکم یا کارکن اور سارودھنک کاریہ کرتا' ہر ایک سے ہماری عرض ہے کہ وِنوبا جی کے اِن سجھاؤں پر گہرائی سے وچار کرکے عمل کریں اور ملک کی طاقت کو مضبوط بنائیں .

28. 10. '54 —سریش رامبھائی

"ایکدم نکمی"

حال ہی میں مرزاپور ضلعے میں ودیارتھیوں کے سامنے تقریر کرتے ہوئے ہمارے پردھان منتری پنڈت جواہر لال نہرو نے کہا کہ یہ تعلیم جو آجکل دی جارہی ہے "ایکدم نکمی" ہے . جہاں تک ہمیں یاد پڑتا ہے پنڈت جی نے اس طرح کی رائے پہلی بار نہیں دی ہے' اِس کے پیشتر بیسیوں دفعہ یہی چیز دوسرے شبدوں میں کہہ چکے ہیں اور جہاں تک ہمیں یاد ہے راشٹرپتی بابو راجیندر پرشاد نے بھی اور ان کے علاوہ دوسرے ذمہدار لوگوں نے بھی اِس طرح کے خیال ظاہر کئے ہیں . سردار پٹیل بھی یہی کہا کرتے تھے . مگر ہماری عقل حیران ہے کہ جب اُوپر سے لیکر نیچے تک سب ہی اس طرح کی بات کہتے ہیں تو پھر کون ایسی رکاوٹ ہے کہ وہی "ایکدم نکمی" تعلیم ابھی تک چل رہی ہے' بڑھ

के लिये पुलिस की इम्दाद लेने की ताक़त मिल जायेगी. नतीजा यह होने वाला है कि आज जो गांव के अन्दर भाई-चारा या प्रेम और ईमान बाक़ी है वह भी मिट जाएगा और आज जिस तरह लखनऊ या दिल्ली में नेताओं में रस्साकशी चलती है उसी तरह गांव गांव में भी चलने लगेगी, बल्कि कहीं ज्यादा बदतर और शर्मनाक सूरत में. आख़िर इसकी वजह क्या है ? सरकारी या कांग्रेसी नज़रिये में कहां चूक है ? जैसा हमने अभी कहा, इनकी निगाह में पंचायत हाकिम है, न कि सेवक. दूसरे शब्दों में, आप पंचायतों को सियासी व क़ानूनी आज़ादी जितनी चाहे दे दीजिये लेकिन अगर उसी दरजे तक आर्थिक आज़ादी नहीं देते हैं तो उनकी वही हालत होगी जैसे कि बिना बुनियाद वाले मकान की होती है. वह ढह जाता है और उसमें जो रहता है उसको भी दबा कर ख़तम कर देता है.

इसलिये हमारी साफ़ राय है कि जब तक गांव गांव को आर्थिक आज़ादी नहीं दी जाती तब तक यह सारी कोशिशें बेकार ही साबित होने वाली हैं. आर्थिक आज़ादी से हमारा मतलब यह है कि गांव की बुनियादी ज़रूरत की चीजें, जैसे कपड़ा, गुड़, शक्कर, तेल, जूता, दवा दारू, तालीम वग़ैरा में हर गांव अपने पैरों पर खड़ा होना चाहिये और गांव सभा को यह आज़ादी हासिल हो कि अगर इस तरह का माल बाहर से आए तो उसको आने से रोक दे. अगर गांव में माल बाहर से आता चला जाता है तो गांव में बेरोज़गारी बनी रहेगी, चोरी डकैती चलेंगी और आपसी फ़र्क़ बढ़ेंगे. इसके अलावा गांव की तालीम पर भी कोई ध्यान नहीं दिया जाता. तालीम से हमारी मन्शा किताबी पढ़ाई से नहीं है बल्कि सदाचार और लोक मरयादा की तालीम से है. पुराने ज़माने में संतों और साधुओं ने जो घूम घूम कर ज्ञान फैलाया और जिसे गांव वालों ने कान के ज़रिये हासिल किया उससे जो उनके समझ का माद्दा बढ़ा है उसका मुक़ाबला शहर वाले अभी भी नहीं कर सकते हैं. लेकिन इधर दो सौ साल से वह तालीम बंद सी हो गई है और कोई नया ज्ञान वहां नहीं पहुंच रहा है. न पुराना ही ताज़ा कराया जा रहा है. इस तरह नैतिक और आर्थिक दोनों बाजुओं की तरफ़ जब तक हमारी सरकारें या पंचायतें तवज्जह नहीं देंगी तब तक वह गांव की बेहतरी उड़द के ऊपर सफ़ेदी बराबर भी नहीं कर सकतीं.

हम आचार्या विनोबा जी के उन सुझावों को यहां देते हैं जो उन्होंने चम्पारन ज़िला के सगोली मुक़ाम पर पिछले जून में पंचायत के कारकुनों के आगे रक्खे थे. इनका कहना है :—

1. जगह जगह अभ्यास मंडल यानी पढ़ाई घर होने चाहियें जिसमें इस ज़माने के नए विचार भी बताए जाएं और सर्वोदय व गांधी साहित्य और कुछ धार्मिक किताबों की तालीम भी दी जाये. ख़ासकर छोटी उमर वालों के

کے لئے پولیس کی امداد لینے کی طاقت مل جائے گی . نتیجہ یہ ہونے والا ہے کہ آج جو گاؤں کے اندر بھائی چارا یا پریم اور ایمان باقی ہے وہ بھی مٹ جائے گا اور آج جس طرح لکھنؤ یا دلی میں نیتاؤں میں رساکشی چلتی ہے اُسی طرح گاؤں گاؤں میں بھی چلنے لگے گی، بلکہ کہیں زیادہ بدتر اور شرمناک صورت میں . آخر اِس کی وجہ کیا ہے ؟ سرکاری یا کانگریسی نظریہ میں کہاں چوک ہے ؟ جیسا ہم نے ابھی کہا، اِن کی نگاہ میں پنچایت حاکم ہے نہ کہ سیوک . دوسرے شبدوں میں، آپ پنچایتوں کو سیاسی و قانونی آزادی جتنی چاہے دے دیجئے، لیکن اگر اُسی درجے تک آرتھک آزادی نہیں دیتے ہیں تو اُن کی وہی حالت ہوگی جیسے کہ بنا بنیاد والے مکان کی ہوتی ہے . وہ ڈہ جاتا ہے اور اِس میں جو رہتا ہے اِس کو بھی دبا کر ختم کر دیتا ہے .

اِس لئے ہماری صاف رائے ہے کہ جب تک گاؤں گاؤں کو آرتھک آزادی نہیں دی جاتی تب تک یہ ساری کوششیں بیکار ہی ثابت ہونے والی ہیں . آرتھک آزادی سے ہمارا مطلب یہ ہے کہ گاؤں کی بنیادی ضرورت کی چیزیں، جیسے کپڑا، گڑ شکر، تیل، جوتا، دوا دارو، تعلیم وغیرہ میں ہر گاؤں اپنے پیروں پر کھڑا ہونا چلئے اور گاؤں سبھا کو یہ آزادی حاصل ہو کہ اگر اِس طرح کا مال باہر سے آئے تو اُس کو آنے سے روک دے . اگر گاؤں میں مال باہر سے آتا چلا جاتا ہے تو گاؤں میں بیروزگاری بنی رہے گی، چوری ڈکیتی چلیں گی اور آپسی فرق بڑھیں گے . اِس کے علاوہ گاؤں کی تعلیم پر بھی کوئی دھیان نہیں دیا جاتا . تعلیم سے ہماری منشا کتابی پڑھائی سے نہیں ہے بلکہ سدا چار اور لوک مریادا کی تعلیم سے ہے . پرانے زمانے میں سنتوں اور سادھوؤں نے جو گیم گیم گھوم کر گیان پھیلایا اور جسے گاؤں والوں نے کان کے ذریعہ حاصل کیا اُس سے جو اُن کے سمجھ کا مادہ بڑا ہے اس کا مقابلہ شہر والے ابھی بھی نہیں کر سکتے ہیں . لیکن اِدھر دو سو سال سے وہ تعلیم بند سی ہوگئی ہے اور کوئی نیا گیان وہاں نہیں پہونچ رہا ہے نہ پرانا ہی تازہ کرایا جا رہا ہے . اِس طرح نیتک اور آرتھک دونوں باژوں کی طرف جب تک ہماری سرکاریں یا پنچایتیں توجہ نہیں دیں گی تب تک وہ گاؤں کی بہتری اُڑد کے اوپر سفیدی برابر بھی نہیں کر سکتیں .

ہم آچاریہ وِنوبا جی کے اُن سجھاؤں کو یہاں دیتے ہیں جو اُنہوں نے چمپارن ضلع کے سگولی مقام پر پچھلے جون میں پنچایت کے کارکنوں کے آگے رکھے تھے . اُن کا کہنا ہے :—

1. جگہ جگہ ابھیاس منڈل یعنی پڑھائی گھر ہونا چاہیں جس میں اِس زمانہ کے نئے وچار بھی بتلائے جائیں اور سروودے و گاندھی ساہتیہ اور کچھ دھارمک کتابوں کی تعلیم بھی دی جائے . خاص کر چھوٹی عمر والوں کے

गांव हैं. यू. पी. पंचायत राज एक्ट 1947 के मुताबिक़ आज यू० पी० में 36,139 ग्राम पंचायतें और 8,543 अदालत पंचायत हैं. गांव के इन्तज़ाम में गांव सभा के अधिकारों में से कुछ ख़ास ख़ास यह हैं :—

1. सड़कों की रखवाली और मरम्मत, रोशनी, दवा-दारू, तालीम, सफ़ाई और मेलों का इन्तज़ाम.

2. पेड़ लगाना, गांव की हिफ़ाज़त के लिये चौकीदार या दूसरे लोगों का बन्दोबस्त करना, नये पुल और पुलियां बनवाना.

3. अपने काम के लिये कोई भी ज़मीन हासिल कर लेना.

4. लगान व दूसरे सरकारी टैक्स वसूल करना, गांव के लोगों पर नये तरह से नये टैक्स लगाना.

5. प्रदेश की सरकार से ज़रूरत पड़ने पर रुपया लेना और उसके साथ अपने काम के बढ़ाने के सिलसिले में कोई मुआहिदा करना या ठेका लेना.

इस तरह, कहीं ज्यादा, कहीं कम, दूसरी रियासतों में भी क़दम उठाये गये हैं. लेकिन जैसा हमारे प्रेमी पाठक जानते हैं इन पंचायतों या गांव सभाओं की वजह से न तो गांव के झगड़े कम हुये, न उनमें अमन हुआ न ख़ुशहाली आई. उलटे गांव के रोज़गार और भी ठंडे पड़ गये, चोरी वग़ैरा बुरे काम भी ज्यादा होने लगे और सबसे दर्दनाक बात जो हुई वह यह कि देहात के लोगों के दिलों में आपस में दरारें और ज्यादा पैदा हो गईं—

मर्ज़ बढ़ता गया ज्यों ज्यों दवा की

लेकिन इससे इन्कार नहीं किया जा सकता कि पंचायत नाम की वह अजमत है कि रह रह कर हर सरकार उसकी दुहाई देती है और उसके ऊपर अपने को क़ुर्बान करने की हामी भरती है. इस सिलसिले में हिन्दुस्तान के कुल प्रदेशों के उन मिनिस्टरों की जिनका पंचायत से वास्ता है, एक कान्फ्रेंस 25, 26, 27 जून को शिमला में हुई. इधर कांग्रेस वरकिंग कमेटी ने भी एक कमेटी पंचायतों की मौजूदा हालत की जांच करने और आगे के लिये सुझाव देने के लिये बनाई. इन तमाम कान्फ्रेन्सों और कमेटियों में हसबे मामूल बातचीत हुई. कमेटी की रिपोर्ट भी निकल चुकी है. लेकिन इन सब में एक ही जज़बा काम करता दिखता है या कहना चाहिये एक ही चीज़ पर ज्यादा ज़ोर दिया गया है. वह यह कि पंचायत किस तरह से गांव की बेहतर से बेहतर हाकिम बने यानी गांव को दबाकर अपने क़ब्ज़े में रखे. लेकिन दूसरे पहलू पर कि वह गांव के लोगों की सच्ची से सच्ची ख़िदमतगार किस तरह बने, कोई ध्यान नहीं दिया जाता. सूरत यह नज़र आती है कि जल्द ही हमारे देहात की पंचायतों या गांव सभाओं को बन्दूक़ व हथियार रखने की एक तरफ़ से और ज्यादा से ज्यादा टैक्स लगाने की और उसे वसूल करने

گاؤں ہیں . یو - پی پنچایت راج ایکٹ 1947 کے مطابق آج یو . پی . میں 36,139 گرام پنچایتیں اور 8,543 عدالت پنچایت ہیں. گاؤں کے انتظام میں گاؤں سبھا کے ادھیکاروں میں سے کچھ خاص خاص یہ ہیں :—

1. سڑکوں کی رکھوالی اور مرمت، روشنی، دوا دارو، تعلیم، صفائی اور میلوں کا انتظام .

2. پیڑ لگانا، گاؤں کی حفاظت کے لئے چوکیدار یا دوسرے لوگوں کا بندوبست کرنا، نئے پل اور پلیاں بنوانا .

3. اپنے کام کے لئے کوئی بھی زمین حاصل کرلینا .

4. لگان و دوسرے سرکاری ٹیکس وصول کرنا، گاؤں کے لوگوں پر نئے طرح سے نئے ٹیکس لگانا .

5. پردیش کی سرکار سے ضرورت پڑنے پر روپیہ لینا اور اس کے ساتھ اپنے کام کے بڑھانے کے سلسلہ میں کوئی معاہدہ کرنا یا ٹھیکا لینا .

اِس طرح، کہیں زیادہ، کہیں کم، دوسری ریاستوں میں بھی قدم اُٹھائے گئے ہیں . لیکن جیسا ہمارے پریمی پاٹھک جانتے ہیں اِن پنچایتوں یا گاؤں سبھاؤں کی وجہ سے نہ تو گاؤں کے جھگڑے کم ہوئے، نہ اِن میں امن ہوا اور نہ خوشحالی آئی . اُلٹے گاؤں کے روزگار اور بھی ٹھنڈے پڑ گئے، چوری وغیرہ برے کام بھی زیادہ ہونے لگے اور سب سے دردناک بات جو ہوئی وہ یہ کہ دیہات کے لوگوں کے دلوں میں آپس میں دراڑیں اور زیادہ پیدا ہوگئیں—

مرض بڑھتا گیا جوں جوں دوا کی

لیکن اِس سے اِنکار نہیں کیا جا سکتا کہ پنچایت نام کی وہ عظامت ہے کہ رہ رہ کر ہر سرکار اِس کی دھائی دیتی ہے اور اس کے اُوپر اپنے کو قربان کرنے کی حا ی بھرتی ہے . اِس سلسلہ میں ہندستان کے کل پردیشوں کے اُن منسٹروں کی جن کا پنچایت سے واسطہ ہے، ایک کانفرنس 25, 26, 27 جن کو شملہ میں ہوئی . اِدھر کانگریس ورکنگ کمیٹی نے بھی ایک کمیٹی پنچایتوں کی موجودہ حالت کی جانچ کرنے اور آگے کے لئے سجھاؤ دینے کے لئے بنائی . اِن تمام کانفرنسوں اور کمیٹیوں میں حسب معمول بات چیت ہوئیں . کمیٹی کی رپورٹ بھی نکل چکی ہے . لیکن اِن سب میں ایک ہی جزبہ کام کرتا دیکھتا ہے یا کہنا چاہئے ایک ہی چیز پر زیادہ زور دیا گیا ہے . وہ یہ کہ پنچایت کسی طرح سے گاؤں کی بہتر سے بہتر حاکم بنے یعنی گاؤں کو دبا کر اپنے قبضہ میں رکھے . لیکن دوسرے پہلو پر کہ وہ گاؤں کے لوگوں کی سچی سے سچی خدمتگار کس طرح بنے، کوئی دھیان نہیں دیا جاتا . صورت یہ نظر آتی ہے کہ جلد ہی ہمارے دیہات کی پنچایتوں یا گاؤں سبھاؤں کو بندوق و بھنڈار رکھنے کی ایک طرف سے اور زیادہ سے زیادہ ٹیکس لگانے کی اور اسے وصول کرنے

रास्ता है. पर मैनदे फ्रान्स मालूम होता है महात्मा गांधी की तरह अपने देश को बाहर के और अन्दर के दोनों तरह के पापों से छुड़ाना चाहते हैं. इसमें सन्देह नहीं मैनदे फ्रांस इस समय की दुनिया के बड़े से बड़े आदमियों में से हैं.

यह सच है कि फ्रान्स अभी तक साम्राजशाही के पाप से मुक्त नहीं हुआ है. इस नोट के लिखे जाने के समय तक फ्रान्स की तरफ से अफरीक़ा के देश भक्तों पर जुल्म हो रहे हैं. फिर भी हम फ्रान्स को श्री मैनदे फ्रांस के सामने आने पर दिल से बधाई देते हैं और उनकी कोशिशों की कामयाबी के लिये दुआ करते हैं.

11. 11. '54 —सुन्दरलाल

पंचायतों की आज़ादी

यह मौक़ा मिला है कि अपनी मर्ज़ी के मुताबिक़, जनता की ख़ुदमुख़्तार ताक़त के आधार पर, अपने मुल्क का निर्माण कर सकें. लेकिन आज़ादी के बाद सात साल बीतने के बावजूद हिन्दुस्तान के आम रहने वालों को आज़ादी का कोई ख़ास मज़ा नहीं आया, ज़िन्दगी में कोई ख़ास लज़्ज़त नहीं पैदा हुई और ज़्यादातर तो पहले के मुक़ाबिले ज़्यादा दुखी हैं. इसकी वजह भी है. वह यह है कि आज़ादी के साथ वह इन्क़लाब नहीं आया जो कि आना चाहिये था. कुछ हद तक यह सही है कि हमने अहिंसा की ताक़त से स्वराज लिया. मगर यह कुछ ही हद तक सही है क्योंकि अगर हमारे स्वराज के पीछे सौलह आने अहिंसा ही होती तो आज़ादी के बाद जो हम सब में सुस्ती और बैर भाव वग़ैरा दोश हैं वह न होते. इसलिये यह आज़ादी महज़ हुकूमत के बदलाव की ही एक शकल है. इसको इन्क़लाब नहीं कहते. कहीं ज़्यादा बड़ी वजह यह है कि आज़ादी के पहले समाज में जो मान्यतायें थीं वही आज भी चालू हैं. जैसे ऊंचा ओहदा, ऊंचा मकान, ऊंचा महल, ऊंची ज़ात, ऊंची इज़्ज़त, ऊंची डिग्री, ऊंची तनख़्वाह. हाथ काम से ऊंची नफ़रत वग़ैरा. ज़ाहिर है कि अगर यह नाप हमारे समाज में बदस्तूर बने रहते हैं तो शराफ़त या इन्सानियत के दर्जे में हम और हमारा मुल्क और भी गिरेंगे और हिन्दुस्तान नाम का यह क़िला धड़ाम से गिरेगा. इसका यह मतलब नहीं कि हम आज़ादी की कोई क़ीमत नहीं करते. हम फिर अर्ज़ करेंगे कि पिछले दो हज़ार बरस के हमारे इतिहास के अन्दर यह सबसे बड़ी चीज़ है. लेकिन इसके यह मानी नहीं कि अपने मुल्क में जो आज असलियत है उससे आंख बचाई जाये. हमारे समाज में भंगी की हालत देखिये, हमेशा के जैसा नीचा और ग़ुलाम है. आज भी हरिजन और ब्राह्मन साथ साथ अक्सर नहीं बैठते. इन हरिजनों को हमारे मन्दिर में जगह नहीं है, पर वह मन्दिर भी गन्दगी के नमूने हैं और उन मन्दिरों के ठेकेदार पन्डों को आत्म ज्ञान कितना है या नेक चलन कितने हैं यह तो भगवान ही जानता होगा. या फिर हमारे घरों में अपनी बहनों की हालत देखिये. जो एक ज़माने में देवी थी आज वह चूल्हे की दासी बनी हुई है और इस तरह हमारे समाज का आधा हिस्सा पस्त पड़ा है. यह चीज़ें अगर बनी रहती हैं और दुखिया का दुख नहीं दूर होता है तो हमारा ख़्याल है कि अपनी आज़ादी को भी हम ज़्यादा दिन क़ायम नहीं रख सकते. इसलिये एक बुनियादी इन्क़लाब की सख़्त दरकार है. दूसरे लफ़्ज़ों में हमारे यहां के ग़रीब से ग़रीब और दुखी से दुखी आदमी को आर्थिक और समाजी आज़ादी हासिल होनी चाहिये. गांव गांव को अपने विकास व तरक़्क़ी की आज़ादी होनी चाहिये, यानी ग्राम राज क़ायम होना चाहिये. यह काम जल्दी से जल्दी होना चाहिये वर्ना मुल्क ख़तरे में है. कहने का मक़सद यह है कि एक लड़ाई यानी सियासी

یہ موقع ملا ہے کہ اپنی مرضی کے مطابق، جنتا کی خود مختار طاقت کے آدھار پر، اپنے ملک کا نرمان کرسکیں . لیکن آزادی کے بعد سات سال بیتنے کے باوجود ہندستان کے عام رہنے والوں کو آزادی کا کوئی خاص مزا نہیں آیا، زندگی میں کوئی خاص لذت نہیں پیدا ہوئی اور زیادہتر تو پہلے کے مقابلہ زیادہ دکھی ہیں . اسکی وجہ بھی ہے . وہ یہ ہے کہ آزادی کے ساتھ وہ انقلاب نہیں آیا جو کہ آنا چاہئے تھا . کچھ حدتک یہ صحیح ہے کہ ہم نے انقسا کی طاقت سے سوراج لیا . مگر یہ کچھ ہی حدتک صحیح ہے کیونکہ اگر ہمارے سوراج کے پیچھے سولہ آنے اہنسا ہی ہوتی تو آزادی کے بعد جو ہم سب میں سستی اور بیربہاؤ وغیرہ دوش ہیں وہ نہ ہوتے . اس لئے یہ آزادی محض حکومت کے بدلاؤ کی ہی ایک شکل ہے . اس کو انقلاب نہیں کہتے . کہیں زیادہ بڑی وجہ یہ ہے کہ آزادی کے پہلے سماج میں جو مانیتائیں تھیں وہی آج بھی چالو ہیں . جیسے اُونچا عہدہ، اُونچا مکان، اُونچا محل، اُونچی ذات، اُونچی عزت، اُونچی ڈگری، اُونچی تنخواہ، ناپ کے کام سے اُونچی نفرت وغیرہ . ظاہر ہے کہ اگر یہ ناپ ہمارے سماج میں بدستور بنے رہتے ہیں تو شرافت یا انسانیت کے درجہ میں ہم اور ہمارا ملک اور بھی گرینگے اور ہندستان نام کا یہ قلعہ دھڑام سے گریگا . اس کا یہ مطلب نہیں کہ ہم آزادی کی کوئی قیمت نہیں کرتے . ہم پھر عرض کرینگے کہ پچھلے دو ہزار برس کے ہمارے اتہاس کے اندر یہ سب سے بڑی چیز ہے . لیکن اس کے یہ معنی نہیں کہ اپنے ملک میں جو آج اصلیت ہے اس سے آنکھ بچائی جائے . ہمارے سماج میں بھنگی کی حالت دیکھئے، ہمیشہ کے جیسا نیچا اور غلام ہے . آج بھی ہریجن اور براہمن ساتھ ساتھ اکثر نہیں بیٹھتے . ان ہریجنوں کو ہمارے مندر میں جگہ نہیں ہے، پر وہ مندر بھی گندگی کے نمونے ہیں اور ان مندروں کے ٹھیکیدار پنڈوں کو آتم گیان کتنا ہے یا نیک چلن کتنے ہیں یہ تو بھگوان ہی جانتا ہوگا . یا پھر ہمارے گھروں میں اپنی بہنوں کی حالت دیکھئے . جو ایک زمانہ میں دیوی تھی آج وہ چولھے کی داسی بنی ہوئی ہے اور اس طرح ہمارے سماج کا آدھا حصہ پست پڑا ہے . یہ چیزیں اگر بنی رہتی ہیں اور دکھیا کا دکھ نہیں دور ہوتا ہے تو ہمارا خیال ہے کہ اپنی آزادی کو بھی ہم زیادہ دن قائم نہیں رکھ سکتے . اس لئے ایک بنیادی انقلاب کی سخت درکار ہے . دوسرے لفظوں میں ہمارے یہاں کے غریب سے غریب اور دکھی سے دکھی آدمی کو آرتھک اور سماجی آزادی حاصل ہونی چاہئے . گاؤں گاؤں کو اپنے وکاس و ترقی کی آزادی ہونی چاہئے، یعنی گرام راج قائم ہونا چاہئے . یہ کام جلدی سے جلدی ہونا چاہئے ورنہ ملک خطرہ میں ہے . کہنیکا مقصد یہ ہے کہ ایک لڑائی یعنی سیاسی

आई हुई है, लेकिन दक्खिन बिहार में सूखा पड़ रहा है. पानी का यह बंटवारा एक दम ग़लत है. लेकिन यह ग़लत इसी वजह से है कि ज़मीन का बंटवारा आपने ग़लत कर रखा है. मुझे गांव की कुल ज़मीन दान में दे डालिये और ज़मीन का दोबारा बंटवारा कीजिये. जिस तरह प्रेम से घर में रहते हैं इस तरह यह सब कीजिये. तब आप देखेंगे कि पानी का भी बंटवारा ठीक तरह से हो जायेगा. इसी तरह उन्होंने एक जगह यह कहा कि "बाढ़ का जो संकट आया है इसे बर्दान में बदल सकते हैं. यह संकट भगवान ने आपकी जांच के लिये भेजा है. वह यह बताते हैं कि अपने पास जो भी है इसे इस वक़्त दूसरों के लिये लुटाना चाहिये." उन्होंने ख़ास तौर से अपील व्यापारी समाज से की और उससे कहा कि चीजों के दाम न बढ़ाइये.

बाढ़ के बाद जो आफ़तें आती हैं उनकी तरफ़ नेताओं या कारकुनों का ध्यान कम जाता है. बरसात के बाद तरह तरह की बीमारियां और दूसरी मुसीबतें आ घेरती हैं. अपने निजी अनुभव की रोशनी में बाबा ने यह सुझाव पेश किये.

1. पीने के लिये उबले हुए पानी का इस्तेमाल कीजिये.

2. बहुत पके या सड़े हुए फल और ख़राब तरकारियां न खाइये.

3. बाज़ार की मिठाई और गन्दी चीज़ न खाइये.

4. गावों को साफ़ सुथरा रखिये और गांवों के सब लोग, छोटे बड़े, अमीर ग़रीब, विद्यार्थी शिक्षक, मिलकर फावड़ा, कुदाली और टोकरी लेकर लग जाइये.

एक तरफ़ हमारे नेता या अख़बार हैं जो बुलन्द आवाज़ से करोड़ों रुपये की मांग दिल्ली सरकार से कर रहे हैं. दूसरी तरफ़ विनोबा जी इनका ही एक हिस्सा बन कर गांव के सभी रहने वालों से प्रेम से रहने और अपनी मदद ख़ुद करने की अपील कर रहे हैं. पहली बात के मुक़ाबले में दूसरी बात पागलपन जैसी मालूम होगी. लेकिन वक़्त जल्द ही यह साबित कर देने वाला है कि अपनी मदद ख़ुद करे बग़ैर कोई दूसरा रास्ता नहीं है. यानी ज़मीन की निजी मालकी ख़तम होकर गांव की मालकी होनी चाहिये और गांव के धन्धों को, जिनका मरकज़ चर्खा है, दोबारा चलाना चाहिए. इसके अलावा कोई दूसरी सूरत नहीं है. हम चाहते हैं कि हमारे सार्वजनिक कार्यकरता इस चीज़ पर शान्ति के साथ ग़ौर करें और इन्सानियत की तरफ़ क़दम बढ़ायें.

28. 9. '54 —सुरेशराम भाई

नई लड़ाई नये सिपाही

आज से सात साल पहले हमने जो आज़ादी हासिल की वह हमारे इतिहास की एक बेमिसाल घटना है. शायद दो हज़ार बरस के बाद हम हिन्दुस्तान वालों को पहली बार

آئی ہوئی ہے، لیکن دکھن بہار میں سوکھا پڑ رہا ہے. پانی کا یہ بنٹوارہ ایکدم غلط ہے. لیکن یہ غلط اسی وجہ سے ہے کہ زمین کا بنٹوارہ آپ نے غلط کر رکھا ہے. مجھے گاؤں کی کل زمین دان میں دے ڈالئے اور زمین کا دوبارہ بنٹوارہ کیجئے. جس طرح پریم سے گھر میں رہتے ہیں اس طرح یہ سب کیجئے. تب آپ دیکھینگے کہ پانی کا بھی بنٹوارہ ٹھیک طرح سے ہوجائیگا." ایسی طرح انہوں نے ایک جگہ یہ کہا کہ "باڑھ کا جو سنکٹ آیا ہے اسے بردان میں بدل سکتے ہیں. یہ سنکٹ بھگوان نے آپ کی جانچ کے لئے بھیجا ہے. وہ یہ بتاتے ہیں کہ اپنے پاس جو بھی ہے اسے اس وقت دوسروں کے لئے لٹانا چاہئے." انہوں نے خاص طور سے اپیل وپاپاری سماج سے کی اور اس سے کہا کہ چیزوں کے دام نہ بڑھائیے.

باڑھ کے بعد جو آفتیں آتی ہیں ان کی طرف نیتاؤں یا کارکنوں کا دھیان کم جاتا ہے. برسات کے بعد طرح طرح کی بیماریاں اور دوسری مصیبتیں آگھیرتی ہیں. اپنے نجی آنوبھو کی روشنی میں بابا نے یہ سجھاؤ پیش کئے:

1. پینے کے لئے اُبلے ہوئے پانی کا استعمال کیجئے.

2. بہت پکے یا سڑے ہوئے پھل اور خراب ترکاریاں نہ کھائیے.

3. بازار کی مٹھائی اور گندی چیز نہ کھائیے.

4. گاؤں کو صاف ستھرا رکھئے اور گاؤں کے سب لوگ، چھوٹے بڑے، امیر غریب، ودیارتھی شکشک، مل کر پھاوڑا، کدالی اور ٹوکری لے کر لگ جائیے.

ایک طرف ہمارے نیتا یا اخبار ہیں جو بلند آواز سے کروڑوں روپیہ کی مانگ دلی سرکار سے کر رہے ہیں. دوسری طرف ونوبا جی ان کا بھی ایک حصہ بن کر گاؤں کے سبھی رہنے والوں سے پریم سے رہنے اور اپنی مدد خود کرنے کی اپیل کر رہے ہیں. پہلی بات کے مقابلہ میں دوسری بات پاگل پن جیسی معلوم ہوگی. لیکن وقت جلد ہی یہ ثابت کردینے والا ہے کہ اپنی مدد خود کرے بغیر کوئی دوسرا راستہ نہیں ہے. یعنی زمین کی نجی مالکی ختم ہوکر گاؤں کی مالکی ہونی چاہئے اور گاؤں کے دھندوں کو، جن کا مرکز چرخہ ہے، دوبارہ چلانا چاہئے. اس کے علاوہ کوئی دوسری صورت نہیں ہے. ہم چاہتے ہیں کہ ہمارے ساروجنک کاریہ کرتا اس چیز پر شانتی کے ساتھ غور کریں اور انسانیت کی طرف قدم بڑھائیں.

28. 9. '54 —سریش رام بھائی.

نئی لڑائی نئے سپاہی

آج سے سات سال پہلے ہم نے جو آزادی حاصل کی وہ ہمارے اتہاس کی ایک بےمثال گھٹنا ہے. شاید دو ہزار برس کے بعد ہم ہندستان والوں کو پہلی بار

कि यह कांग्रेसी सरकार निकम्मी है और कोई मदद नहीं करना चाहती. इसके ख़िलाफ़ कांग्रेसवाले ऐसी तस्वीर पेश करते थे मानो सरकार ने इस वक़्त जो ख़िदमत की है वह या उससे ज्यादा ख़िदमत न कभी किसी ने की और न की जा सकती है. लेकिन जब अकेले बैठते तो सत्य क़बूल करते थे. एक कांग्रेसी भाई ने क़बूल किया कि यह चुनावपूर्व मौसम है और इसका हमें फ़ायदा उठाना चाहिये. दूसरे भाई ने (वह कांग्रेसी M. L. A. थे) कहा कि मदद क्या है अपनी हस्ती साबित करने का एक ज़रिया है. सौ बातों की एक बात यह है कि इतनी भयानक बाढ़ आने पर भी हमारे नेता या सियासी कारकुन अपने भेद भाव नहीं दूर कर सके और अपनी आदत से बाज़ न आये. नहीं, नहीं, उन्होंने मुल्क का कुछ ख्याल न करके इससे भी अपना निजी फ़ायदा उठाना मुनासिब समझा.

इस बाढ़ से हम जिन नतीजों पर पहुंचे वह यह हैं:

(1) लोगों में एक दूसरे के दुख का एहसास बहुत कम है.

(2) उनके पास करने को कोई काम नहीं है.

(3) उन्हें हैरत होती है कि भला मिलकर भी इस आफ़त का सामना किया जा सकेगा.

सन्त विनोबा को यह सब देख कर बहुत ही तकलीफ़ हुई. लेकिन उनकी प्रार्थना सभाओं में जो इन्तहाई भीड़ होती थी, पांच हज़ार से कम नहीं और कहीं कहीं बीस हज़ार तक, इससे पता चलता था कि जनता इनका संदेश सुनना चाहती है. हर जगह उन्होंने एक चीज़ पर ज़ोर दिया :

> "गांवों के अन्दर सब लोग एक खान्दान या कुनबे की तरह रहिये. ख़ाली मत बैठिये. कम से कम चर्ख़ा ही चलाइये. जिनको कम नक़सान हुआ है वह उनकी मदद करें जिनको ज्यादा नक़सान हुआ है."

उन्होंने अपने पांव पर खड़े होने और एक दूसरे की मदद करने की अपील की. उन्होंने इस अमर सच की उन्हें याद दिलाई कि बांटने पर दुख घटता है और सुख बढ़ता है. उनके कहने का सार यही था—"अपने सुख दुख में एक हो जाओ." इसलिये उन्होंने मांग की कि मुझे अब पूरे के पूरे गांव दान में दीजिये. "बाढ़ से यह साफ़ पता चल जाता है कि सारी भूमि गोपाल की है." और एक दिन एक ज़मींदार साहब बाबा के पास कुछ ग़ुस्से में आ कर बोले—"बड़े दुख की बात है कि जब बाढ़ से हम मरे जा रहे हैं तभी आप दान मांग रहे हैं." बाबा ने शान्ति के साथ जवाब दिया—"जी हां. इस वजह से दान मांग रहा हूं क्योंकि आप मरे जा रहे हैं. क्या इस दुनिया से जाने के पहले आप दान कर के नहीं जाना चाहते?" एक दूसरी जगह पर बाबा ने कहा—"उत्तर बिहार में बाढ़

کہ یہ کانگریسی سرکار نکمی ہے اور کوئی مدد نہیں کرنا چاہتی. اس کے خلاف کانگریس والے ایسی تصویر پیش کرتے تھے مانو سرکار نے اس وقت جو خدمت کی ہے وہ یا اس سے زیادہ خدمت نہ کبھی کسی نے کی اور نہ کی جاسکتی ہے. لیکن جب اکیلے بیٹھتے تو ستیہ قبول کرتے تھے. ایک کانگریسی بھائی نے قبول کیا کہ یہ چناؤ - پورو موسم ہے اور اس کا ہمیں فائدہ اُٹھانا چاہئے. دوسرے بھائی نے (وہ کانگریسی M.L.A. تھے) کہا کہ مدد کیا ہے اپنی ہستی ثابت کرنے کا ایک ذریعہ ہے. سو انہوں کی ایک بات یہ ہے کہ اتنی بھیانک باڑھ آنے پر بھی ہمارے نیتا یا سیاسی کارکن اپنے بھیدبھاؤ نہیں دور کرسکے اور اپنی عادت سے باز نہ آئے. نہیں، نہیں، انہوں نے ملک کا کچھ خیال نہ کرکے اس سے بھی اپنا نجی فائدہ اُٹھانا مناسب سمجھا.

اس باڑھ سے ہم جن نتیجوں پر پہونچے وہ یہ ہیں :

(1) لوگوں میں ایک دوسرے کے دکھ کا احساس بہت کم ہے.

(2) ان کے پاس کرنے کو کوئی کام نہیں ہے.

(3) انہیں حیرت ہوتی ہے کہ بھلا مل کر بھی اس آفت کا سامنا کیا جاسکیگا.

سنت وِنوبا کو یہ سب دیکھکر بہت ہی تکلیف ہوئی. لیکن ان کی پرارتھنا سبھاؤں میں جو انتہائی بھیڑ ہوتی تھی، پانچ ہزار سے کم نہیں اور کہیں کہیں بیس ہزار تک، اس سے پتہ چلتا تھا کہ جنتا ان کا سندیش سننا چاہتی ہے. ہر جگہ انہوں نے ایک چیز پر زور دیا :

"گاؤں کے اندر سب لوگ ایک خاندان یا کنبہ کی طرح رہیئے. خالی مت بیٹھئے. کم سے کم چرخہ ہی چلائیے. جن کو کم نقصان ہوا ہے وہ ان کی مدد کریں جن کو زیادہ نقصان ہوا ہے."

انہوں نے اپنے پاؤں پر کھڑے ہونے اور ایک دوسرے کی مدد کرنے کی اپیل کی. انہوں نے اس امر سچ کی انہیں یاد دلائی کہ بانٹنے پر دکھ گھٹتا ہے اور سکھ بڑھتا ہے. ان کے کہنے کا سار یہی تھا—"اپنے سکھ دکھ میں ایک ہو جاؤ." اس لئے انہوں نے مانگ کی کہ مجھے اب پورے کے پورے گاؤں دان میں دیجئے. "باڑھ سے یہ صاف پتہ چل جاتا ہے کہ ساری بھومی گوپال کی ہے." اور ایک دن ایک زمیندار صاحب بابا کے پاس کچھ غصہ میں آکر بولے—"بڑے دکھ کی بات ہے کہ جب باڑھ سے ہم مرے جارہے ہیں تبھی آپ دان مانگ رہے ہیں." بابا نے شانتی کے ساتھ جواب دیا—"جی ہاں. اس وجہ سے دان مانگ رہا ہوں کیونکہ آپ مرے جارہے ہیں. کیا اس دنیا سے جانے کے پہلے آپ دان کرکے نہیں جانا چاہتے؟" ایک دوسری جگہ پر بابا نے کہا—"اگر بہار میں باڑھ

दिये हैं. पर हमारे पास तो कोई ऐसा औज़ार है नहीं जिसके ज़रिये से यह नुक़सान नापा जा सके. हम तो सिर्फ़ उन गांव के बारे में कह सकते हैं जो हमने खुद देखे. लिहाज़ा एक गांव के बारे में नुक़सान की तफ़सील दिखला कर सब्र करेंगे. संघ्य बुजुर्ग नाम का गांव नरहन रेलवे स्टेशन के नज़दीक है. इसका रक़बा 1700 बीघा, आबादी क़रीब 6000, घर या खान्दान क़रीब एक हज़ार. इस गांव में तक़रीबन तीन-चौथाई मकान गिरे थे और आधी फ़सल बरबाद हुई थी. साधारन हिसाब से, फ़सल का नुक़सान क़रीब 76,000 रुपये का हुआ. लेकिन इस सब से ज़्यादा नुक़सान की बात यह थी कि लोग घरों पर एक दम बेकार बैठे थे. औरतें तो अपने घरलू काम में लगी थीं, मगर मर्द 100 फ़ी सदी ही हाथ पर हाथ धरे खाली वक़्त गुज़ार रहे थे. उनको देखकर ऐसा लगता था कि भगवान ने उनके लिये हाथ बिला ज़रूरत के दिये हैं. उनके पास करने को क़तई कोई काम नहीं था. मानो गांव का हर आदमी एक ऐसे मन्दिर का पुजारी था जिसमें तीन देवता थे—सुस्ती, बेकारी और पर-निन्दा (ग़ैर की बुराई). सब से ज़्यादा तकलीफ़देह बात यह थी कि किसी को अपने पड़ोसी के दुख का एहसास नहीं था. अक्सर ऐसा दिखलाई पड़ा कि जो अच्छी तरह खाते पीते, मज़ा करते थे, उनके ठाठ पहले के जैसे ही जारी थे और ग़रीब पड़ोसी जिसका मकान गिर गया है, सामान बेकार हो गया है, उसकी तरफ़ उनका ध्यान ज़रा भी नहीं जाता था. एक जगह हमने देखा कि एक बुढ़िया जिसका मकान गिर गया है, रो रही थी. पर कोई उसकी मदद को नहीं आता था.

बाढ़ज़दा लोगों को जो मदद दी गई है उसके बारे में तो जितना कहा जाए थोड़ा है. नेता लोग, एम. एल. ए. और एम. पी. ज़्यादातर ऐसे ही गांव तक पहुंच पाते थे जो रेलवे स्टेशन के या मोटर की सड़क के पास हों. सरकारी अफ़सर जो इस काम के लिये भेजा जाता है उसे मानो इस काम में कोई दिलचस्पी ही नहीं है. वह गांव के रईस या बड़े बड़े हाथी वाले बाबू साहब के पास पहुंचता है जहां उसको मेज़ कुर्सी मिल सके. और यह बाबू साहब अपने दरबारियों के कहने के मुताबिक़ सरकारी इमदाद तक़सीम करा देते हैं. नतीजा यह है कि जिन्हें मदद नहीं मिलनी चाहिये, इन्हें मिल जाती है और जो असल में ज़रूरतमन्द हैं उनकी सुनवाई भी नहीं होती. उन ग़रीबों की कहीं पहुंच भी नहीं है. इसलिये वह महज़ सब्र करके रह जाते हैं और जो देहात ज़्यादा अन्दर को हैं वहां तो न कोई मदद गई है और न बाहर से ही कोई पूछने आया. इस इमदाद का एक बड़ा और ख़तरनाक पहलू यह भी है कि ग़ैर कांग्रेसी सियासतदानों ने यह रुख़ अख़्तयार किया

دیئےہیں . پر ہمارے پاس تو کوئی ایسا اوزار ہےنہیں جس کے ذریعہ سے یہ نقصان ناپا جا سکے. ہم تو صرف اِن گاؤں کے بارے میں کہہ سکتے ہیں جو ہم نے خود دیکھے , لہذا ایک گاؤں کے بارے میں نقصان کی تفصیل دکھلا کر صبر کرینگے . سنگھ بزرگ نام کا گاؤں نرہن ریلوے اسٹیشن کے نزدیک ہے . اس کا رقبہ 1700 بیگھا' آبادی قریب 6000' گھر یا خاندان قریب ایک ہزار . اِس گاؤں میں تقریباً تین-چوتھائی مکان گرے تھے اور آدھی فصل برباد ہوئی تھی . سادھارن حساب سے' فصل کا نقصان قریب 76,000 روپیہ کا ہوا . لیکن اس سب سے زیادہ نقصان کی بات یہ تھی کہ لوگ گھروں پر ایکدم بیکار بیٹھے تھے . عورتیں تو اپنے گھریلو کام میں لگی تھیں' مگر مرد 100 فی صدی ہی ہاتھ پر ہاتھ دھرے خالی وقت گذار رہے تھے . اُن کو دیکھکر ایسا لگتا تھا کہ بھگوان نے اُن کے لئے ہاتھ بلا ضرورت کے دیئے ہیں. اُن کے پاس کرنےکو قطعی کوئی کام نہیں تھا . مانو گاؤں کا ہر آدمی ایک ایسے مندر کا پجاری تھا جس میں تین دیوتا تھے—سستی' بیکاری اور پرنندا (غیر کی برائی) . سب سے زیادہ تکلیف دہ بات یہ تھی کہ کسی کو اپنے پڑوسی کے دکھ کا احساس نہیں تھا . اکثر ایسا دکھلائی پڑا کہ جو اچھی طرح کھاتے پیتے' مزہ کرتے تھے' اُن کے ٹھاٹھ پہلے کے جیسے ہی جاری تھے اور غریب پڑوسی جس کا مکان گر گیا ہے' سامان بیکار ہو گیا ہے' اس کی طرف اُن کا دھیان ذرا بھی نہیں جاتا تھا . ایک جگہ ہم نے دیکھا کہ ایک بوڑھیا جسکا مکان گر گیا ہے' رو رہی تھی . پر کوئی اس کی مدد کو نہیں آتا تھا .

باڑہ زدہ لوگوں کو جو مدد دی گئی ہے اس کے بارے میں تو جتنا کہا جائے تھوڑا ہے . نیتا لوگ' ایم . ایل . اے اور ایم . پی' زیادہ تر ایسے ہی گاؤں تک پہونچ پاتے تھے جو ریلوے اسٹیشن کے یا موٹر کی سڑک کے پاس ہوں . سرکاری افسر جو اس کام کے لئے بھیجا جاتا ہے اسے مانو اس کام میں کوئی دلچسپی ہی نہیں ہے . وہ گاؤں کے رئیس یا بڑے بڑے ہاتھی والے بابو صاحب کے پاس پہونچتا ہے جہاں اس کو میز کرسی مل سکے. اور یہ بابو صاحب اپنے درباریوں کے کہنے کے مطابق سرکاری امداد تقسیم کرا دیتے ہیں . نتیجہ یہ ہے کہ جنہیں مدد نہیں ملنی چاہئے' انہیں مل جاتی ہے اور جو اصل میں ضرورتمند ہیں ان کی سنوائی بھی نہیں ہوتی . اُن غریبوں کی کہیں پہونچ بھی نہیں ہے . اس لئے وہ محض صبر کرکے رہ جاتے ہیں . اور جو دیہات زیادہ اندر کو ہیں وہاں تو نہ کوئی مدد گئی ہے اور نہ باہر سے ہی کوئی پوچھنے آیا . اس امداد کا ایک برا اور خطرناک پہلو یہ بھی ہے کہ غیر کانگریسی سیاست دانوں نے یہ رخ اختیار کیا

हم دربھنگا ضلع کے سمستی‌پور سب ڈویژن کے سات تھانوں میں گئے . ناجپور، محمدی‌نگر، دلسنگسرائے، سمستی پور، وارثنگر، روترا اور سنگھیہ اور صدر سب ڈویژن کے ہیڑا اور برول تھانوں کے کچھ حصوں میں گئے . زیادہ تر سفر پیدل ہی رہا مگر پانی گہرا ہونے پر ناؤ کا بھی استعمال کیا . جگہ جگہ پانی اتنا گہرا تھا کہ ناؤ والے ملاحوں تک کو کوئی اندازہ اس کی گہرائی کا نہیں تھا . کیا دریا اور کیا کھیت کے چور مل کر ایک ہوگئے تھے اور پانی ہی پانی نظر آتا تھا . اور کیونکہ ایسی باڑھ پہلے کبھی نہیں آئی تھی اس لئے کوئی کچھ نہیں سکتا تھا کہ کہاں کتنی گہرائی ہوگی . نتیجہ یہ ہوا کہ جن فاصلوں کو طے کرنے میں تین تین گھنٹے لگنے چاہئے تھے ان کی جگہ چھ چھ گھنٹے لگے . کئی مقام ایسے تھے جیسے سنگھیہ (نرہن اسٹیشن کے نزدیک)، سنگھیہ تھانہ، پوکھرام اور بندہ جہاں ہم صبح کے سازے چار بجے کے چلے چلائے دوپہر کے بارہ بجے یا اس کے بھی بعد پہونچے . کبھی کبھی جب قدرت بہت مہربان ہو جاتی تھی تو اوپر سے گھنگھور پانی پڑا کرتا تھا اور ہم لوگ بابا (سنت ونوبا کو ہم اسی نام سے پکارتے ہیں) کے پیچھے بنا کسی چھاتے یا برساتی کے چلتے چلے جاتے تھے . کئی مقام ایسے تھے جیسے پتھلی، مانسا، سمرتھا، سنگھیہ اور ہتھوڑی جو ایکدم جزیرہ جیسے معلوم پڑتے تھے . ان کے چاروں طرف پانی ہی پانی تھا .

اس باڑھ سے نقصان کتنا ہوا اس کا ٹھیک تخمینہ تو لگانا ناممکن سا ہی ہے . جہاں تک دیکھنے سے پتہ چلتا تھا مکان تو اکثر گرے تھے . فصلیں کتنی برباد ہوئیں اس کا بھی کوئی حساب نہیں لگایا جا سکتا . اور نہ پیسے سے اسے چکایا ہی جا سکتا ہے . جانور بھی بیسیوں کی تعداد میں بہ گئے . خوشی کی بات ہے کہ آدمی کی جانیں بہت کم گئیں . جتنی بڑی یہ باڑھ تھی اس لحاظ سے جانیں بہت ہی تھوڑی، نہیں کے برابر، ضائع ہوئیں . اس سے پتہ چلتا ہے کہ عام جنتا وقت سے جاگ گئی تھی اور بہادری کے ساتھ اس نے اس آفت کا سامنا کیا . بڑی خاموشی، ہمت اور جوانمردی کے ساتھ انہوں نے اس کا مقابلہ کیا جس پر ہر کوئی فخر کر سکتا ہے . باڑھ کا پہلا حملہ جولائی کے تیسرے ہفتہ میں ہوا . ڈھائی تین ہفتے کے اندر یہ باڑھ گھٹ گئی . لیکن اگست کے تیسرے ہفتہ میں باڑھ پھر تیزی پکڑ گئی اور اس مرتبہ پہلے کے مقابلہ زیادہ خوفناک تھی . اگست کے آخری ہفتہ میں وہ بھی اتر گئی . کبھی کبھی وہ پھر بھی دھمکاتی ہے لیکن اب تو وقت نکل گیا اور امید ہے کہ اس سال اب اور نہ آئے گی .

بہار میں باڑھ سے جو نقصان ہوا ہے اس کا اندازہ لگاتے ہوئے ایک تیراندازی بیان پریس میں نیتاؤں نے

हम दरभंगा जिले के समस्तीपुर सब डीविज़न के सात थानों में गए. ताजपुर, मोहद्दीनगर, दलसिंगसराय, समस्तीपुर, वारिसनगर, रोटरा और संध्य और सदर सब डिवीज़न के बहेड़ा और बरौल थानों के कुछ हिस्सों में गए. ज्यादातर सफ़र पैदल ही रहा मगर पानी गहरा होने पर नाव का भी इस्तेमाल किया. जगह जगह पानी इतना गहरा था कि नाववाले मल्लाहों तक को कोई अन्दाज उसकी गहराई का नहीं था. क्या दरया और क्या खेत के चूर मिल कर एक हो गए थे और पानी ही पानी नज़र आता था. और क्योंकि ऐसी बाढ़ पहले कभी नहीं आई थी इसलिये कोई कह नहीं सकता था कि कहां कितनी गहराई होगी. नतीजा यह हुआ कि जिन फ़ास्लों को तय करने में तीन तीन घंटे लगने चाहिये थे इनकी जगह छः छः घंटे लगे. कई मुक़ाम ऐसे थे जैसे संध्य (नरहन स्टेशन के नज़दीक), संध्य थाना, पोखराम और बंदा जहां हम सुबह के साढ़े चार बजे के चले चलाए दोपहर के बारह बजे या इस के भी बाद पहुंचे. कभी कभी जब क़ुदरत बहुत मेहरबान हो जाती थी तो ऊपर से घनघोर पानी पड़ा करता था और हम लोग बाबा (संत विनोबा को हम इसी नाम से पुकारते हैं) के पीछे बिना किसी छाते या बरसाती के चलते चले जाते थे. कई मुक़ाम ऐसे थे जैसे पतीली, हांसा, समरथा, संध्य और हतौड़ी जो एकदम जज़ीरा जैसे मालूम पड़ते थे. उन के चारों तरफ़ पानी ही पानी था.

इस बाढ़ से नुक़सान कितना हुआ इसका ठीक तख़मीना तो लगाना नामुमकिन सा ही है. जहां तक देखने से पता चलता था मकान तो अंगिनती गिरे थे. फ़सलें कितनी बरबाद हुईं इस का भी कोई हिसाब नहीं लगाया जा सकता. और न पैसे से इसे चुकाया ही जा सकता है. जानवर भी बीसयों के तादाद में बह गए. खुशी की बात है कि आदमी की जानें बहुत कम गईं. जितनी बड़ी यह बाढ़ थी उस लिहाज़ से जानें बहुत ही थाड़ी, नहीं के बराबर, जाया हुईं. इस से पता चलता है कि आम जनता वक़्त से जाग गई थी और बहादुरी के साथ उस ने इस आफ़त का सामना किया. बड़ी ख़ामोशी, हिम्मत और जवांमर्दी के साथ उन्होंने इसका मुक़ाबला किया जिस पर हर कोई फ़ख़्र कर सकता है. बाढ़ का पहला हमला जुलाई के तीसरे हफ़्ते में हुआ. ढाई तीन हफ़्ते के अन्दर यह बाढ़ घट गई. लेकिन अगस्त के तीसरे हफ़्ते में बाढ़ फिर तेज़ी पकड़ गई और इस मर्तबा पहले के मुक़ाबले ज्यादा ख़ौफ़नाक थी. अगस्त के आख़री हफ़्ते में वह भी उतर गई. कभी कभी वह फिर भी धमकाती है, लेकिन अब तो वक़्त निकल गया और उम्मीद है कि इस साल अब और न आयेगी.

बिहार में बाढ़ से जो नुक़सान हुआ है इस का अन्दाज़ा लगाते हुए एक से एक तीरअन्दाज़ी बयान प्रेस में नेताओं ने

मगर प्रेम की फ़सल हर साल बढ़ती ही जायेगी और लोग अपनी क़ुर्बानी के लिये हर दम तैयार रह कर एक दूसरे की हमदर्दी में शरीक होकर सारे मुल्क को मज़बूत और ठोस बना लेंगे जिस पर न बाहर के हमले का असर होगा और अन्दर बदअम्नी पैदा होने का तो सवाल ही नहीं. हम यह ख्याली बात नहीं कह रहे हैं. ऐसा ज़माना आयेगा, आ रहा है और आना शुरू हो गया है. भूदान यज्ञ आन्दोलन को थोड़ी बहुत जो कुछ भी कामयाबी अब तक मिली वह प्रेम की ताक़त की कामयाबी को खूब ज़ाहिर करती है. लेकिन हां, हम क़ुबूल करते हैं कि वैलफ़ेअर स्टेट के मक़सद की तरफ़ जहां कांग्रेस और कांग्रेसी हुकूमत का ज़ोर लग रहा है, वहां दूसरी सियासी पार्टियों, व्यापारी तबक़ा, पढ़े लिखे और नौकर पेशा भाई बहनों का भी. दरअसल उनका पलड़ा इस वक़्त बहुत भारी है. इसके ख़िलाफ़ ग्रामराज की तरफ़ बहुत कम ही ताक़त अब तक लगी है. लेकिन जो कुछ लगी है वह जनता की अपनी ताक़त है जिसे कोई दूसरा दुनयवी सहारा नहीं. इन दोनों ताक़तों का मुक़ाबिला है कि मुल्क वैलफ़ेअर स्टेट की तरफ़ बढ़े या ग्राम राज की तरफ़. आज मुल्क के नौजवान भाई बहनों के आगे सबसे बड़ा सवाल यही है कि इन दोनों में से वह कौनसी राह चुनते हैं और किस तरफ़ अपना कंधा लगाना चाहते हैं.

23. 8 '54 —सुरेशराम भाई

बाढ़ पीड़ित दरभंगा में

उत्तर बिहार के लोग बाढ़ के आदी हैं. मगर इस साल के जैसी बाढ़ शायद कभी नहीं आई. शायद इसकी वजह यह है कि इस बार की बाढ़ उस बड़ी बाढ़ का हिस्सा है जो पच्छिमी योरप के कुछ हिस्सों से लेकर ठेठ पूरब चीन तक आई और जिस ने सब से ज्यादा तबाही चीन में की. पच्छिम के तरफ़ के देशों में इसकी ख़फ़गी कम होती चली गई है. हिन्दुस्तान में सब से ज्यादा नुक़सान आसाम को पहुंचा, इस के बाद बंगाल और फिर बिहार. लेकिन उत्तर बिहार में छोटी बड़ी बहुतसी नदियां बहती हैं जिनकी वजह से उस बाढ़ में सारे उत्तर बिहार ने एक बड़े भारी समुन्दर का सा रूप ले लिया, ऐसा समुन्दर जिसके पूरब में कोसी नदी है, पच्छिम में गुंडक नदी, उत्तर में हिमालय पहाड़ और दक्खिन में गंगा. इस वजह से उत्तर बिहार को ज़बर्दस्त नुक़सान पहुंचा, गुंडक, बूढ़ी गुंडक, लखन दई, बागमती, कोसी और उनकी अन्गिनती छोटी बड़ी शाखें एक दूसरे से मिल गईं. अगस्त के दूसरे और तीसरे हफ़्ते में सन्त विनोबा जी के साथ हमारा इत्तफ़ाक़ दरभंगा ज़िला में पैदल सफ़र करने का हुआ जब हमने बहुत नज़दीक से वहां की दर्दभरी हालत को देखा.

مگر پریم کی فصل ہر سال بڑھتی ہی جائیگی اور لوگ اپنی قربانی کے لئے ہر دم تیار رہ کر ایک دوسرے کی ہمدردی میں شریک ہوکر سارے ملک کو مضبوط اور ٹھوس بنالینگے جس پر نہ باہر کے حملہ کا اثر ہوگا اور اندر بدامنی پیدا ہونے کا تو سوال ہی نہیں. ہم یہ خیالی بات نہیں کہہ رہے ہیں. ایسا زمانہ آئیگا، آرہا ہے اور آنا شروع ہوگیا ہے. بھودان یگیہ آندولن کو تھوڑی بہت جو کچھ بھی کامیابی اب تک ملی وہ پریم کی طاقت کی کامیابی کو خوب ظاہر کرتی ہے. لیکن ہاں، ہم قبول کرتے ہیں کہ ویلفیئراسٹیٹ کے مقصد کی طرف جہاں کانگریس اور کانگریسی حکومت کا زور لگ رہا ہے، وہاں دوسری سیاسی پارٹیوں، وپاری طبقہ، پڑھے لکھے اور نوکر پیشہ بھائی بہنوں کا بھی. دراصل ان کا پلڑا اس وقت بہت بھاری ہے. اس کے خلاف گرام راج کی طرف بہت کم ہی طاقت اب تک لگی ہے. لیکن جو کچھ لگی ہے وہ جتنا کی اپنی طاقت ہے جسے کوئی دوسرا دنیوی سہارا نہیں. ان دونوں طاقتوں کا مقابلہ ہے کہ ملک ویلفیئراسٹیٹ کی طرف بڑھے یا گرام راج کی طرف. آج ملک کے نوجوان بھائی بہنوں کے آگے سب سے بڑا سوال یہی ہے کہ ان دونوں میں سے وہ کونسی راہ چنتے ہیں اور کس طرف اپنا کندھا لگانا چاہتے ہیں.

23 . 8 . '54 —سریش رام بھائی

باڑھ پیڑت دربھنگا میں

اُتر بہار کے لوگ باڑھ کے عادی ہیں. مگر اس سال کے جیسی باڑھ شاید کبھی نہیں آئی. شاید اسکی وجہ یہ ہے کہ اس بار کی باڑھ اس بڑی باڑھ کا حصہ ہے جو پچھمی یورپ کے کچھ حصوں سے لے کر ٹھیٹھ پورب چین تک آئی اور جس نے سب سے زیادہ تباہی چین میں کی. پچھم کے طرف کے دیشوں میں اس کی خفگی کم ہوتی چلی گئی ہے. ہندستان میں سب سے زیادہ نقصان آسام کو پہونچا، اس کے بعد بنگال اور پھر بہار. لیکن اُتر بہار میں چھوٹی بڑی بہت سی ندیاں بہتی ہیں جن کی وجہ سے اس باڑھ میں سارے اُتر بہار نے ایک بڑے بھاری سمندر کا سا روپ لے لیا، ایسا سمندر جس کے پورب میں کوسی ندی ہے، پچھم میں گنڈک ندی، اُتر میں ہمالیہ پہاڑ اور دکھن میں گنگا. اس وجہ سے اُتر بہار کو زبردست نقصان پہونچا. گنڈک، بوڑھی گنڈک، لکھن دئی، باگمتی، کوسی اور ان کی اَنگنتی چھوٹی بڑی شاخیں ایک دوسرے سے مل گئیں. اگست کے دوسرے اور تیسرے ہفتہ میں سنت وِنوبا جی کے ساتھ ہمارا اتفاق دربھنگا ضلع میں پیدل سفر کرنے کا ہوا جب ہم نے بہت نزدیک سے وہاں کی درد بھری حالت کو دیکھا.

बनते चले जाते हैं. फिर जो इस लूट खसोट में नाकामयाब रहते हैं इनके लिये सरकार पैनशन देती है. आज हिन्दुस्तान में काफ़ी भेद भाव और दर्जे बने हुए हैं. वैलफ़ेअर स्टेट के मानी होते हैं कि समाज के उस ढांचे में और भी दरारें पैदा करना और मुल्क को कमज़ोर बनाना.

तीसरा और सबसे अहम ख़तरा यह है कि बाहर से अगर किसी मुल्क का हमारे मुल्क पर हमला होता है तो जो मरकज़ या केन्द्र से हुक्म आयेगा वही लोग करेंगे. मान लीजिये कि दुश्मन के डर में आकर या किसी और कमज़ोरी से मरकज़ ने हथियार डालना तय कर दिया तो इसके मानी हुए सारे मुल्क ने हार क़ुबूल कर ली और अपनी आज़ादी ख़त्म. या इस तरह मरकज़ ने किसी बाहरी मुल्क से कोई ख़ास फ़ौजी समझौता कर लिया जैसे पाकिस्तान ने अमरीका से किया, तो हमारा मुल्क दूसरे के हाथों में चला गया. जब जनता से सलाह मशविरा करने का कोई सवाल ही नहीं है तो जो नाच देहली वालों को नाचना मंज़ूर हो वही सारे मुल्क को नाचना होगा.

और यह तो ज़ाहिर ही है कि वैलफ़ेअर स्टेट में मुल्क के सारे रोज़गार व कारोबार मरकज़ के हाथ में आ जाते हैं. तो लाज़िमी तौर पर हमारे हिन्दुस्तान जैसे मुल्क में जहां आज इतनी दर्दनाक बेकारी है वहां वह और भी संगीन हो जायेगी.

इस तरह जिस पहलू से भी देखें वैलफ़ेअर स्टेट का ख्याल व नक़्शा हमारे देश के लिये नुक़सानदेह ही नहीं तबाहकुन है. हमें इस वक़्त राष्ट्रपति डाक्टर राजेन्द्र प्रसाद के वह लफ़्ज़ याद आ रहे हैं जो उन्होंने गत 20 अप्रैल को बौद्ध गया में एक ज़ाहिर सभा में कहे थे. उन्होंने क़ुबूल किया था कि आज़ादी के बाद जनता को हम आज़ाद बनाने की तरफ़ क़दम बढ़ाने की बजाय उसे नये नये क़ानूनों में बांधते जा रहे हैं जिसका नतीजा अच्छा ही होगा ऐसा नहीं कहा जा सकता. हाल ही में किसी सूबे के चीफ़ जस्टिस ने भी इसी तरह के ख्याल ज़ाहिर किये हैं.

ख़ुलासा यह है कि वैलफ़ेअर स्टेट का ख्याल महज़ विदेशी ही नहीं उसका नमूना भी हमारे लिये मौज़ूं नहीं है. इसके ख़िलाफ़ हमको बज़ाहिर एक ऐसा समाज बनाना है जिसमें दर्जा न हो, जो पानी की मानिन्द एक रस या समरस हो, जहां हुकूमत का हाथ कम से कम हो, यानी जो शासन मुक्त हो और जहां कोई किसी को नोचता या लूटता न हो, यानी जो शोशन रहित हो. इसी को हम दूसरे लफ़्ज़ों में ग्रामराज कह सकते हैं, गांव गांव ख़ुदमुख़्तार हो और सब मिलकर हिन्दुस्तान के इस तरह के जुज़ या हिस्से हों जैसे एक जिस्म के जुज़ हाथ, नाक, कान, सर वग़ैरा होते हैं. एक की ख़ुशी में दूसरे की ख़ुशी हो और एक के दुख में दूसरे का दुख हो. ग्रामराज में कोई फ़सल आए न आए

بنتے چلے جاتے ہیں . پھر جو اس لوٹ کھسوٹ میں ناکامیاب رہتے ہیں ان کے لئے سرکار پنشن دیتی ہے . آج ہندستان میں کافی بھیدبھاو اور درجے بنے ہوئے ہیں . ویل‌فیئراسٹیٹ بنانے کے معنی ہوتے ہیں کہ سماج کے اس ڈھانچہ میں اور بھی دراڑیں پیدا کرنا اور ملک کو کمزور بنانا .

تیسرا اور سب سے اہم خطرہ یہ ہے کہ باہر سے اگر کسی ملک کا ہمارے ملک پر حملہ ہوتا ہے تو جو مرکز یا کیندر سے حکم آئیگا وہی لوگ کرینگے . مان لیجئے کہ دشمن کے ڈر میں آکر یا کسی اور کمزوری سے مرکز نے ہتھیار ڈالنا طے کردیا تو اس کے معنی ہوئے سارے ملک نے ہار قبول کرلی اور اپنی آزادی ختم . یا اسی طرح مرکز نے کسی باہری ملک سے کوئی خاص فوجی سمجھوتہ کرلیا جیسے پاکستان نے امریکہ سے کیا، تو ہمارا ملک دوسرے کے ہاتھوں میں چلا گیا . جب جنتا سے صلاح مشورہ کرنے کا کوئی سوال ہی نہیں ہے تو جو ناچ دلی والوں کو ناچنا منظور ہو وہی سارے ملک کو ناچنا ہوگا .

اور یہ تو ظاہر ہی ہے کہ ویل‌فیئراسٹیٹ میں ملک کے سارے روزگار و کاروبار مرکز کے ہاتھ میں آجاتے ہیں . تو لازمی طور پر ہمارے ہندستان جیسے ملک میں جہاں آج اتنی دردناک بیکاری ہے وہاں وہ اور بھی سنگین ہوجائیگی .

اس طرح جس پہلو بھی دیکھیں ویل‌فیئراسٹیٹ کا خیال و نقشہ ہمارے دیش کے لئے نقصان‌دہ ہی نہیں تباہ کن ہے . ہمیں اس وقت راشٹرپتی ڈاکٹر راجیندر پرشاد کے وہ لفظ یاد آرہے ہیں جو انہوں نے گت 20 اپریل کو بودھ گیا میں ایک ظاہر سبھا میں کہے تھے . انہوں نے قبول کیا تھا کہ آزادی کے بعد جنتا کو ہم آزاد بنانے کی طرف قدم بڑھانے کی بجائے اسے نئے نئے قانونوں میں باندھتے جا رہے ہیں جس کا نتیجہ اچھا ہی ہوگا ایسا نہیں کہا جاسکتا . حال ہی میں کسی صوبہ کے چیف جسٹس نے بھی اس طرح کے خیال ظاہر کئے ہیں .

خلاصہ یہ ہے کہ ویل‌فیئراسٹیٹ کا خیال محض ودیشی ہی نہیں اس کا نمونہ بھی ہمارے لئے موزوں نہیں ہے . اس کے خلاف ہم کو بظاہر ایک ایسا سماج بنانا ہے جس میں درجہ نہ ہو جو پانی کی مانند ایک ہرس یا سمرس ہو، جہاں حکومت کا دخل کم سے کم ہو یعنی جو شاسن مکت ہو اور جہاں کوئی کسی کو نوچتا یا لوٹتا نہ ہو یعنی جو شوشن‌رہت ہو . اسی کو ہم دوسرے لفظوں میں گرام راج کہہ سکتے ہیں، گاؤں گاؤں خود مختار ہو اور سب مل‌کر ہندستان کے اس طرح کے جز یا حصے ہوں جیسے ایک جسم کے جز ہاتھ، ناک، کان، سر وغیرہ ہوتے ہیں . ایک کی خوشی میں دوسرے کی خوشی ہو اور ایک کے دکھ میں دوسرے کا دکھ ہو. گرام راج میں کوئی فصل اچھی ہو یا نہ ہو

یہاں ویل فیئر اسٹیٹ بنانے کے معنی ہونگے کہ ہمارا کھانا پینا، کپڑا لتا، تعلیم، دوا دارو، ہر چیز میں ہم سرکار کے محتاج بن جائیں اور ہماری ہر حرکت یا چہل پہل سرکار کے کنٹرول میں رہے۔ اِس کا نتیجہ یہ ہوگا کہ مان لیجئے، جیسا آج ہے بھی، اُتر بہار میں باڑہ آئی، تو اس کے معائنے کے لئے نئی دلی سے وفد یا کمیشن آئے گا، وہ موقع محل کی جانچ کرے گا، دہلی واپس لوٹ کر اپنی رپورٹ پیش کرے گا، تب دہلی کے دفتر سے پٹنہ کے دفتر کو حکم جاری ہونگے، پھر پٹنہ کے دفتر سے کلکٹروں کے دفتروں میں کاغذ دوڑینگے، پھر وہاں سے سب ڈویژن یا تھانوں میں اور تب کہیں کام کا نمبر آئے گا۔ اس بیچ جو جنتا باڑہ سے پریشان ہو رہی ہے وہ تو تباہ ہی ہو جائے گی، کیونکہ ویل فیئر اسٹیٹ ہے، ایک دوسرے کی مدد کوئی کرے گا نہیں، جو کچھ کرے سرکار کرے۔ اور اِس کے ساتھ ساتھ مان لیجئے کہ گوداوری ندی میں بھی باڑہ آ گئی۔ تب دہلی والے سوچینگے کہ اِدھر کا مسئلہ زیادہ بھیانک ہے یا اُتر بہار کا اور وہ کسے مدد کرے یا نہ کرے یا کس کو مدد کم کرے اور کسی کو زیادہ۔ اتنا لمبا چوڑا ملک، اور اس کی ساری طاقت دہلی میں لاکر سمیٹ دی گئی تو اِدھر جنتا ہلے ہلے کرے گی، اُدھر دہلی کے حکام، تار اور فون کی ٹن ٹن سے گھبرا جائینگے کہ کہاں جائیں کہاں نہ جائیں، کیا کریں کیا نہ کریں۔ یہ بات ایک دوسری مثال سے زیادہ صاف ہو سکے گی۔ مان لیجئے اس جہان کے بنانے والے نے یہاں ویل فیئر اسٹیٹ بنانے کا طے کیا ہوتا تو اپنے سب بندوں کے دل، دماغ، ناک، کان، آنکھ سب اپنے پاس رکھے ہوتے اور محض دھڑ و ہڈیاں آدمی کو دے دی ہوتیں۔ اب کسی کو کچھ دیکھنے کی ضرورت پڑی تو آنکھ کے لئے تار بھیج رہا ہے، کسی کو چلنے کی ضرورت پڑی تو ٹانگ کی مانگ کرتا نتیجہ یہ ہوتا کہ وہ اتنا پریشان ہو جاتا، اتنا پریشان ہوجاتا کہ اسے دم مارنے کی بھی فرصت نہیں ملتی۔ لیکن اُس نے یہ نہ کرکے ہر آدمی کو سواولمبی بنایا، ہر ایک کو سب سامان دے دئے اور آزاد چھوڑ دیا۔ اس کا پھل یہ ہوا کہ آج وہ شیر ساگر میں ایسے آرام سے سوتا ہے کہ بہت سے لوگ اس کی ہستی تک کو ماننے سے انکار کرتے ہیں!

ویل فیئر اسٹیٹ کا دوسرا خطرناک پہلو یہ ہے کہ اس میں سماج میں بھید بھاو شدت سے ہوتا ہے۔ ہر ایک کوئی ایک دوسرے کو لوٹنے و نوچنے کی کوشش میں رہتا ہے۔ جو اس فن میں زیادہ ماہر ہوگیا اس نے زیادہ کمائی کرلی، اسے زیادہ سہولیت حاصل ہوگئی اور وہ اتنا ہی بڑا آدمی ہوگیا، چاہے وہ بیوپار میں ہو یا سرکاری ملازمت میں۔ اس طرح اُوپر سے نیچے تک درجے پر درجے

यहां वैलफेअर स्टेट बनाने के मानी होंगे कि हमारा खाना पीना, कपड़ा लत्ता, तालीम, दवा दारू, हर चीज में हम सरकार के मोहताज बन जायें और हमारी हर हरकत या चहलपहल सरकार के कन्ट्रोल में रहे। इसका नतीजा यह होगा कि मान लीजिये, जैसा आज है भी, उत्तर बिहार में बाढ़ आई तो उसके मुआयने के लिये नई दिल्ली से वफद या कमीशन आएगा, वह मौक़ा महल की जांच करेगा, देहली वापिस लौट कर अपनी रिपोर्ट पेश करेगा, तब देहली के दफ्तर से पटना के दफ्तर को हुक्म जारी होंगे, फिर पटना के दफ्तर से कलक्टरों के दफ्तरों में काग़ज दौड़ेंगे, फिर वहां से सबडिविजन या थानों में और तब कहीं काम का नम्बर आयेगा. इस बीच जो जनता बाढ़ से परेशान हो रही है वह तो तबाह ही हो जायेगी, क्योंकि वैलफेअर स्टेट है, एक दूसरे की मदद कोई करेगा नहीं, जो कुछ करे सरकार करे. और इसके साथ साथ मान लीजिये कि गोदावरी नदी में भी बाढ़ आ गई. तब देहली वाले सोचेंगे कि आंध्र का मसला ज्यादा भयानक है या उत्तर बिहार का और वह किसे मदद करे या न करें या किसको मदद कम करें और किसको ज्यादा. इतना लम्बा चौड़ा मुल्क, और उसकी सारी ताक़त देहली में लाकर समेट दी गई तो इधर जनता हाय हाय करेगी, उधर देहली के हुक्काम तार और फ़ोन की टन टन से घबरा जायेंगे कि कहां जायें कहां न जायें, क्या करें क्या न करें. यह बात एक दूसरी मिसाल से ज्यादा साफ़ हो सकेगी. मान लीजिये इस जहान के बनाने वाले ने यहां वैलफेअर स्टेट बनाने का तय किया होता तो वह अपने सब बन्दों के दिल, दिमाग़, नाक, कान, आंख सब अपने पास रक्खे होते और महज धड़ व हड्डियां आदमी को दे दी होती. अब किसी को कुछ देखने की जरूरत पड़ी तो आंख के लिये तार भेज रहा है, किसी को चलने की जरूरत पड़ी तो टांग की मांग करता. नतीजा यह होता कि वह इतना परेशान हो जाता, इतना परेशान हो जाता कि उसे दम मारने की भी फ़र्सत नहीं मिलती. लेकिन उसने यह न करके हर आदमी को स्वावलम्बी बनाया, हर एक को सब साधन दे दिये और आज़ाद छोड़ दिया. उस का फल यह हुआ कि आज वह क्षीर सागर में ऐसे आराम से सोता है कि बहुत से लोग उसकी हस्ती तक को मानने से इन्कार करते हैं!

वैलफेअर स्टेट का दूसरा ख़तरनाक पहलू यह है इसमें समाज में भेद भाव शिद्दत से होता है. हर एक कोई एक दूसरे को लूटने व नोचने की कोशिश में रहता है. जो इस फ़न में ज्यादा माहिर हो गया उसने ज्यादा कमाई कर ली, उसे ज्यादा सहूलियत हासिल हो गई और वह उतना ही बड़ा आदमी हो गया, चाहे वह व्योपार में हो या सरकारी मुलाज़िमत में. इस तरह ऊपर से नीचे तक दर्जे पर दर्जे

यहां पर तीसरे ठैहराव पर विचार करेंगे. उसका नाम है "Planned development" (प्लांड डिवैलपमेन्ट) यानी योजना बन्द विकास. इस ठैहराव का पहला जुमला यह है—

"The objective of the Congress is the establishment of a co-operative Commonwealth and a Welfare State."

(कांग्रेस का मक़सद है कि एक कोआप्रेटिव कामनवैल्थ और एक वैलफ़ेअर हुकूमत क़ायम की जाये)

पाठक देखेंगे कि "कोआप्रेटिव कामनवैल्थ" और "वैलफ़ेअर" इन दो ख्यालों के लिये हम कोई देसी लफ़्ज नहीं दे सके और हमारा ख्याल है कि ऐसा करना नामुमकिन नहीं तो मुश्किल जरूर है क्योंकि उनके पीछे जो विचार है वह क़तई अंग्रेजी या मग़रिबी है. यों "वैलफ़ेअर" स्टेट की जगह "कल्यान राज" लफ़्ज लिखे जाने लगे हैं लेकिन "वैलफ़ेअर" और "कल्यान" में बहुत भारी फ़र्क़ है, शायद उसी तरह का फ़र्क़ है जैसा "Stateless" और "शासन मुक्त" में. कैसी बदक़िस्मती की बात है कि हिन्दुस्तान जैसे आज़ाद मुल्क की कांग्रेस जैसी बड़ी और पुरानी संस्था या पार्टी का मक़सद ऐसे लफ़्ज़ों में ज़ाहिर किया जाये जिसको बाहर वाले तो समझ सकें पर खुद हिन्दुस्तान के लोग नहीं. इससे इस संस्था की ग़रीब ख्याली का पता चलता है और यह भी साफ़ मालूम हो जाता है कि उसके सोचने का ढंग किस क़दर प्रदेसी है. जहां विचार या ख्याल की मोहताजगी है वहां किस तरह लोगों के अन्दर नई जान फूंकी जा सकती है हम नहीं समझ सकते.

मामूली तौर से "वैलफ़ेअर" के मानी हैं "बेहतरी." कहते भी हैं कि मैं आपका "वैलफ़ेअर" यानी "बेहतरी" चाहता हूं. इधर चन्द बरसों से ही इंगलैन्ड और अमरीका में "वैलफ़ेअर स्टेट" का ख्याल बुलन्द हुआ है और आम जनता की तरफ़ से न उठकर हुकूमती दायरों की तरफ़ से उठा है. उसकी तह में यह जज़बा है कि रिआया की बेहतरी का ज़िम्मा सरकार का है. चुनांचे ज़िन्दगी के ज्यादा से ज्यादा पहलुओं पर सरकार को हावी होना चाहिये. यही वजह है कि आज इंगलैन्ड और अमरीका में, बूढ़े लोग हों या बेरोजगार जवान हों, उनकी परवरिश हुकूमत करती है और बतौर पैन्शन के उन्हें कुछ देती है. वहां आये दिन हर चीज के लिये क़ानून बनते चले जा रहे हैं, मानो जनता दिन दिन अपाहिज होती जा रही हो. मगर ख़ैर इंगलैन्ड और अमरीका के पास दौलत, दूसरे मुल्कों पर उनका गुप्त या ज़ाहिर असर है और दुनिया के वह साहूकार भी ठैहरे, जिस वजह से वह इस तरह पैन्शन दे सकते और अपना काम चला सकते हैं. लेकिन हमारे देस की तो हालत ही दूसरी है.

یہاں پر تیسرے ٹھہراؤ پر وچار کرینگے . اِس کا نام ھے "Planned development" پلانڈ ڈیولپمنٹ یعنی یوجنا بند وکاس . اس ٹھہراؤ کا پہلا جملہ یہ ھے—

"The objective of the Congress is the establishment of a co-operative commonwealth and a Welfare State"

(کانگریس کا مقصد ھے کہ ایک کوآپریٹو کامن ویلتھ اور ایک ویل فیئر حکومت قائم کی جائے)

پاٹھک دیکھیں گے کہ "کوآپریٹو کامن ویلتھ" اور "ویل فیئر" اِن دو خیالوں کے لئے ہم کوئی دیسی لفظ نہیں دے سکے اور ہمارا خیال ھے کہ ایسا کرنا ناممکن نہیں تو مشکل ضرور ھے کیونکہ اُن کے پیچھے جو وچار ھے وہ خالص انگریزی یا مغربی ھے . یوں "ویل فیئر اسٹیٹ" کی جگہ "کلیان راج" لفظ لکھے جانے لگے ھیں لیکن "ویل فیئر" اور "کلیان" میں بہت بھاری فرق ھے. شاید اِسی طرح کا فرق ھے جیسا "Stateless" اور "شاسن مکت" میں . کیسی بدقسمتی کی بات ھے کہ ھندستان جیسے آزاد ملک کی کانگریس جیسی بڑی اور پرانی سنستھا یا پارٹی کا مقصد ایسے لفظوں میں ظاہر کیا جائے جس کو باھر والے تو سمجھ سکیں پر خود ھندستان کے لوگ نہیں . اِس سے اس سنستھا کی غریب خیالی کا پتہ چلتا ھے اور یہ بھی صاف معلوم ہو جاتا ھے کہ اس کے سوچنے کا ڈھنگ کس قدر پردیسی ھے . چہاں وچار یا خیال کی محتاجگی ھے وھاں کس طرح لوگوں کے اندر نئی جان پھونکی جا سکتی ھے ھم نہیں سمجھ سکتے .

معمولی طور سے "ویل فیئر" کے معنی ھیں "بہتری" . کہتے بھی ھیں کہ میں آپ کا "ویل فیئر" یعنی "بہتری" چاھتا ھوں . اِدھر چند برسوں سے ھی انگلینڈ اور امریکہ میں "ویل فیئر اسٹیٹ" کا خیال بلند ھوا ھے اور عام جنتا کی طرف سے نہ اُٹھ کر حکومتی دائروں کی طرف سے اُٹھا ھے . اِس کی تہ میں یہ جذبہ ھے کہ رعایا کی بہتری کا ذمہ سرکار کا ھے . چنانچہ زندگی کے زیادہ سے زیادہ پہلوؤں پر سرکار کو حاوی ھونا چاھئے . یہی وجہ ھے کہ آج انگلینڈ و امریکہ میں بوڑھے لوگ ھوں یا بے روزگار جوان ھوں ان کی پرورش حکومت کرتی ھے اور بطور پینشن کے انہیں کچھ دیتی ھے . وھاں آئے دن ھر چیز کے لئے قانون بنتے چلے جا رھے ھیں مانو جنتا دن دن اپاہج ھوتی جا رھی ھو . مگر خیر انگلینڈ اور امریکہ کے پاس دولت دوسرے ملکوں پر اُن کا گپت یا ظاہر اثر ھے اور دنیا کے وہ ساھوکار بھی ٹھہرے جس وجہ سے وہ اس طرح پنشن دے سکتے اور اپنا کام چلا سکتے ھیں . لیکن ھمارے دیس کی تو حالت ھی دوسری ھے .

रत्न" मानी "राज-रत्न" और "पद्म-विभूशन" मानी "सरकार विभूशन," तो जैसा राज वैसा उनका रत्न और वैसा उनका विभूशन. इसका नतीजा होगा कि आदमी की असली क़ाबलियत या हुनर की उतनी क़दर नहीं होगी जितनी इस बात की कि हुकूमत की निगाह में वह कहां तक और कितना उपयोगी है और आड़े वक्त काम आनेवाला है. यही वजह है कि आम जनता की निगाह में मैडिल की इज्जत नहीं रहती और शायद इसी वजह से पुराने जमाने में हमारे रिशी, मुनी और विद्वानों ने मैडिल या खिताब की कोई परवाह नहीं की.

इस सिलसिले में एक ख्याल और भी आता है. वह यह कि श्री राजा जी और डाक्टर राधा कृशनन को "भारत-रत्न" के मैडिल से क्या नई इज्जत या नई प्रेरना हासिल होने वाली है? शायद इसमें पाने वाले की इतनी इज्जत नहीं जितनी कि देने वाले की. मगर दिल में एक और भी ख्याल आये बिना नहीं रहता कि जब डाक्टर राधा कृशनन उप-राश्ट्रपति हैं तो उन्हीं को मैडिल देना कहां तक शोभा की बात है. हम डाक्टर राधा कृशनन को अपने मुल्क की बहुत आला हस्तियों में शुमार करते हैं और मानते हैं कि वह हिन्दुस्तान के उन चन्द खिदमतगारों में से हैं जिन्होंने मुल्क की इज्जत को चार चांद लगाये हैं और दुनिया में उसकी शान बढ़ाई है. लेकिन इस वक्त तो वह सिर्फ एक को, राश्ट्रपति को छोड़ कर, हुकूमत के सब से बड़े ओहदेदार हैं. राश्ट्रपति की गैरहाजिरी में वही उनका सब काम अंजाम देते हैं. इस तरह यह मैडिल अपने द्वारा ही अपने को देना जैसा लगता है. ईश्वर न करे कि आगे चलकर मौजूदा सरकार या दूसरी सरकारें खुद अपने हाकिमों को इस तरह मैडिल देना शुरू कर दें. तब तो क्या सरकार और क्या पब्लिक, दोनों के लिये शर्म की बात होगी.

हम बड़े अदब के साथ कहना चाहते हैं कि इन मैडिलों से कुल मिलाकर हमें खुशी नहीं हुई और सरकार के इस कारनामे पर हम उसे मुबारकबाद नहीं दे सकते. हमसिफारिश करेंगे कि सरकार इस तरह के नाहक बोझ अपने ऊपर न ले और जो खिताब या मैडिल जिसे मिलना है वह जनता की तरफ से आप से मिलने दे. जैसी जिसकी खिदमत होगी जनता खुद उसे वैसे नाम से पुकारेगी, जैसे उसने तिलक को लोकमान्य और गांधी को महात्मा कहा और कहती रहेगी.

22. 8. '54 —सुरेशराम भाई

"वेलफ़ेअर स्टेट" बनाम ग्राम राज

जुलाई के महीने में कुल हिन्द कांग्रेस कमेटी की एक बैठक अजमेर में हुई. उसमें कुल मिलाकर 13 ठैहराव पास हुए. उनमें से कई महत्वपूर्न हैं. लेकिन हम इस वक्त

رتن" معنی "راج رتن" اور "پدم وبھوشن" معنی "سرکار وبھوشن." تو جیسا راج ویسا ان کا رتن اور ویسا ان کا وبھوشن. اس کا نتیجہ یہ ہوگا کہ آدمی کی اصلی قابلیت یا ہنر کی اتنی قدر نہیں ہوگی جتنی اس بات کی کہ حکومت کی نگاہ میں وہ کہاں تک اور کتنا آپیوگی ہے اور آڑے وقت کام آنے والا ہے. یہی وجہ ہے کہ عام جنتا کی نگاہ میں میڈل کی عزت نہیں رہتی اور شاید اسی وجہ سے پرانے زمانے میں ہمارے رشی، منی اور وِدوانوں نے میڈل یا خطاب کی کوئی پرواہ نہیں کی.

اِس سلسلہ میں ایک خیال اور بھی آتا ہے. وہ یہ کہ شری راجا جی اور ڈاکٹر رادھا کرشنن کو "بھارت رتن" کے میڈل سے کیا نئی عزت یا نئی پریرنا حاصل ہونے والی ہے؟ شاید اِسمیں پانے والے کی اتنی عزت نہیں جتنی کہ دینے والے کی. مگر دل میں ایک اور بھی خیال آئے بنا نہیں رہتا کہ جب ڈاکٹر رادھا کرشنن اُپ راشٹر پتی نہیں تو اُنھیں کو میڈل دینا کہاں تک شوبھا کی بات ہے. ہم ڈاکٹر رادھا کرشنن کو اپنے ملک کی بہت اعلیٰ ہستیوں میں شمار کرتے ہیں اور مانتے ہیں کہ وہ ہندستان کے اُن چند خدمتگاروں میں سے ہیں جنھوں نے ملک کی عزت کو چار چاند لگائے ہیں اور دنیا میں اس کی شان بڑھائی ہے. لیکن اس وقت تو وہ صرف ایک کو، راشٹر پتی کو چھوڑ کر، حکومت کے سب سے بڑے عہدہدار ہیں. راشٹر پتی کی غیر حاضری میں وہی اُن کا سب کام انجام دیتے ہیں. اِس طرح یہ میڈل اپنے دوارا ہی اپنے کو دینا جیسا لگتا ہے. ایشور نہ کرے کہ آگے چل کر موجودہ سرکار یا دوسری سرکاریں خود اپنے حاکموں کو اس طرح میڈل دینا شروع کر دیں. تب تو کیا سرکار اور کیا پبلک، دونوں کے لئے شرم کی بات ہوگی.

ہم بڑے ادب کے ساتھ کہنا چاہتے ہیں کہ اِن میڈلوں سے کل ملا کر ہمیں خوشی نہیں ہوئی اور سرکار کے اِس کارنامے پر ہم اِسے مبارکباد نہیں دے سکتے. ہم سفارش کرینگے کہ سرکار اِس طرح کے ناحق برچھ اپنےاوپر نہ لے اور جو خطاب یا میڈل جسے ملنا ہے وہ جنتا کی طرف سے آپ سے ملنے دے. جیسی جس کی خدمت ہوگی جنتا خود اِسے ویسے نام سے پکارے گی، جیسے اس نے تلک کو لوکمانیہ اور گاندھی کو مہاتما کہا اور کہتی رہے گی.

22 . 8 . '54 سریش رام بھائی

"ویل فیئر اسٹیٹ" بنام گرام راج

جولائی مہینے میں کل ہند کانگریس کمیٹی کی ایک بیٹھک اجمیر میں ہوئی. اس میں کل ملا کر 13 ٹھہراؤ پاس ہوئے. اُن میں سے کئی مہتروپورن ہیں. لیکن ہم اس وقت

چار میڈل !

تاریخ 15 اگست کو نئی دلی سے راشٹرپتی کی طرف سے ایک عجیب و غریب اعلان نکلا . اس اعلان میں دو طرح کے' یا کہنا چاہئے چار طرح کے' میڈلوں کی تقسیم کا اظہار کیا گیا :— "بھارت رتن" میڈل اور "پدم وبھوشن" میڈل . پدم وبھوشن میڈل میں تین درجے یا ورگ کئے گئے—پہلا ورگ' دوسرا ورگ اور تیسرا ورگ . اس اعلان میں یہ بتایا گیا ہے کہ بھارت کے دھان کی دھارا 18 کے مطابق خطاب نہیں بانٹے جاسکتے لیکن دیش کے بڑے بڑے سائنس داں' انجینیر' کلاکار وغیرہ کو ان کے کام کے صلے میں یہ میڈل دئے جارہے ہیں .

انگریزی دستور کے مطابق میڈل چھاتی پر لٹکائے جاتے ہیں اور دربار یا خوشی یا جلسہ کے موقع پر لوگ انہیں لگا کر آتے ہیں . ہمیں نہیں معلوم کہ سر' خان بہادر' یا رائے بہادر کی طرح لوگ اپنے نام کے آگے "بھارت رتن" یا "پدم وبھوشن" لکھ سکینگے یا نہیں . لکھیں نہ لکھیں' یہ کوئی اہمیت کی چیز نہیں ہے . اصل بات یہ ہے کہ ان میڈلوں کی ضرورت کیا پڑی؟ جواب ہوگا کہ سیواؤں کے عیوض میں دئے گئے ہیں تاکہ دوسرے لوگوں کا بھی اُتساہ بڑھے . تو کیا ہم اس کے یہ معنی لگائیں کہ آزاد ہندستان میں بڑے یا اُونچے کام کی طرف لوگوں کے اندر پریرنا پیدا کرنے کے لئے اس وقت تک جہاں اُونچی تنخواہیں دی جاتی ہیں اب (آزادی کے سات سال بعد) میڈل کی بھی درکار محسوس کرنے لگی . کوئی کہیگا کہ یہ انسانی کمزوری (Human weakness) ہے لیکن ہم اسے اپنے ملک کی بدقسمتی سمجھتے ہیں کہ خدمت کرنے یا نیکی کے کام کرنے کے لئے سونے یا چاندی کے میڈلوں سے ہمیں بہلایا دیا جائے . انگریزوں نے اُونچی تنخواہ کا قاعدہ جاری کیا کیونکہ انہیں خود اونچی تنخواہیں لینی تھیں اور چاہئیں بھی تھیں . ہم نے اس قاعدہ کو جاری رکھا ہے جس کی وجہ سے جسمانی کام کو یا ہاتھ سے محنت کرنے کو جس نفرت کے ساتھ پہلے دیکھا جاتا تھا آج بھی اس طرح دیکھا جاتا ہے . بجائے اس کے کہ ہم اس دستور کو ختم کرتے' میڈل بانٹنے کا سلسلہ اور جاری کردیا . آگے چلکر ان میڈل والوں یا اُن کے چاہنے والوں کی ایک جات بھی کھڑی ہو جائے والی ہے جو حکومت کی خوشنودی کے فن میں اپنے کو ماہر کر لیتی ہے . کل نتیجہ یہ ہوگا کہ اچھی پریرناتیں پیدا ہونے کے بجائے نامناسب پریرنائیں پیدا ہونگی اور لوگوں کے آپس کے فرق اور بھی بڑھینگے .

ظاہر ہے کہ ہر سرکار انعام' اکرام یا میڈل اپنی مرضی کے مطابق تقسیم کرتی ہے . یعنی "بھارت

चार मैडिल !

तारीख 15 अगस्त को नई दिल्ली से राष्ट्रपति की तरफ से एक अजीब व ग़रीब ऐलान निकला. इस ऐलान में दो तरह के, या कहना चाहिये चार तरह के, मैडिलों की तक़सीम का इज़हार किया गया :—"भारत-रत्न" मैडिल और "पद्म-विभूशन" मैडिल में तीन दर्जे या वर्ग किये गये—पहला वर्ग, दूसरा वर्ग और तीसरा वर्ग. इस ऐलान में बताया गया है कि भारत के विधान की धारा 18 के मुताबिक़ ख़िताब नहीं बांटे जा सकते लेकिन देश के बड़े बड़े साइन्सदां, इन्जीनियर, कलाकार वग़ैरा को उनके काम के सिलसिले में यह मैडिल दिये जा रहे हैं.

अंग्रेजी दस्तूर के मुताबिक़ मैडिल छाती पर लटकाए जाते हैं और दरबार या ख़ुशी या जल्से के मौक़े पर लोग उन्हें लगा कर आते हैं. हमें नहीं मालूम कि सर, ख़ान-बहादुर या रायबहादुर की तरह लोग अपने नाम के आगे "भारत-रत्न" या "पद्म-विभूशन" लिख सकेंगे या नहीं. लिखें न लिखें, यह कोई अहमियत की चीज़ नहीं है. असल बात यह है कि इन मैडिलों की ज़रूरत क्या पड़ी ? जवाब होगा कि सेवाओं के एवज में दिये गये हैं ताकि दूसरे लोगों का भी उत्साह बढ़े. तो क्या हम उसके यह मानी लगायें कि आज़ाद हिन्दुस्तान में बड़े या ऊंचे काम की तरफ़ लोगों के अन्दर प्रेरना पैदा करने के लिये इस वक़्त तक जहां ऊंची तनख़्वाहें दी जाती हैं अब (आज़ादी के सात साल बाद) मैडिल की भी दरकार महसूस होने लगी ? कोई कहेगा कि यह इन्सानी कमज़ोरी (Human weakness) है लेकिन हम इसे अपने मुल्क की बदक़िस्मती समझते हैं कि ख़िदमत करने या नेकी के काम करने के लिये सोने या चांदी के मैडिल से हमें बहलावा दिया जाये. अंग्रेज़ों ने ऊंची तनख़्वाह का क़ायदा जारी किया क्योंकि उन्हें ख़ुद ऊंची तनख़्वाहें लेनी थीं और चाहिये भी थीं. हमने इस क़ायदे को जारी रखा है जिसकी वजह से जिस्मानी काम को या हाथ से मेहनत करने को जिस नफ़रत के साथ पहले देखा जाता था आज भी उसी तरह देखा जाता है. बजाय इसके कि हम इस दस्तूर को ख़तम करते, मैडिल बांटने का सिलसिला और जारी कर दिया. आगे चलकर उन मैडिल वालों या उनके चाहने वालों की एक जात ही खड़ी हो जाने वाली है जो हुकूमत की ख़ुशनूदी के फ़न में अपने को माहिर कर लेती है. कल नतीजा यह होगा कि अच्छी प्रेरनाएं पैदा होने की बजाय नामुनासिब प्रेरनाएं पैदा होंगी और लोगों के आपस के फ़र्क़ और भी बढ़ेंगे.

ज़ाहिर है कि हर सरकार इनाम, इक़ाम या मैडिल अपनी मर्ज़ी के मुताबिक़ तक़सीम करती है. यानी "भारत

लोगों की जान के मुक़ाबले अपनी शान को ज्यादा ऊंचा समझे. इस ठैहराव से भी यह नहीं साफ़ साफ़ पता चलता कि क्या समाजवादी सरकार किसी मौक़े पर गोली चलाने की छूट देगी या नहीं ? इस तरह कांग्रेस प्रधान का ख़त और प्रजा समाजवादी पार्टी के ठैहराव, दोनों इस बात में चुप हैं कि सरकार की तरफ़ से गोली चलनी चाहिये या नहीं. और अगर चले तो कब ? लेकिन इससे इनकार नहीं किया जा सकता कि इन दोनों के पीछे एक ही जज़बा काम कर रहा है—वह यह कि अपने घरेलू मामले में हमको अहिंसा और शान्ति के रास्ते से तय कर लेने चाहिये.

लेकिन सब मामलों में, ख़ासकर आर्थिक मामलों में, दो फ़रीकों में से एक फ़रीक सरकार ज़रूर रहती है. इसलिये हमारा ख़याल है कि हमारे देश में शान्ति या अमन का वातावरन तब तक क़ायम नहीं हो सकता जब तक सरकार अपने पर कुछ पाबन्दी न करे और पुलिस या मिलिटरी का सहारा न ले. इस वास्ते हिन्दुस्तान में लोकशाही राज्य के ख़ूबसूरती और शान्ति के साथ चलने के लिये यह ज़रूरी है कि सरकार की तरफ़ से यह साफ़ साफ़ ज़ाहिर हो जाये कि देश के भीतरी मामलों में वह गोली या हिंसा का रास्ता नहीं अख़्तियार करेगी.

इस सिलसिले में, पाठकों को यह जानकर ख़ुशी होगी कि तारीख़ 22 जुलाई को, बैरिया (मुज़फ़्फ़रपुर ज़िला) गांव में प्रार्थना प्रवचन में श्री विनोबा जी ने क्या कहा था ? उनकी राय है :

> सार्वजनिक कार्यकर्ता भिन्न भिन्न सवालों को लेकर अपने आन्दोलन या तहरीक चलाते रहें. लेकिन वह इस बात का ध्यान रखें कि किसी मौक़े पर भी हिंसा का रास्ता न लिया जाये. इसी तरह से सरकार को भी यह ऐलान कर देना चाहिये कि देश के मामलों में वह कभी बन्दूक़ का इस्तेमाल नहीं करेगी.

यह मसला ऐसा गम्भीर है कि जिस पर क्या सरकारी अहलकार और क्या राजनीतिक या सामाजिक कार्यकर्ता, सबको इसपर गहराई से ग़ौर करना चाहिये. क्या हम यह उम्मीद करें कि कांग्रेस और प्रजा समाजवादी पार्टियों के लोग—अपनी निजी सार्वजनिक हैसियत में, और सरकारी शासन के अलमबर्दार की हैसियत में—यह ज़ाहिर करेंगे कि अपनी ज़िम्मेदारियों और फ़र्ज़ को निभाने में वह हिंसा की ताक़तों का आश्रय अब नहीं लेंगे. अगर वह ऐसा करते हैं तो इससे मुल्क को एक बड़ी अच्छी रहनुमाई हासिल होगी. इससे लोगों के अन्दर एक ज़बरदस्त आत्म विश्वास पैदा होगा. इससे हमारी शान्ति और तरक़्क़ी का रास्ता खुल जायेगा और हम दुनिया की निगाह में भी, सही माने में, ऊंचा उठेंगे.

30. 9. '54 —सुरेशराम भाई

لوگوں کی جان کے مقابلے اپنی شان کو زیادہ اُونچا سمجھے . اِس ٹھہراؤ سے بھی یہ نہیں صاف صاف پتہ چلتا کہ کیا سماج وادی سرکار کسی موقعے پر گولی چلنے کی چھوٹ دیگی یا نہیں ؟ اِس طرح کانگریس پردھان کا خط اور پرجا سماج‌وادی پارٹی کے ٹھہراؤ دونوں اِس بات میں چپ ہیں کہ سرکار کی طرف سے گولی چلنی چاہئے یا نہیں . اور اگر چلے تو کب؟ لیکن اِس سے اِنکار نہیں کیا جاسکتا کہ اِن دونوں کے پیچھے ایک ہی جزبہ کام کررہا ہے—وہ یہ کہ اپنے گھریلو معاملے میں ہم کو اہنسا اور شانتی کے راستے سے طے کرلینے چاہئے .

لیکن سب معاملوں میں، خاص کر آرتھک معاملوں میں، دو فریقوں میں سے ایک فریق سرکار ضرور رہتی ہے. اِس لئے ہمارا خیال ہے کہ ہمارے دیش میں شانتی یا امن کا واتاورن تب تک قائم نہیں ہو سکتا جب تک سرکار اپنے پر کچھ پابندی نہ کرے اور پولس یا میلٹری کی گولی کا سہارا نہ لے . اِس واسطے ہندستان میں لوک شاہی راجیہ کے خوبصورتی اور شانتی کے ساتھ چلنے کے لئے یہ ضروری ہے کہ سرکار کی طرف سے یہ صاف ظاہر ہو جائے کہ دیش کے بھیترری معاملوں میں وہ گولی یا ہنسا کا راستہ، نہیں اختیار کرے گی .

اِس سلسلے میں، پاٹھکوں کو یہ جان کر خوشی ہوگی کہ تاریخ 22 جولائی کو، بیریا (مظفرپور ضلع) گاؤں میں پرارتھنا پروچن میں شری ونوبا جی نے کیا کہا تھا ؟ اُن کی رائے ہے :

> سارو‌جنک کاریہ‌کرتا بھی یہی سوالوں کو لے کر اپنے آندولن یا تحویک چلاتے رہیں . لیکن وہ اس بات کا دھیان رکھیں کہ کسی موقع پر بھی ہنسا کا راستہ نہ لیا جائے . اِسی طرح سے سرکار کو بھی یہ اعلان کر دینا چاہئے کہ دیش کے معاملوں میں وہ کبھی بندوق کا اِستعمال نہیں کرے گی .

یہ مسئلہ ایسا گمبھیر ہے کہ جس پر کیا سرکاری اہلکار اور کیا راجنتک یا سماجک کاریہ‌کرتا، سب کو اِس پر گہرائی سے غور کرنا چاہئے . کیا ہم یہ اُمید کریں کہ کانگریس اور پرجا سماج‌واد پارٹیوں کے لوگ—اپنی نجی سارو‌جنک حیثیت میں اور سرکاری شاسن کے المبردار کی حیثیت میں—یہ ظاہر کرینگے کہ اپنی ذمہ‌داریوں اور فرض کو نبھانے میں وہ ہنسا کی طاقتوں کا آشرئیے اب نہیں لینگے . اگر وہ ایسا کرتے ہیں تو اِس سے ملک کو ایک بڑی اچھی رہنمائی حاصل ہوگی . اِس سے لوگوں کے اندر ایک زبردست آتم وشواس پیدا ہوگا . اِس سے ہماری شانتی اور ترقی کا راستہ کھل جائے گا اور ہم دنیا کی نگاہ میں بھی، صحیح معنی میں، اُونچا اُٹھینگے .

30. 9. '54 —سریش رام‌بھائی

देश की मांग

हाल ही में पंडित जवाहर लाल नेहरू ने प्रदेश कांग्रेस कमेटियों के सभापति के नाम एक चिट्ठी भेजी है. उसमें उन्होंने इस बात पर बड़ा दुख ज़ाहिर किया है कि हमारे सार्वजनिक जीवन में लोगों का झुकाव किसी न किसी तरह की हिंसात्मक कार्रवाई की तरफ़ बढ़ता जा रहा है. इस ढंग को उन्होंने ख़तरनाक कहा है और लोकशाही राज्य की जड़ के ख़िलाफ़ बताया है. उनका यह भी कहना है :

> जब हम अपनी आज़ादी की लड़ाई लड़ रहे थे तो हिंसा के ख़िलाफ़ थे. ऐसी सूरत में आज जब हमने आज़ादी हासिल कर ली है, तब हमें हिंसा के और भी ख़िलाफ़ होना चाहिये. आजकल तो अपने सवालों को हल करने के लिये हमारे पास लोकशाही साधन और मशीनरी भी मौजूद है.

★ सर्वोदय भूदान और हृदय परिवर्तन—कुमारी सरोज अग्रवाल
★ मास्को से खत—सुन्दरलाल
★ कुंग-ई-ची (कहानी)—लू-शुन

हमारी राय :—

★ छुआ छूत—सुन्दरलाल
★ असलियत और प्रचार—सुरेश राममाई
★ मिस्र और बरतानिया का समझौता—मुजीब रिज़वी
★ इन्दौर की दुर्घटना—मुजीब रिज़वी

اس نمبر کے خاص لیکھ

★ ہردے پریورتن اور بھودان—سریش رام بھائی
★ سروودے، بھودان اور ہردے پریورتن—کماری سروج اگروال
★ ماسکو سے خط—سندر لال
★ کونگ۔ائی۔چی۔ (کہانی)—لو۔شی

ہماری رائے :—

★ چھوا چھوت—سندر لال
★ اصلیت اور پرچار—سریش رام بھائی
★ مصر اور برطانیہ کا سمجھوتہ—مجیب رضوی
★ اندور کی درگھٹنا—مجیب رضوی

हिन्दुस्तानी कलचर सोसाइटी, इलाहाबाद

ہندستانی کلچر سوسائٹی الہ آباد

अगस्त 1954 اگست

कीमत दस आना قیمت دس آنہ

हमारे यहां मिलने वाली कुछ और तिथें - ہمارے یہاں ملنےوالی کچھ اور کتابیں

नोट:—यह किताबें सिर्फ़ हिन्दी में हैं

نوٹ :—یہ کتابیں صرف ہندی میں ہیں ۔

	नाम किताब	लेखक	दाम			लेखक	नام کتاب
1	शेर ओ शायरी	श्री अयोध्या प्रसाद गोयलीय	8	0	0	شری ایودھیا پرساد گوئیلی	1. شعر و شاعری
2.	शेर ओ सुखन	,,	8	0	0	,,	2. شعر و سخن
3.	गहरे पानी पैठ	,,	2	8	0	,,	3. گہرے پانی پیٹھ
4.	हमारे आराध्य	श्री बनारसीदास चतुर्वेदी	3	0	0	شری بنارسی داس چترویدی	4. ہمارے آرادھیہ
5.	संस्मरण	,,	3	0	0	,,	5. سنسمرن
6.	दो हज़ार वर्ष पुरानी कहानियां	श्री जगदीशचन्द्र जैन	3	0	0	شری جگدیش چندر جین	6. دو ہزار ورش پرانی کہانیاں
7.	ज्ञान गंगा	श्री नारायण साद जैन	6	0	0	شری نارائن پرساد جین	7. گیان گنگا
8.	पथ चिन्ह	श्री शान्ति प्रिय द्विवेदी	2	0	0	شری شانتی پریہ دویدی	8. پتھ چنھ
9.	पंच प्रदीप	शान्ति एम. ए.	2	0	0	شانتی ایم . اے	9. پنچ پردیپ
10.	आकाश के तारे धरती के फूल	श्री कन्हैयालाल मिश्र प्रभाकर	2	0	0	شری کنھیالال مشر پربھاکر	10. آکاش کے تارے دھرتی کے پھول
11.	मुक्ति दूत	श्री वीरेन्द्र कुमार जैन एम ए.	5	0	0	شری ویریندر کمار جین ایم . اے	11. مکتی دوت
12.	मिलन यामिनी	श्री बच्चन	4	0	0	شری بچن	12. ملن یامنی
13.	रजत रश्मि	डाक्टर रामकुमार वर्मा	2	8	0	ڈاکٹر رام کمار ورما	13. رجت رشمی
14.	मेरे बापू	श्री तन्मय बुखारिया	2	8	0	شری تنمے بخاریا	14. میرے باپو
15.	विश्व संघ की ओर	पंडित सुन्दरलाल भगवानदास केला	3	0	0	پنڈت سندرلال، بھگوان داس کیلا	15. وشو سنگھ کی اور
16.	भारतीय अर्थशास्त्र	श्री भगवानदास केला	5	0	0	شری بھگوان داس کیلا،	16. بھارتیہ ارتھ شاستر
17.	भारतीय शासन	,,	3	0	0	,,	17. بھارتیہ شاسن
18.	नागरिक शास्त्र	,,	2	4	0	,,	18. ناگرک شاشتر
19.	साम्राज्य और उनका पतन	,,	2	8	0	,,	19. سامراج اور اُن کا پتن
20.	भारतीय स्वाधीनता अन्दोलन	,,	1	4	0	,,	20. بھارتیہ سوادھینتا آندولن
21.	सर्वोदय अर्थ व्यवस्था	,,	1	8	0	,,	21. سروودے ارتھ ویوستھا
22.	हमारी आदिम जातियां	श्री भगवानदास केला और श्री अखिल विनय	3	8	0	شری بھگوان داس کیلا اور شری اکھل ونے	22. ہماری آدم جاتیاں
23.	अर्थशास्त्र शब्दावली	श्री दया शंकर दुबे, एम. ए. एल एल. बी. गजाधर प्रसाद, अग्निबुष्ट, भगवानदास केला	2	0	0	شری دیا شنکر دوبے ایم .اے. ایل ایل . بی . گجادھر پرساد، اگنیشت، بھگوان داس کیلا	23. ارتھ شاستر شبداولی
24.	नागरिक शिक्षा	भगवानदास केला श्री दयाशंकर दुबे	1	8	0	شری بھگوان داس کیلا دیا شنکر دوبے	24. ناگرک شکشا
25.	राष्ट्र मंडल शासन	श्री दयाशंकर दुबे	1	8	0	دیا شنکر دوبے	25. راشٹر منڈل شاسن
26.	जवानो	महात्मा भगवानदीन	3	0	0	مہاتما بھگوان دین	26. جوانو
27.	मारने की हिम्मत !	,,	1	0	0	,,	27. مارنے کی ہمت
28.	सलौना सच	,,	0	8	0	,,	28. سلونا سچ
29.	मेरे साथी	,,	1	0	0	,,	29. میرے ساتھی

मिलने का पता—

मैनेजर 'नया हिन्द'

ملنے کا پتہ

مینیجر 'نیا ہند'

हमारी राय

हंसी आती है उन छै मिनिस्टरों के यह कहने पर कि यह प्रदेश इत्तफाक से नहीं बल्कि तारीख की पैदाइश हैं.

सच है कि अक्ल हैरान है कि अगर फ्रेंच अंग्रेजों ने अलग सूबा बना रक्खा था तो अब भी अलग प्रदेश क्यों रहे? या अगर ग्वालियर और इन्दौर को मध्य भारत में मिलाया जा सकता है तो भोपाल को क्यों न मिलाया जाये? या फिर रामपुर को उत्तर प्रदेश में मिलाने की वजह अलग से (C) प्रदेश क्यों न क़रार दिया जाये? या कई रियासतें मिला कर जब विंध्य प्रदेश नया खड़ा किया गया तो उसे अजमेर वग़ैरा का दर्जा देने की बजाय सौराष्ट्र और राजस्थान की तरह (B) दर्जे में क्यों न रक्खा गया? यह ठीक उसी तरह का बेतुका काम नज़र आता है जैसा अंग्रेज़ लोग मजबूरन या मसलहतन करते थे. लेकिन आज उनमें कोई वजन नहीं मालूम होता.

मगर जैसा हमने ऊपर कहा (C) प्रदेशों के चीफ मिनिस्टरों को हम बधाई देते हैं जो उन्होंने इस ख़ूबसूरती के साथ अपनी वकालत की है. उनके ख़याल की हम क़दर करते हैं. हम चाहते हैं कि नये सूबे या बड़े सूबे चाहने वाली जो जमाअतें हैं वह इस मेमोरेन्डम से सबक़ हासिल करें कि किस संजीदगी और ख़ुशमिज़ाजी के साथ कोई बात कही जाती है. इस काम में दिमाग़ के ठंडा रखने की जितनी ज़रूरत है उतनी और किसी चीज़ की नहीं. हमें यक़ीन है कि भाषावार कमीशन के सामने सभी मेमोरेन्डम (C) प्रदेश वालों की तरह से पेश हों तो उसका आधा बोझ हलका हो जाये और मुल्क की शान भी बढ़े. हम उम्मीद करते हैं कि वह कमीशन पूरे हिन्दुस्तान के नक़्शे को सामने रखते हुए (C) प्रदेशों के भविश्य के बारे में भी मुनासिब राय क़ायम करेगा.

9. 6. '54 —सुरेशराम भाई

هماري رائے

هنسی آتی هے اُن چھ منسٹروں کے یہ کہنے پر کہ یہ پردیش اتفاق سے نہیں بلکہ تاریخ کی پیدائش ہیں.

سچ هے کہ عقل حیران هے کہ اگر گورے انگریزوں نے الگ صوبہ بنا رکھا تھا تو اب بھی وہ الگ پردیش کیوں رهے؟ یا اگر گوالھر اور اندور کو مدھیہ بھارت میں ملایا جا سکتا هے تو بھوپال کو کیوں نہ ملایا جائے؟ یا پھر رامپور کو اُتر پردیش میں ملانے کی وجہ الگ سے (C) پردیش کیوں نہ قرار دیا جائے؟ یا کئی ریاستیں ملا کر جب وندھیہ پردیش نہا کھوا کھا تو اُسے اجمیر وغیرہ کا درجہ دینے کی بجائے سوراشٹر اور راجستھان کی طرح (B) درجہ میں کیوں نہ رکھا گیا؟ یہ ٹھیک اسی طرح کا بے تکا کام نظر آتا هے جیسا انگریز لوگ مجبوراً یا مصلحتاً کرتے تھے. لیکن آج ان میں کوئی وزن نہیں معلوم ہوتا.

مگر جیسا ہم نے اوپر کہا (C) پردیشوں کے چیف منسٹروں کو ہم بدھائی دیتے ہیں جو انہوں نے اس خوبصورتی کے ساتھ اپنی وکالت کی هے. ان کے خیال کی ہم قدر کرتے ہیں. ہم چاہتے ہیں کہ نئے صوبے یا بڑے صوبے چاہنے والی جو جماعتیں ہیں وہ اس میمورنڈم سے سبق حاصل کریں کہ کس سنجیدگی اور خوش مزاجی کے ساتھ کوئی بات کہی جاتی هے. اس کام میں دماغ کے ٹھنڈا رکھنے کی جتنی ضرورت هے اتنی کسی اور چیز کی نہیں. ہمیں یقین هے کہ بھاشا وار کمیشن کے سامنے سبھی میمورنڈم (C) پردیش والوں کی طرح سے پیش ہوں تو اس کا آدھا بوجھ ہلکا ہو جائے اور ملک کی شان بھی بڑھے. ہم اُمید کرتے ہیں کہ وہ کمیشن پورے ہندستان کے نقشہ کو سامنے رکھتے ہوئے (C) پردیشوں کے بھوشیہ کے بارے میں بھی مناسب رائے قائم کریگا.

9. 6. '54 سریش رام بھائی

के मैदान में उन प्रदेशों ने दूसरे बड़े प्रदेशों के मुक़ाबिले अब तक कहीं ज्यादा तरक़्क़ी की है हालांकि हिन्द सरकार से ज़ाबते की मन्ज़ूरी वग़ैरा मिलने में अकसर देर भी लगी.

हम (C) प्रदेशों के चीफ़ मिनिस्टरों को दाद देते हैं. जिस ख़ूबी के साथ उन्होंने अपना मेमोरेन्डम तैयार किया उसके लिये हमारा दिली मुबारकबाद. लेकिन एक कसर बाक़ी रह गई. वह यह कि जब छै (C) प्रदेशों ने इस बहतरीन ढंग से काम किया और वहां की हकूमत ने जनता में जोश पैदा कर दिखलाया तो यह चीफ़ मिस्टर मांग करें कि कोई वजह नहीं है कि (A) और (B) प्रदेशों में छोटे छोटे हिस्से निकाल कर (C) की तादाद बढ़ा दी जाये ताकि सारा मुल्क ज्यादा जोश से आगे बढ़े! हम यह भी सिफ़ारिश ज़रूर करते मगर देखते क्या हैं कि देहली प्रदेश में आए दिन झगड़े और तू तू मैं मैं चल रही है. उधर अजमेर में कहीं संगीन हालत है और ऐसेम्बली क्या है दांव पेच की शतरंज बन गई है फिर विंध्य प्रदेश में भी वैसा ही नज़्ज़ारा है. इसके अलावा वहां के गवर्नर साहब को एक नया शौक़ पैदा हुआ है—एक ठंडी राजधानी खड़ी करना. इस के लिये उन्होंने अमरकंटक का मुक़ाम पसंद किया है. कुछ दिन वह और उनके मिनिस्टर वहां जाकर रहे भी. हमें डर है कि जल्दी ही लाखों रुपये की स्कीम से वहां ईंटों के महल चुनना शुरू हो जायेंगे. कहने का मतलब यह है कि जो बीमारियां (A) और (B) प्रदेशी के हुक्कामों या एसम्बली वालों को हैं उसके शिकार (C) वाले भी बहुत ज्यादा हैं. शायद फ़ैशन में शुमार किये जाने की वजह से वहां ऐसा होता हो. मगर यह साफ़ है कि (C) प्रदेशों ने कोई ऐसा ठोस क़दम नहीं उठाया जिससे वहां की जनता को कोई कारगर फ़ायदा पहुंचा हो. हमें बड़े अफ़सोस के साथ कहना पड़ रहा है कि (C) प्रदेश में शामिल होने का नतीजा यह हुआ की रीवा, ओरछा, टीकमगढ़ और टेहरी गढ़वाल वग़ैरा में अब वनस्पति घी कसरत से पहुंचने लगा और क्या दूध, क्या घी, सभी अच्छी चीज़ों को नापैद कर रहा है. इसी तरह छओं (C) प्रदेशों में देहाती दस्तकारियां मिट रही हैं और बेकारी बढ़ रही है.

इसके अलावा उन प्रदेशों के मिनिस्टरों ने उस सादगी का नमूना भी नहीं पेश किया जो उनसे उम्मीद की जा सकती थी. न वहां के दूसरे सरकारी ख़र्चों में कोई ऐसी कमी दिखलाई पड़ती है जिसकी वजह से यह समझा जा सके कि किफ़ायत के लिहाज़ से छोटे प्रदेश रखना बेहतर होगा.

کے میدان میں ان پردیشوں نے دوسرے بڑے پردیشوں کے مقابلہ اب تک کہیں زیادہ ترقی کی ہے حالانکہ ہند سرکار سے ضابطہ کی منظوری وغیرہ ملنے میں اکثر دیر بھی لگی۔

ہم (C) پردیشوں کے چیف منسٹروں کی داد دیتے ہیں۔ جس خوبی کے ساتھ انہوں نے اپنا میمورنڈم تیار کیا اس کے لئے ہمارا دلی مبارک باد۔ لیکن ایک کسر باقی رہ گئی۔ وہ یہ کہ جب چھ (C) پردیشوں نے اس بہترین ڈھنگ سے کام کیا اور وہاں کی حکومت نے جلتا ہوا جوش پیدا کر دکھایا تو یہ چیف منسٹر مانگ کریں کہ کوئی وجہ نہیں ہے کہ (A) اور (B) پردیشوں میں سے چھوٹے چھوٹے حصے نکال کر (C) کی تعداد بڑھا دی جائے تاکہ سارا ملک زیادہ جوش سے آگے بڑھے! ہم یہ بھی سفارش ضرور کرتے مگر دیکھتے کیا ہیں کہ دہلی پردیش میں آئے دن جھگڑے اور تو تو میں میں چل رہی ہے۔ ادھر اجمیر میں کہیں سنگین حالت ہے اور اسمبلی کیا ہے دانو پیچ کی شترنج بن گئی ہے۔ ادھر وندھیہ پردیش میں بھی ویسا ہی نظارہ ہے۔ اس کے علاوہ وہاں کے گورنر صاحب کو ایک نیا شوق پیدا ہوا ہے—ایک ٹھنڈی راجدھانی کھڑی کرنا۔ اس کے لئے انہوں نے امرکنٹک کا مقام پسند کیا ہے۔ کچھ دن وہ اور ان کے منسٹر وہاں جا کر رہے بھی۔ ہمیں ڈر ہے کہ جلدی ہی لاکھوں روپیہ کی اسکیم سے وہاں اینٹوں کے محل چننا شروع ہو جائینگے۔ کہنے کا مطلب یہ ہے کہ جو بیماریاں (A) اور (B) پردیش کے حکموں یا اسمبلی والوں کو ہیں اس کے شکار (C) والے بھی بہت زیادہ ہیں۔ شاید فیشن میں شمار کیئے جانے کی وجہ سے وہاں ایسا ہوتا ہو۔ مگر یہ صاف ہے کہ (C) پردیشوں نے کوئی ایسا ٹھوس قدم نہیں اٹھایا جس سے وہاں کی جنتا کو کوئی کارگر فائدہ پہونچا ہو۔ ہمیں بڑے افسوس کے ساتھ کہنا پڑ رہا ہے کہ (C) پردیش میں شامل ہونے کا نتیجہ یہ ہوا کہ ریوا، اورچھا، ٹیکم گڑھ اور ٹہری گڑوال وغیرہ میں اب ونسپتی گھی کثرت سے پہونچنے لگا اور گھا دودھ، گھا گھی، سبھی اچھی چیزوں کو ناپید کر رہا ہے۔ اس طرح چھ (C) پردیشوں میں دیہاتی دستکاریاں سسک رہی ہیں اور بیکاری بڑھ رہی ہے۔

اس کے علاوہ ان پردیشوں کے منسٹروں نے اس سادگی کا نمونہ بھی نہیں پیش کیا جو ان سے اُمید کی جا سکتی تھی۔ نہ وہاں کے دوسرے سرکاری خرچوں میں کوئی ایسی کمی دکھلائی پڑتی ہے جس کی وجہ سے یہ سمجھا جا سکے کہ کفایت کے لحاظ سے چھوٹے پردیش رکھنا بہتر ہوگا۔

مئی مہینہ کی 11-12 تاریخ کو ان چاروں پردیشوں کے چیف منسٹروں کی کانفرنس شملہ سے 12 میل دور 'بھاگو' نام کے ایک ٹھنڈے مقام پر ہوئی جو ہماچل پردیش میں پڑتا ہے۔ اس کانفرنس کے صدر اجمیر کے چیف منسٹر شری ہری بھاو اوپادھیایہ جی تھے۔ اس کانفرنس نے پانچ صفحے کا لمبا ایک بیان پریس کو دیا جو ایک میمورنڈم کی شکل میں اس کمیشن کے سامنے پیش کیا جائیگا جس کے سپرد ہندستان کے نئے نقشہ کی تیاری کا کام کیا گیا ہے۔

اس بیان کو دیکھنے پر پتہ چلتا ہے کہ ان پردیشوں کے چیف منسٹروں پر نیست نابود ہونے کا ہوا چھایا ہو اے اور انہیں کافی ڈر اس بات کا ہے کہ اگر ملک کے نقشہ میں کچھ بھی تبدیلی کی گئی تو پہلے ہم ہی شہید کیئے جانے والے ہیں۔ ان کا کہنا ہے کہ ملک کی بہتری کے لحاظ سے یہ مناسب ہے کہ موجودہ سیاسی نظام کو نہیں بدلا جائے۔ پر اگر کچھ تھوڑی بہت رد و بدل ضروری سمجھی جائے بھی تو کم سے کم (C) درجہ کے پردیشوں کو بدستور بنے رہنے دیا جائے۔ اسکی انہوں نے کئی وجہ گنائی ہیں :—

(1) اُن کا جنم کسی اتفاق سے نہیں بلکہ تاریخی سلسلہ سے ہے۔

(2) یہاں کے لوگ چاہتے ہیں کہ یہ بنی رہیں۔ اس لیئے انکی رائے کو ٹھکرانا لوکشاہی کے خلاف ہوگا اور وِدھان کے اصولوں کو نظر انداز کرنا ہوگا۔

(3) یہ غلط خیال ہے کہ یہ پردیش مرکزی سرکار پر بوجھ ہیں۔ یہ اعتراض اصلیت سے دور ہے اور صرف وہی لوگ کرسکتے ہیں جنہیں حالت کی سچی جانکاری نہیں ہے۔

(4) ہر پردیش کی آمدنی و خرچ کی صورت بہت اچھی ہے اور اگر کیندر سے کچھ مدد آتی ہے تو کیول ان پروجنوں وغیرہ کے لیئے جو کیندر کی سرکار تجویز کرتی ہے۔ ایسی مدد تو (A) اور (B) پردیشوں کو بھی دی جارہی ہے۔

(5) کیندر میں آبکاری اور آمدنی پر ٹیکس سے جو روپیہ پہونچتا ہے اس میں وہ (A) اور (B) پردیشوں سے تو شرکت کرتا ہے مگر (C) سے نہیں۔ اس چیز میں ہمارا بھی حق ہے جس کو کچھ لوگ محسوس نہیں کرتے۔

(6) ان پردیشوں میں لوکشاہی یا پرجاتنتر کا نمونہ چل رہا ہے۔ اسکی وجہ سے لوگوں میں ایک جوش پیدا ہوا ہے۔ اسکا نتیجہ ہے کہ پانچ سالہ یوجنا میں جس درجہ یہاں والے شرکت کرسکتے ہیں اس حد تک دوسرے پردیش والے نہیں کرسکتے۔ یہی کارن ہے کہ وکاس

مئی महीने की 11-12 तारीख को इन छओं प्रदेशों के चीफ मिनिस्टरों की कान्फ्रेंस शिमले से 12 मील दूर 'भागो' नाम के एक ठंडे मुक़ाम पर हुई जो हिमांचल प्रदेश में पड़ता है. उस कान्फ्रेंस के सदर अजमेर के चीफ मिनिस्टर श्री हरी भाउ उपाध्याय जी थे. उस कान्फ्रेंस ने पांच सफ़हे का लम्बा एक बयान प्रेस को दिया जो एक मेमोरेन्डम की शकल में उस कमीशन के सामने पेश किया जायेगा जिसके सिपुर्द हिन्दुस्तान के नये नक़्शे की तैयारी का काम किया गया है.

इस बयान को देखने पर पता चलता है कि इन प्रदेशों के चीफ मिनिस्टरों पर नेस्त नाबूद होने का हौआ छाया हुआ है और उन्हें काफ़ी डर इस बात का है कि अगर मुल्क के नक़्शे में कुछ भी तबदीली की गई है तो पहले हम ही शहीद किये जाने वाले हैं. उनका कहना है कि मुल्क की बहतरी के लिहाज़ से यह मुनासिब है कि मौजूदा सियासी निज़ाम को नहीं बदला जाये. पर अगर कुछ थोड़ी बहुत रद्दोबदल ज़रूरी समझी जाये भी तो कम से कम (C) दर्जे के प्रदेशों को बदस्तूर बने रहने दिया जाय. इसकी उन्होंने कई वजह गिनाई हैं :—

(1) उनका जन्म किसी इत्तफ़ाक़ से नहीं बल्कि तारीख़ी सिलसिले से है.

(2) यहां के लोग चाहते हैं कि यह बनी रहें. इसलिये उनकी राय को ठुकराना लोकशाही के ख़िलाफ़ होगा और विधान के उसूलों को नज़रअन्दाज़ करना होगा.

(3) यह ग़लत ख़्याल है कि यह प्रदेश मरकज़ी सरकार पर बोझ हैं. यह ऐतराज़ असलियत से दूर है और सिर्फ़ वही लोग कर सकते हैं जिन्हें हालत की सच्ची जानकारी नहीं है.

(4) हर प्रदेश की आमदनी व ख़र्च की सूरत बहुत अच्छी है और अगर केन्द्र से कुछ मदद आती है तो केवल उन योजनाओं वग़ैरा के लिये जो केन्द्र की सरकार तजवीज़ करती है. ऐसी मदद तो (A) और (B) प्रदेशों को भी दी जा रही है.

(5) केन्द्र में आबकारी और आमदनी पर टैक्स से जो रुपया पहुंचता है उसमें वह (A) और (B) प्रदेशों से तो शिरकत करता है मगर (C) से नहीं. इस चीज़ में हमारा भी हक़ है जिसको कुछ लोग महसूस नहीं करते.

(6) उन प्रदेशों में लोकशाही या प्रजातन्त्र का नमूना चल रहा है. इसकी वजह से लोगों में एक जोश पैदा हुआ है. इसका नतीजा है कि पंचसाला योजना में जिस दर्जे यहां वाले शिरकत कर सकते हैं उस हद तक दूसरे प्रदेश वाले नहीं कर सकते. यही कारन है कि विकास

जो प्रोजैक्ट चला रही है उनमें है. महज़ खेती की पैदावार बढ़ाने से कोई फ़ायदा नहीं होने वाला है जबतक गांव की ज़रूरत की दीगर चीज़ें भी गांव में नहीं तैयार होतीं. यानी खेती और ग्राम उद्योग एक ही चीज़ के दो पहलू हैं. या यों कहें कि गांव की एक आंख खेती है तो दूसरी ग्राम उद्योग है. उनमें से एक के भी बिगड़ने पर सारी शकल बिगड़ जाती है.

हम चाहते हैं कि क्या प्लानिंग कमीशन वाले और क्या मरकज़ी, क्या सूबे की सब सरकारें सभी इस पहलू पर ज़रा ग़ौर करें और सोचें कि नीलोखेड़ी का सारा काम एक फुलझड़ी जैसा हो कर क्यों रह गया? हमारा भरोसा है कि अगर नीलोखेड़ी से सरकार ने ठीक सबक़ सहीं तरीक़े पर सीख लिया और उसके मुताबिक़ सारी स्कीमों और योजनाओं में तबदीली कर दी तो अब तक की गई मेहनत फ़िज़ूल न कही जायेगी, क्योंकि सुबह का भूला अगर शाम को घर लौट आये तो भूला नहीं कहा जाता.

9. 6. '54 —सुरेशराम भाई

सी-प्रदेशों का भविष्य

भारत के विधान में तीन तरह की स्टेट या प्रदेश मन्ज़ूर किये जये हैं: (A), (B) और (C). दर्जा (A) में ज्यादातर वह बड़े प्रदेश हैं जो अंग्रेज़ों के ज़माने में गवर्नरों के सूबे कहलाते थे जैसे यूपी, बम्बई, मद्रास वग़ैरा. दर्जा (B) में वह इलाक़े हैं जो अंग्रेज़ों के ज़माने में छोटी बड़ी 600 से ऊपर रियासतें थीं और जिन्हें सरदार पटेल ने मिला मिला कर एक बड़ी शक्ल दी थी, जैसे सौराष्ट्र, मध्य भारत, त्रिवांची वग़ैरा. दर्जा (C) में वह इलाक़े हैं जो पहले चीफ़ कमिशनर के सूबे कहे जाते थे या रियासतों की शकल में थे. दर्जा (C) में छै प्रदेश हैं: देहली, अजमेर, कुर्ग, भोपाल, हिमाचल और विंध्य प्रदेश.

जब से यह (C) प्रदेश बने तब से ही यह सवाल अकसर लोगों के सामने पैदा होता है कि आख़िर उनकी ज़रूरत क्या है? क्या अजमेर को राजस्थान में या भोपाल को मध्य भारत में नहीं शामिल किया जा सकता? फिर यह भी सुनने में आया कि जब पुराने रजवाड़ों को मिलाया जा रहा था उस वक़्त भी (C) रियासतों को अलग न रखने का सोचा जा रहा था मगर कुछ आला शख़सियतों की निजी पसंदगी और नापसंदगी भी उनके बनने का एक बाइस बन गई. बहरहाल आज, जैसा हमने ऊपर अर्ज़ किया, (C) दरजे में छै प्रदेश हैं.

جو پروجیکٹ چلا رہی ہے ان میں ہے. محض کھیتی کی پیداوار بڑھانے سے کوئی فائدہ نہیں ہونے والا ہے جب تک گاؤں کی ضرورت کی دیگر چیزیں بھی گاؤں میں نہیں تیار ہوتیں. یعنی کھیتی اور گرام اودیوگ ایک ہی چیز کے دو پہلو ہیں. یا یوں کہیں کہ گاؤں کی ایک آنکھ کھیتی ہے تو دوسری گرام اودیوگ ہے. ان میں سے ایک کے بھی بگڑنے پر ساری شکل بگڑ جاتی ہے.

ہم چاہتے ہیں کہ کیا پلاننگ کمیشن والے اور کیا مرکزی کیا صوبے کی سب سرکاریں سبھی اس پہلو پر ذرا غور کریں اور سوچیں کہ نیلوکھیڑی کا سارا کام ایک پھل جھڑی جیسا ہو کر کیوں رہ گیا؟ ہمارا بھروسہ ہے کہ اگر نیلوکھیڑی سے سرکار نے ٹھیک سبق صحیح طریقہ پر سیکھ لیا اور اس کے مطابق ساری اسکیموں اور یوجناؤں میں تبدیلی کر دی تو اب تک کی گئی محنت فضول نہ کہی جائے گی، کیونکہ صبح کا بھولا اگر شام کو گھر لوٹ آئے تو بھولا نہیں کہا جاتا.

9. 6. '54 —سریش رام بھائی

سی-پردیشوں کا بھوشیہ

بھارت کے وِدھان میں تین طرح کی اسٹیٹ یا پردیش منظور کیے گئے ہیں: (A), (B) اور (C). درجہ (A) میں زیادہ تر وہ بڑے پردیش ہیں جو انگریزوں کے زمانہ میں گورنروں کے صوبے کہلاتے تھے جیسے یوپی، بمبئی، مدراس وغیرہ. درجہ (B) میں وہ علاقے ہیں جو انگریزوں کے زمانے میں چھوٹی بڑی 600 سے اوپر ریاستیں تھیں اور جنہیں سردار پٹیل نے مل ملا کر بڑی شکل دی تھی، جیسے سوراشٹر، مدھیہ بھارت، تراوَنکور وغیرہ. درجہ (C) میں وہ علاقے ہیں جو پہلے چیف کمشنر کے صوبے کہے جاتے تھے یا ریاستوں کی شکل میں تھے. درجہ (C) میں چھ پردیش ہیں: دہلی، اجمیر، کرگ، بھوپال، ہماچل اور وندھیہ پردیش.

جب سے یہ (C) پردیش بنے تب سے ہی یہ سوال اکثر لوگوں کے سامنے پیدا ہوتا ہے کہ آخر انکی ضرورت کیا ہے؟ کیا اجمیر کو راجستھان میں یا بھوپال کو مدھیہ بھارت میں نہیں شامل کیا جاسکتا؟ پھر یہ بھی سننے میں آیا کہ جب پرانے رجواڑوں کو ملایا جا رہا تھا اس وقت بھی (C) ریاستوں کو الگ نہ رکھنے کا سوچا جا رہا تھا مگر کچھ اعلیٰ شخصیتوں کی نجی پسندیدگی اور ناپسندیدگی بھی ان کے بننے کا ایک باعث بن گئی. بہرحال آج، جیسا ہم نے اوپر عرض کیا، (C) درجہ میں چھ پردیش ہیں.

किस नतीजे पर पहुंचे या उन्होंने उससे क्या सबक़ हासिल किया. हम मानते हैं कि इस तरह की बस्तियां बसाने का उन्हें तजुर्बा नहीं था और यह अपने ढंग की पहली कोशिश थी. लिहाज़ा कुछ न कुछ कमी रह जाना तो क़ुदरती बात थी. लेकिन हमारा ख़्याल है कि चाहे कितनी भी ख़ूबी व होशियारी से नीलोखेड़ी का काम क्यों न किया गया होता नतीजा यही या इससे मिलता जुलता होने वाला था. वजह यह है कि गांव या किसी बस्ती की तामीर का जो सांचा हमारी हकूमत या प्लानिंग कमीशन के पास है उस सांचे में उस मुल्क के गांव या बस्तियों को नहीं ढाला जा सकता. हमारा अपना ख़्याल है कि नीलोखेड़ी की नाकामयाबी की बुनियादी वजह सिर्फ़ एक है. वह यह कि उस बस्ती को खाने, कपड़े और दूसरी बुनियादी ज़रूरतों में अपने पांव पर खड़े करने की कोशिश ही नहीं की गई. कपड़ा और ज़रूरी सामान बाहर से ला ला कर तनख़्वाह या पैसे के ज़ोर पर गांव नहीं बसाये जासकते.

ज़रा सोचने की बात है कि आज हमारे गांव क्यों तबाह हैं. अनाज तो वहां होता है. मगर अनाज के अलावा बाक़ी सभी सामान जैसे कपड़ा, जूता, बर्तन, पान, बीड़ी, तम्बाकू, तेल वग़ैरा सभी बाहर से आते हैं. इसका मतलब है कि अनाज तीन सेर की जगह तीन छटांक का भी बिकने लग जाये मगर किसान के पास पैसा रह ही नहीं पायेगा. आज जहां हमारे देहाती भाई बर्बाद हैं शादी ब्याह और गांजा भांग शराब के नशों से, वहां बाज़ार साहूकार, और सरकार मिलकर उनका वजूद मिटा रहे हैं. क़सूर न सरकार का है न साहूकार का, न बाज़ार, वाले व्यापारियों का, बल्कि उस निज़ाम का जो हमको अंग्रेज़ों से विरासत में मिला है. जो ढांचा अंग्रेज़ों ने अपने मतलब के लिये क़ायम किया था वह बदस्तूर चलाया जा रहा है जिसकी वजह से देहातों की हालत दिन दूनी रात चौगुनी ख़राब हो रही है. जब तक देहातों की दौलत बाहर जाती है तब तक देहातों का भला नहीं हो सकता. दूसरे लफ़्ज़ों में देहातों में होने वाला कच्चा माल वहीं काम में आना चाहिये और वहीं उसका पक्का माल बने और वहीं वह ख़र्च हो और ख़र्च से जो बचे वह शहरों में जाये. अंधे बहरे का मेल हमारे देहातों में नहीं ठैहर सकता. आंखें एक की और ज़बान कान दूसरे की रखने से काम नहीं चलेगा. जहां का अनाज वहीं का कपड़ा, तेल वग़ैरा हो. इन्सानी जिस्म की तरह गांव की आर्थिक बनावट भी एक मकम्मल चीज़ है जिसमें जोड़ की गुंजाइश नहीं है.

नीलोखेड़ी को उस मुकम्मल शकल में नहीं खड़ा किया गया जैसी कि ज़रूरत थी. यही कमी हमारी सरकार

کس نتیجہ پر پہونچے یا انہوں نے اس سے کیا سبق حاصل کیا. ہم مانتے ہیں کہ اسطرح کی بستیاں بسانے کا انہیں تجربہ نہیں تھا اور یہ اپنے ڈھنگ کی پہلی کوشش تھی. لہذا کچھ نہ کچھ کمی رہ جانا تو قدرتی بات تھی. لیکن ہمارا خیال ہے کہ چاہے کتنی بھی خوبی و ہوشیاری سے نیلو کھیڑی کا کام کیوں نہ کیا گیا ہوتا نتیجہ یہی یا اس سے ملتا جلتا ہونے والا تھا. وجہ یہ ہے کہ گاؤں یا کسی بستی کی تعمیر کا جو سانچا ہماری حکومت یا پلاننگ کمیشن کے پاس ہے اس سانچہ میں اس ملک کے گاؤں یا بستیوں کو نہیں ڈھالا جا سکتا. ہمارا اپنا خیال ہے کہ نیلو کھیڑی کی ناکامیابی کی بنیادی وجہ صرف ایک ہے. وہ یہ کہ اس بستی کو کھانے، کپڑے اور دوسری بنیادی ضرورتوں میں اپنے پاؤں پر کھڑے کرنے کی کوشش ہی نہیں کی گئی. کپڑا اور ضروری سامان باہر سے لا لا کر تنخواہ یا پیسے کے زور پر گاؤں نہیں بسائے جاسکتے.

ذرا سوچنے کی بات ہے کہ آج ہمارے گاؤں کیوں تباہ ہیں. اناج تو وہاں ہوتا ہے. مگر اناج کے علاوہ باقی سبھی سامان جیسے کپڑا، جوتا، برتن، پان، بیڑی، تمباکو تیل وغیرہ سبھی باہر سے آتے ہیں. اس کا مطلب ہے کہ اناج تین سیر کی جگہ تین چھٹانک کا بھی بکنے لگ جائے مگر کسان کے پاس پیسہ رہ ہی نہیں پائے گا. آج جہاں ہمارے دیہاتی بھائی برباد ہو رہے ہیں شادی بیاہ اور گانجا بھانگ شراب کے نشوں سے، وہاں بازار، ساہوکار ملکر ان کا وجود مٹا رہے ہیں. قصور نہ سرکار کا ہے نہ ساہوکار کا، نہ بازار والے بیوپاریوں کا، بلکہ اس نظام کا جو ہم کو انگریزوں سے وراثت میں ملا ہے. جو ڈھانچہ انگریزوں نے اپنے مطلب کے لئے قائم کیا تھا وہ بدستور چلایا جا رہا ہے جسکی وجہ سے دیہاتوں کی حالت دن دونی رات چوگنی خراب ہو رہی ہے. جب تک دیہاتوں کی دولت باہر جاتی ہے تب تک دیہاتوں کا بھلا نہیں ہو سکتا. دوسرے لفظوں میں دیہاتوں میں ہونے والا کچا مال وہیں کام میں آنا چاہئے اور وہیں اس کا پکا مال بنے اور وہیں وہ خرچ ہو اور خرچ سے جو بچے وہ شہروں میں جائے. اندھے بہرے کا میل ہمارے دیہاتوں میں نہیں ٹھہر سکتا. آنکھیں ایک کی اور زبان کان دوسرے کی رکھنے سے کام نہیں چلے گا. جہاں کا اناج وہیں کا کپڑا، تیل وغیرہ ہو. انسانی جسم کی طرح گاؤں کی آرتھک بناوٹ بھی ایک مکمل چیز ہے جس میں جوڑ کی گنجایش نہیں ہے.

نیلو کھیڑی کی اس مکمل شکل میں نہیں کھڑا کیا گیا جیسی کہ ضرورت تھی. یہی کمی ہماری سرکار

से बढ़ कर 33 फी सदी हो गई. वहां के कारखाने मानो एक दम बर्बाद हो गये.

यह नतीजा है 1948 से लेकर 1953 तक की गई सरकारी कोशिशों का. छै साल की गाढ़ी कमाई! नीलोखेड़ी बिना गये हम अन्दाज़ा लगा सकते हैं कि वहां के लोगों की क्या दुर्दशा होगी और वह क्या कहते होंगे. सरकारी और अखबारी हलक़ों का बयान यह है कि पंजाब सरकार ने जो अब वहां का काम हाथ में लिया है तो पहली चीज़ वह यह करने जा रही है कि पहले जो मिली जुली या (Collective) मिलकियत पर ज़ोर दिया जाता था उसकी बजाय अब निजी मिलकियत पर ज़ोर दिया जायेगा. उनका कहना यह है कि वहां के इर्द गिर्द जो आर्थिक हालत है और वहां पर बसने वाले ज़्यादातर लोगों का जो "बहुत ज़्यादा निजी पसन्द की तबियत" है उसकी वजह से यह तबदीली करना ज़रूरी है. वहां पर जो इन्जीनियरिंग का कारखाना और प्रेस वग़ैरा चलते हैं उन्हें पंजाब सरकार ने ले लिया है. ज़ाहिर बात है कि सरकारी काम की बदौलत और दूसरे सरकारी महकमों की मांग की वजह से नीलोखेड़ी के यह कारखाने दोबारा चलने लग जायेंगे. मगर इससे कौन इन्कार करेगा कि नीलोखेड़ी बसाने का न यह मक़सद था और न हो सकता है.

जैसा हमने ऊपर कहा हम नीलोखेड़ी देखने नहीं जा सके. लेकिन वहां से आने वाली रिपोर्टों के भरोसे पर इतना समझ में आ जाता है कि सरकार की मनशा यह थी कि नीलोखेड़ी एक अच्छा खासा शहर बन जाये जहां तरह तरह के कारखाने और मौजूदा तर्ज़ के कारखाने चलते हों और सभी लोग रोज़ी से लगे रहें. हम नहीं कह सकते कि वहां जो कोआप्रेटिव चालू किये गये वह कितनी हद तक सच्चे कोआप्रेटिव थे और कितनी हद तक उनमें सरकारी लोगों या उस बस्ती के ही मालदार और असरदार लोगों का ज़्यादा हाथ था. मगर जब वहां के कारखाने खत्म हो गये तो उनसे इतना साफ पता चलता है कि उनमें जो चीज़ें तैयार होती थीं वह ऐसी नहीं थीं जो वहां के लोगों के लिये बहुत ज़रूरी हों और न ऐसी थीं जो देहली या दूसरे बड़े बाज़ारों में विदेश से आने वाले या बड़ी बड़ी मिलों में बने सामान का मुक़ाबिला कर सकें. उनकी खपत न नीलोखेड़ी में हुई और न बाहर बाज़ार में. लिहाज़ा वह बैठ गईं. इस वजह से नीलोखेड़ी का सारा काम ठंडा पड़ गया और बेरोज़गारी का हो जाना ताज्जुब की बात नहीं है.

हमें नहीं मालूम कि नीलोखेड़ी की नाकामयाबी पर प्लानिंग कमीशन वाले या केन्द्री सरकार के रहनुमा लोग

سے بڑھکر 33 فیصدی ہوگئی . وہاں کے کارخانے مانو ایکدم برباد ہوگئے .

یہ نتیجہ ہے 1948 سے لے کر 1953 تک کی گئی سرکاری کوششوں کا . چھ سال کی گاڑھی کمائی! نیلوکھیڑی بنا گئے ہم اندازہ لگا سکتے ہیں کہ وہاں کے لوگوں کی کیا دُردشا ہوئی اور وہ کیا کہتے ہونگے . سرکاری اور اخباری حلقوں کا بیان یہ ہے کہ پنجاب سرکار نے جو اب وہاں کا کام ہاتھ میں لیا ہے تو پہلی چیز وہ یہ کرنے جا رہی ہے کہ پہلے جو ملی جلی یا (Collective) ملکیت پر زور دیا جاتا تھا اس کی بجائے اب نجی ملکیت پر زور دیا جائے گا . ان کا کہنا یہ ہے کہ وہاں کے ارد گرد جو آرتھک حالت ہے اور وہاں پر بسنے والے زیادہتر لوگوں کا جو "بہت زیادہ نجی پسند کی طبیعت" ہے اسکی وجہ سے یہ تبدیلی کرنا ضروری ہے . وہاں پر جو انجینیرنگ کا کارخانہ اور پریس وغیرہ چلتے ہیں انہیں پنجاب سرکار نے لے لیا ہے . ظاہر بات ہے کہ سرکاری کام کی بدولت اور دوسرے سرکاری محکموں کی مانگ کی وجہ سے نیلو کھیڑی کے یہ کارخانے دوبارہ چلنے لگ جائینگے مگر اس سے کوئی انکار کریگا کہ نیلو کھیڑی بسانے کا نہ یہ مقصد تھا اور نہ ہوسکتا ہے .

جیسا ہم نے اوپر کہا ہم نیلو کھیڑی دیکھنے نہیں جا سکے . لیکن وہاں سے آنے والی رپورٹوں کے بھروسے پر اتنا سمجھ میں آ جاتا ہے کہ سرکار کی منشا یہ تھی کہ نیلو کھیڑی ایک اچھا خاصہ شہر بن جائے جہاں طرح طرح کے کارخانے اور موجودہ طرز کے کارخانے چلتے ہوں اور سبھی لوگ روزی سے لگے رہیں . ہم نہیں کہہ سکتے کہ وہاں جو کوآپریٹو چالو کیئے گئے وہ کتنی حد تک سچے کوآپرٹیو تھے اور کتنی حد تک ان میں سرکاری لوگوں یا اس بستی کے ہی مالدار اور اثر دار لوگوں کا زیادہ ہاتھ تھا . مگر جب وہاں کے کارخانے ختم ہوگئے تو ان سے اتنا صاف پتہ چلتا ہے کہ ان میں جو چیزیں تیار ہوتی تھیں وہ ایسی نہیں تھیں جو وہاں کے لوگوں کے لیئے بہت ضروری ہوں اور نہ ایسی تھیں جو دہلی یا دوسرے بڑے بازاروں میں ودیش سے آنے والے یا بڑی بڑی ملوں میں بنے سمان کا مقابلہ کر سکیں . ان کی کھپت نہ نیلو کھیڑی میں ہوئی اور نہ باہر بازار میں . لہذا وہ بیٹھ گئیں . اس وجہ سے نیلو کھیڑی کا سارا کام ٹھنڈا پڑ گیا اور بےروزگاری کا ہوجانا تعجب کی بات نہیں ہے .

ہمیں نہیں معلوم کہ نیلوکھیڑی کی ناکامیابی پر پلاننگ کمیشن والے یا کیندری سرکار کے رہنما لوگ

पर शक नहीं कर सकते थे. मगर हमें ख्याल आया कि "स्टेट्समैन" ठेठ अंग्रेजी अखबार है और हो सकता है कि उसका नुमाइन्दा देहाती काम का तजुर्बा न रखता हो और इसलिये वह ठीक ठीक न समझ सका हो कि नीलोखेड़ी की असलियत क्या है. इसलिये हम अपने पुराने ख्याल पर जमे रहे कि प्लानिंग कमीशन जब वहां की बाग डोर लिये हुए है तो कोई शिकायत की गुंजाइश हो ही नहीं सकती.

लेकिन पिछले तीन महीनों में नीलोखेड़ी के बारे में एक के बाद एक खबरें आना शुरू हुईं जिनसे हम सोचने लगे कि जरूर कोई न कोई घबराहट की बात है और फिर हमें "स्टेट्समैन" के नुमाइन्दे की रिपोर्ट की याद हो आई. मालूम यह हुआ कि पहली जनवरी 1954 को नीलोखेड़ी का इन्तजाम पंजाब सरकार के सिपुर्द कर दिया गया. वहां पर एक के बाद एक दुश्वारियां खड़ी होने लगीं और प्लानिंग कमीशन का सेन्ट्रल कम्युनिटी प्रोजेक्ट ऐडमिनिस्ट्रेशन उनका सामना न कर सका और आखिर वहां की जिम्मेदारी तक वह न संभाल सका. यह भी पता चला कि वहां का काम ढांवाडोल देखकर नई दिल्ली सरकार ने दिल्ली यूनिवर्सिटी के अर्थशास्त्र महकमे की शाख देहली स्कूल आफ एकोनामिक्स (Delhi Shool of Economics) से दरख्वास्त की कि वहां के काम धाम पर एक रिपोर्ट तैयार करे. यह रिपोर्ट तो हमारे देखने में नहीं आई मगर 27 अप्रैल 1954 के "स्टेट्समैन" के एडीटर के लिखे मजमून में उसके कुछ जुमले लिये गये है जो हम यहां देते हैं.

रिपोर्ट तैयार करने के लिये 1519 में से 150 खान्दानों की हालत को गौर से देखा गया यह 150 खान्दान योंही बिला किसी खास लिहाज के चुन लिये गये. 1952 तक बसाने का काम तो काफी हद तक हो चुका था फिर भी बहुतेरा करने को बाकी था. खास बात यह कि जिन लोगों को मुलाजमत पर लगाया गया उनमें 45 फीसदी तो गैर मुस्तकिल काम पर थे और 35 फीसदी को अपना काम बहुत ही ज्यादा नापसन्द था. मई 1952 में आकर आर्थिक हालत खराब होना शुरू हो गई. सोचा यह गया था कि नीलोखेड़ी बुनियादी जरूरतों के मामले में स्वावलम्बी होगी और जहां तक होगा सहकारी या कोआपरेटिव ढंग पर उसे चलाया जायेगा. लेकिन देहली स्कूल वालों ने जब 1953 में वहां की जांच दोबारा की तो पता चला कि "1947 और 1951 के दर्मियान जो बसाने का काम किया गया था वह सब खत्म व नष्ट हो गया और हालत फिर वह हो गई जो 1947 की अगस्त से दिसम्बर तक यानी नीलोखेड़ी की शुरूआत के वक्त थी. बेरोजगारी 5 फीसदी

پر شک نہیں کرسکتے تھے . مگر ہمیں خیال آیا کہ "اسٹیٹسمین" ٹھیٹھ انگریزی اخبار ہے اور ہوسکتا ہے کہ اسکا نمائندہ دیہاتی کام کا تجربہ نہ رکھتا ہو اور اسلیئے وہ ٹھیک ٹھیک نہ سمجھ سکا ہو کہ نیلوکھیڑی کی اصلیت کیا ہے . اسلیئے ہم اپنے پرانے خیال پر جمے رہے کہ پلاننگ کمیشن جب وہاں کی باگ ڈور لیئے ہوئے ہے تو کوئی شکایت کی گنجائش ہو ہی نہیں سکتی .

لیکن پچھلے تین مہینوں میں نیلوکھیڑی کے بارے میں ایک کے بعد ایک خبریں آنا شروع ہوئیں جن سے ہم سوچنے لگے کہ ضرور کوئی نہ کوئی گمبھیر بات ہے اور پھر ہمیں "اسٹیٹسمین" کے نمائندہ کی رپورٹ کی یاد ہو آئی . معلوم یہ ہوا کہ پہلی جنوری 1954 کو نیلوکھیڑی کا انتظام پنجاب سرکار کے سپرد کردیا گیا . وہاں پر ایک کے بعد ایک دشواریاں کھڑی ہونے لگیں اور پلاننگ کمیشن کا سینٹرل کمیونٹی پروجیکٹ ایڈمنسٹریشن ان کا سامنا نہ کرسکا اور آخر وہاں کی ذمہ داری تک وہ نہ سنبھال سکا . یہ بھی پتہ چلا کہ وہاں کا کام ڈانواڈول دیکھکر نئی دلی سرکار نے دلی یونیورسٹی کے ارتھ شاستر محکمہ کی شاخ دھلی اسکول آف اکونامکس (Delhi School of Economics) سے درخواست کی کہ وہاں کے کام دھام پر ایک رپورٹ تیار کرے . یہ رپورٹ تو ہمارے دیکھنے میں نہیں آئی مگر 27 اپریل 1954 کے "اسٹیٹسمین" کے ایڈیٹر کے لکھے مضمون میں اس کے کچھ جملے لیئے گئے ہیں جو ہم یہاں دیتے ہیں .

رپورٹ تیار کرنے کے لئے 1519 میں سے 150 خاندانوں کی حالت کو غور سے دیکھا گیا . یہ 150 خاندان یونہی بلا کسی خاص لحاظ کے چن لیئے گئے . 1952 تک بسانے کا کام تو کافی حد تک ہوچکا تھا پھر بھی بہتیرا کرنے کو باقی تھا . خاص بات یہ کہ جن لوگوں کو ملازمت پر لگایا گیا ان میں 45 فیصدی تو غیر مستقل کام پر تھے اور 35 فیصدی کو اپنا کام بہت ہی زیادہ ناپسند تھا . مئی 1952 میں آکر آرتھک حالت خراب ہونا شروع ہوگئی . سوچا یہ گیا تھا کہ نیلوکھیڑی بنیادی ضرورتوں کے معاملہ میں سوا وسمی ہوگی اور جہاں تک ہوگا سرکاری یا کوآپریٹو ڈھنگ پر اسے چلایا جائیگا . لیکن دھلی اسکول والوں نے جب 1953 میں وہاں کی جانچ دوبارہ کی تو پتہ چلا کہ "1947 اور 1951 کے درمیان جو بسانے کا کام کیا گیا تھا وہ سب ختم و نشٹ ہوگیا اور حالت پھر وہ ہو گئی جو 1947 کی اگست سے دسمبر تک یعنی نیلوکھیڑی کی شروعات کے وقت تھی. بیروزگاری 5 فیصدی

नीलोखेड़ी की फुलझड़ी

दो बरस पहले की बात है. "नया हिन्द" के प्रेमी पाठक जानते हैं कि वर्धा के प्रोफ़ेसर ठाकुर दास बंग और कई साथियों के साथ हम इटावा गये थे जहां हमने एक अमरीकी माहिर की निगरानी में चलने वाली गांव सुधार योजना को खूब अहत्यात से देखा समझा था. हम इस नतीजे पर पहुंचे थे कि इटावा योजना एक घर फूंक तमाशा है जो हमारी देहाती जनता को और भी ज्यादा तबाह व बर्बाद करेगी. वक्त ने साबित कर दिया है कि हमारा ख्याल सही था. उन्हीं दिनों हमारा इरादा था कि आगे बढ़ कर देहली तक जायें और वहां से थोड़े से फ़ासिले पर पंजाब के सूबे की हद में नीलोखेड़ी नाम का जो मुक़ाम है उसे भी देख आयें. मगर वक्त की तंगी की वजह से ऐसा न हो सका और हम अब तक नीलो खेड़ी नहीं जा सके.

नीलोखेड़ी एक शहराती बस्ती (Township) है जिसे सन 1947 के बाद से बसाया गया है. उसके सभी बाशिन्दे शरनार्थी हैं जो पाकिस्तान से आये हैं. सन 1952 तक वहां पर 1519 खान्दान बसाये गये थे. यहां का सारा इन्तज़ाम मरकज़ी सरकार की देख रेख में था और सन 1952 के शुरू में उसकी सारी ज़िम्मेदारी प्लानिंग कमीशन की तरफ़ से सेन्ट्रल कम्युनिटी प्रोजेक्स ऐडमिनिस्ट्रेशन Central Community Projects Administration) ने ले ली. इटावा की तरह की नीलखेड़ी की भी बड़ी चर्चा थी और कहा जाता था कि यहां शहराती व देहाती दोनों तरह की स्कीम या कम्युनिटी प्रोजेक्ट चलाया जायेगा और सारे मुल्क के लिये मिसाल पेश करने वाला काम किया जायेगा. इसके साथ साथ यह भी दावे थे कि काश्तकारी बढ़ाने, आने जाने के ज़रिये फैलाने, और स्कूल, अस्पताल वग़ैरा खोलने के अलावा ख़ास ज़ोर "इन्सान बसाने" पर दिया जायेगा. हम उम्मीद करते थे कि चूंकि प्लानिंग कमीशन खुद नीलोखेड़ी की कश्ती को खे रहा है इसलिये वाक़ई ज़ोरदार नतीजे निकलेंगे और मुल्क की नई तामीर का नक़शा हमारे सामने आयेगा.

हमारा ख्याल था कि नीलोखेड़ी में ढंग से काम चल रहा है मगर 1953 के शुरू में दिल्ली के "स्टेट्समैन" अख़बार के ख़ास नुमाइन्दे की एक हैरतअंगेज़ रिपोर्ट छपी. उसमें लिखा था कि कोआपरेटिव के सरकारी तरीक़े पर जो योजना वहां चल रही है वह नाकाम साबित हुई है और बेरोज़गारी वग़ैरा शिद्दत से बढ़ रही है. ज़िम्मेदार अख़बार की तरफ़ से रिपोर्ट होने की वजह से हम उस

نیلوکھیڑی کی پھل جھڑی

دوسرے برس پہلے کی بات ہے . "نیا ہند" کے پریمی پاٹھک جانتے ہیں کہ وردھا کے پروفیسر ٹھاکر داس بنگ اور کئی ساتھیوں کے ساتھ ہم اٹاوہ گئے تھے جہاں ہم نے ایک امریکی ماہر کی نگرانی میں چلنے والی گاؤں سدھار یوجنا کو خوب احتیاط سے دیکھا سمجھا تھا . ہم اس نتیجہ پر پہونچے تھے کہ اٹاوہ یوجنا ایک گھر پھونک تماشہ ہے جو ہماری دیہاتی جنتا کو اور بھی زیادہ تباہ و برباد کریگی . وقت نے ثابت کردیا ہے کہ ہمارا خیال صحیح تھا . اُنھیں دنوں ہمارا ارادہ تھا کہ آگے بڑھکر دہلی تک جائیں اور وہاں سے تھوڑے سے فاصلہ پر پنجاب کے صوبہ کی حد میں نیلوکھیڑی نام کا جو مقام ہے اسے بھی دیکھ آئیں، مگر وقت کی تنگی کی وجہ سے ایسا نہ ہوسکا اور ہم اب تک نیلوکھیڑی نہیں جاسکے .

نیلوکھیڑی ایک شہراتی بستی (Township) ہے جسے 1947 کے بعد سے بسایا گیا ہے . اس کے سبھی باشندے شرنارتھی ہیں جو پاکستان سے آئے ہیں . سن 1952 تک وہاں پر 1519 خاندان بسائے گئے تھے . یہاں کا سارا انتظام مرکزی سرکار کی دیکھ ریکھ میں تھا اور سن 1952 کے شروع میں اسکی ساری ذمہداری پلاننگ کمیشن کی طرف سے سینٹرل کمیونٹی پروجیکٹس ایڈمنسٹریشن (Central Community Projects Administration) نے لے لی. اٹاوہ کی طرح نیلوکھیڑی کو بھی بڑی چرچا تھی اور کہا جاتا تھا کہ یہاں شہراتی و دیہاتی دونوں طرح کی اسکیم یا کمیونٹی پروجیکٹ چلایا جائیگا اور سارے ملک کے لئے مثال پیش کرنے والا کام کیا جائیگا . اس کے ساتھ ساتھ یہ بھی دعوے تھے کہ کاشتکاری بڑھانے، آنے جانے کے ذریعہ پھیلانے، اور اسکول، اسپتال وغیرہ کھولنے کے علاوہ خاص زور "انسان بسانے" پر دیا جائیگا . ہم اُمید کرتے تھے کہ چونکہ پلاننگ کمیشن خود نیلوکھیڑی کی کشتی کو کھے رہا ہے اسلیئے واقعی زوردار نتیجے نکلینگے اور ملک کی نئی تعمیر کا نقشہ ہمارے سامنے آئیگا .

ہمارا خیال تھا کہ نیلوکھیڑی میں پلاننگ سے کام چل رہا ہے . مگر 1953 کے شروع میں دلی کے "اسٹیٹسمین" اخبار کے خاص نمائندہ کی ایک حیرت انگیز رپورٹ چھپی. اسمیں لکھا تھا کہ کوآپریٹو کے سرکاری طریقہ پر جو یوجنا وہاں چل رہی ہے وہ ناکام ثابت ہوئی ہے اور بیروزگاری وغیرہ شدت سے بڑھ رہی ہے . ذمہدار اخبار کی طرف سے رپورٹ ہونے کی وجہ سے ہم اس

हमारी राय

लोगों ने इस बात की तसदीक़ कर ली कि अगर मंहगाई की वजह उन्हें ज्यादा मिलना चाहिये तो इस हिसाब से मुल्क के दूसरे लोगों की आमदनियां ज्यादा हो गई हैं. नहीं, उन्हें नहीं ख्याल आया. अफ़सोस इस बात का है कि जब आचार्य कृपलानी जैसे उनके बुज़ुर्ग साथी ने कांग्रेस वालों को याद दिलाई तब भी उनके ऊपर कोई असर नहीं हुआ. मसल मशहूर है कि चिकने घड़े पर पानी का कोई असर ही नहीं होता.

शायद हमारे जवाब में कोई कांग्रेसी भाई कहेंगे कि हमने तनख्वाह वग़ैरा मुक़र्रर की तो कौन नाइन्साफ़ी की, अंग्रेज़ी पार्लियामेन्ट के मेम्बरों ने तो अपनी तनख्वाह एक हज़ार पौंड सालाना से डेढ़ हज़ार पौंड कर ली. इस दलील पर सिवाय तरस खाने के और क्या किया जा सकता है क्योंकि इंगलिस्तान हिन्दुस्तान नहीं है और न हिन्दुस्तान इंगलिस्तान है. लेकिन इंगलिस्तान की पार्लियामेन्ट वालों की एक ख़ूबसूरती है कि वह एक हद के अन्दर रह कर काम करते हैं और लोक राज का ख्याल रखते हैं. यह बात हिन्दुस्तान की पार्लियामेन्ट वालों के बारे में नहीं कही जा सकती है. कैसे दुख की चीज़ है कि हमारी पार्लियामेन्ट के बहुत से मेम्बर लोगों ने अपने रहने के कमरों को किराये पर उठा रक्खा है और जितना किराया ख़ुद नहीं देते उससे ज्यादा अपने किरायेदारों से वसूल कर लेते हैं. यानी अपने कमरों को भी उन्होंने आमदनी का ज़रिया बना लिया है. अब यह एक ऐसी बात है जिसे जान कर हर हिन्दुस्तानी की आंखें शर्म से डूब जायेंगी. जब मेम्बर लोग इस तरह नाजाइज़ आमदनी के पीछे पड़ेंगे तो उनसे मुल्क की बेहतरी की क्या उम्मीद की जा सकती है. उनको ख़ुदग़र्ज़ी के पुतले कहा जाये तो बेजा न होगा. एक मछली से सारा तालाब ही गंदा हो जाता है.

तिस पर भी कौन जाने कि हमारे हुक्काम और कांग्रेसी भाई हिन्दुस्तान को इंगलिस्तान बनाने के ख्वाब देखते हों तो हम उनसे यक़ीन व नम्रता के साथ कहना चाहते हैं कि हिन्दुस्तान हरगिज़ इंगलिस्तान नहीं बनेगा, आज अपनी हकूमत के नशे में चूर हो कर कांग्रेस वाले या उनके हमख्याल जिस तरह चाहें जनता को तकलीफ़ दे लें लेकिन कल, कल नहीं तो परसों, इस मुल्क की जनता अपने पैरों पर खड़ी हो कर गांव गांव "ग्राम राज" क़ायम करेगी और मुल्क के अन्दर इन्साफ़ व ईमान की हकूमत या इन्सानी हकूमत क़ायम करेगी जिसमें मौजूदा पार्लियामेन्ट जैसी "बांझ" और "वैश्या" जमाअतों की कोई जगह नहीं होगी.

8. 6. '54 —सुरेशराम भाई

ہماری رائے

لوگوں نے اس بات کی تصدیق کر لی کہ اگر مہنگائی کی وجہ سے انھیں زیادہ ملنا چاہئے تو اس حساب سے ملک کے دوسرے لوگوں کی آمدنیاں زیادہ ہوگئی ہیں. نہیں، انھیں نہیں خیال آیا. افسوس اس بات کا ہے کہ جب آچاریہ کرپلانی جیسے ان کے بزرگ ساتھی نے کانگریس والوں کو یاد دلائی تب بھی ان کے اوپر کوئی اثر نہیں ہوا. مثل مشہور ہے کہ چکنے گھڑے پر پانی کا کوئی اثر ہی نہیں ہوتا.

شاید ہمارے جواب میں کوئی کانگریسی بھائی کہیں کہ ہم نے تنخواہ وغیرہ مقرر کی تو کون نا انصافی کی، انگریزی پارلیامنٹ کے ممبروں نے تو اپنی تنخواہ ایک ہزار پونڈ سالانہ سے ڈیڑھ ہزار پونڈ کر لی. اس دلیل پر سوائے ترس کھانے کے اور کیا کہا جا سکتا ہے کیونکہ انگلستان ہندستان نہیں ہے اور نہ ہندستان انگلستان ہے. لیکن انگلستان کی پارلیامنٹ والوں کی ایک خصوصیت ہے کہ وہ ایک حد کے اندر رہ کر کام کرتے ہیں اور لوک راج کا خیال رکھتے ہیں. یہ بات ہندستان کی پارلیامنٹ والوں کے بارے میں نہیں کہی جا سکتی. کیسے دکھ کی چیز ہے کہ ہماری پارلیامنٹ کے بہت سے ممبر لوگوں نے اپنے رہنے کے کمروں کو کرایہ پر اٹھا رکھا ہے اور جتنا کرایہ خود نہیں دیتے اس سے زیادہ اپنے کرایہ داروں سے وصول کر لیتے ہیں. یعنی اپنے کمروں کو بھی انہوں نے آمدنی کا ذریعہ بنا لیا ہے. اب یہ ایک ایسی بات ہے جسے جان کر ہر ہندستانی کی آنکھیں شرم سے ڈوب جائیں گی. جب ممبر لوگ اس طرح ناجائز آمدنی کے پیچھے پڑیں گے تو ان سے ملک کی بہتری کی کیا امید کی جا سکتی ہے. ان کو خود غرضی کے پتلے کہا جائے تو بیجا نہ ہوگا. ایک مچھلی سے سارا تالاب ہی گندا ہو جاتا ہے.

تس پر بھی کون جانے کہ ہمارے حکام اور کانگریسی بھائی ہندستان کو انگلستان بنانے کے خواب دیکھتے ہوں تو ہم ان سے یقین و نمرتا کے ساتھ کہنا چاہتے ہیں کہ ہندستان ہرگز انگلستان نہیں بنےگا، آج اپنی حکومت کے نشہ میں چور ہو کر کانگریس والے یا ان کے ہم خیال جس طرح چاہیں جنتا کو تکلیف دے لیں لیکن کل، کل نہیں تو پرسوں، اس ملک کی جنتا اپنے پیروں پر کھڑی ہو کر گاؤں گاؤں "گرام راج" قائم کرے گی اور ملک کے اندر انصاف و ایمان کی حکومت یا انسانی حکومت قائم کرے گی جس میں موجودہ پارلیامنٹ جیسی "بانجھ" اور "ویشیا" جماعتوں کی کوئی جگہ نہیں ہوگی.

8. 6. '54 —سریش رام بھائی

(iii) मौजूदा दस्तूर के मुताबिक़ महज़ चालीस रुपया रोज़ भत्ता.

कांग्रेस की तरफ़ से आने वाली नई तजवीज़ की मुख़ालिफ़त आचार्य कृपलानी ने की और इसी तरह कम्युनिस्ट पार्टी के नाइब लीडर प्रोफ़ेसर मुकर्जी ने भी. मगर जहां अकसरयत पर सारे फ़ैसले होते हों वहां कम तादाद वालों की तरफ़ से अगर कोई अच्छी से अच्छी बात भी पेश की जाये तो वह बेकार सी साबित होती है. ताज्जुब इस बात का है कि जो नई तजवीज़ कांग्रेस मेम्बर ने पार्लियामेन्ट में पेश की वह कांग्रेस की तरफ़ से इस कमेटी में नहीं पेश की गई जिस के हवाले यह काम गया था. हिन्दुस्तान की कैसी बदक़िस्मती है कि इसकी सब से आला कही जाने वाली पार्लियामेन्ट नाम की सभा के मेम्बर अपने खाने पीने और रहने सहने के सवालों पर एक राय नहीं हो पाते. इसमें हम कांग्रेस पार्टी को सब में ज्यादा क़सूरवार ठैहराये बिना नहीं रह सकते.

ऐसी हालत में जब देश की हाकिम कांग्रेस पार्टी के लोग निजी सवालों पर मिल जुल कर अमल नहीं कर सकते तो भला मुल्क की आम जनता से वास्ता रखने वाले और एक से एक पेचीदा सवालों पर किस तर एक राय हो सकते हैं. शायद यह दोश कांग्रेस पार्टी का इतना नहीं जितना पार्लियामेंट्री निज़ाम का है. जिस अंग्रेज़ी पार्लियामेंट की यह नक़ल है इस पार्लियामेन्ट के बारे में संजीदा अंग्रेज़ों ने 'दुनिया भर की गप का अड्डा", "बच्चा" और "कोई सच्चा ईसाई इनका मेम्बर नहीं हो सकता" वग़ैरा लफ़्ज़ इस्तेमाल किये हैं और महात्मा गांधी जी ने पार्लियामेन्ट की मिसाल "एक बांझ औरत और वैश्या" से दी है. महात्मा गांधी ने यह भी कहा था कि पार्लियामेन्ट के मेम्बरों में "न सच्ची ईमानदारी होती है और न जानदार अन्तः करन या ज़मीर." हिन्दुस्तान की पार्लियामेन्ट ने साबित कर दिखाया कि महात्मा गांधी के दोनों बयान सोलह आने सही व वाजिब हैं.

इसके अलावा मामूली इन्सानी लिहाज़ से भी देखें तो मानना होगा कि पार्लियामेन्ट वालों ने यह बिल पास कर के ज्यादती की है. जिस वक़्त उन्होंने ऊपर वाले बिल को पास किया उस वक़्त उन्होंने अपने दिल पर हाथ रख कर देखा होता कि क्या उन्हें अपनी कांस्टीचुऐनसी के उन ग़रीबों की याद है जिन्होंने पुश्त दर पुश्त यह भी नहीं जाना कि भर पेट खाना किस चिड़िया का नाम है. जिनको मुल्क की हर तरक़्क़ी तबाही एक से एक गहरे सागर में डबो देती है और जिनकी आंखों के आगे राज भले कोई आ जाये उजाला नज़र नहीं आता. या जाने दें इन ग़रीबों को. क्या हमारे हुक्मरां

(iii) موجودہ دستور کے مطابق محض چالیس روپیہ روز ہوتے .

کانگریس کی طرف سے آنے والی نئی تجویز کی مخالفت آچاریہ کرپلانی نے کی اور اسی طرح کمیونسٹ پارٹی کے نائب لیڈر پروفیسر مکرجی نے بھی. مگر جہاں اکثریت پر سارے فیصلے ہوتے ہوں وہاں کم تعداد والوں کی طرف سے اگر کوئی اچھی سے اچھی بات بھی پیش کی جائے تو وہ بیکار سی ثابت ہوتی ہے. تعجب اس بات کا ہے کہ جو نئی تجویز کانگریس ممبر نے پارلیامنٹ میں پیش کی وہ کانگریس کی طرف سے اس کمیٹی میں نہیں پیش کی گئی جس کے حوالے یہ کام کیا گیا تھا . ہندستان کی کیسی بدقسمتی ہے کہ اسکی سب سے اعلیٰ کہی جانے والی پارلیامنٹ نام کی سبھا کے ممبر اپنے کھانے پینے اور رہنے سہنے کے سوالوں پر ایک رائے نہیں ہو پاتے . اس میں ہم کانگریس پارٹی کو سب میں زیادہ قصوروار ٹھہرائے بنا نہیں رہ سکتے .

ایسی حالت میں جب دیش کی حاکم کانگریس پارٹی کے لوگ نجی سوالوں پر مل جلکر عمل نہیں کرسکتے تو بھلا ملک کی عام جنتا سے واسطہ رکھنے والے اور ایک سے ایک پیچیدہ سوالوں پر کس طرح ایک رائے ہوسکتے ہیں. شاید یہ دوش کانگریس پارٹی کا اتنا نہیں جتنا پارلیامنٹری نظام کا ہے . جس انگریزی پارلیامنٹ کی یہ نقل ہے اس پارلیامنٹ کے بارے میں سنجیدہ انگریزوں نے "دنیا بھر کی گپ کا اڈا" "بچہ" اور "کوئی سچا عیسائی ان کا ممبر نہیں ہوسکتا" وغیرہ لفظ استعمال کئے ہیں اور مہاتما گاندھی جی نے پارلیامنٹ کی مثال " ایک بانجھ عورت اور ویشیا " سے دی ہے . مہاتما گاندھی نے یہ بھی کہا تھا کہ پارلیامنٹ کے ممبروں میں " نہ سچی ایمانداری ہوتی ہے اور نہ جاندار انتہ کرن یا ضمیر " ہندستان کی پارلیامنٹ نے ثابت کر دکھایا کہ مہاتما گاندھی جی کے دونوں بیان سولہ آنے صحیح و واجب ہیں .

اس کے علاوہ معمولی انسانی لحاظ سے بھی دیکھیں تو ماننا ہوگا کہ پارلیامنٹ والوں نے یہ بل پاس کر کے زیادتی کی ہے . جس وقت انہوں نے اوپر والے بل کو پاس کیا اس وقت انہوں نے اپنے دل پر ہاتھ رکھکر دیکھا ہوتا کہ کیا انہیں اپنی اپنی کانسٹی چوینسی کے ان غریبوں کی یاد ہے جنہوں نے پشت درپشت یہ بھی نہیں جانا کہ بھر پیٹ کھانا کس چڑیا کا نام ہے. جن کو ملک کی ہر ترقی تباہی ایک سے ایک گہرے ساگر میں ڈبو دیتی ہے اور جن کی آنکھوں کے آگے راج بھلے کوئی آجائے اُجالا نظر نہیں آتا . یا جانے دیں ان غریبوں کو . کیا ہمارے حکمراں



उनके मन की मौज

नई दिल्ली में जो हमारी पार्लियामेंट (या लोक सभा) है उसके मेम्बरों को अब तक कोई तनख्वाह नहीं मिलती थी. जिस दिन वह पार्लियामेंट की बैठक में हाज़िर हों उस दिन का वह चालीस रुपया भत्ता लेते थे. मगर पार्लियामेन्ट के पिछले इजलास में 14 मई को एक नया बिल उन्होंने पास किया जिसके मुताबिक़ उन्हें आइन्दा यह चीज़ें मिलेंगी :

(i) तनख्वाह चार सौ रुपया माहवार.

(ii) पार्लियामेन्ट की बैठक में हाज़िर होने पर इक्कीस (Rs. 21/-) रुपया रोज़.

(iii) हिन्दुस्तान भर में कहीं भी रेल से आने जाने के लिये दूसरे दर्जे के दो मुफ़्त पास.

(iv) उनको और उनके ख़ान्दान वालों को बीमारी में मुफ़्त दवा वग़ैरा.

(v) मकान, टेलीफ़ोन व डाक की सहूलियतें.

(vi) किन्हीं सरकारी कमेटियों के अगर वह मेम्बर हों तो सरकारी क़ायदे के मुताबिक़ रोज़ नया भत्ता, सफ़र ख़र्च वग़ैरा.

पार्लियामेन्ट के मेम्बर ख़ुद ही क़ानून बनाने वाले हैं, जो चाहे वह कर सकते हैं. स्याह या सफ़ेद जो भी करें उनके मन की मौज है. हम जानते हैं कि इस बिल के पास होते वक़्त जो वोट लिये गये उस में पंडित नेहरू व दीगर मिनिस्टरों ने हिस्सा नहीं लिया मगर बिल को यह शकल कांग्रेस पार्टी के एक मेम्बर की तजवीज़ के मुताबिक़ ही हासिल हुई. इसलिये यह मानना पड़ेगा कि कांग्रेसी निमिस्टरों और कांग्रेस पार्टी की पूरी सलाह से यह काम किया गया. वैसे इस बिल का मसौदा बनाने का काम जिस कमेटी के सिपुर्द हुआ था इसने तो सिर्फ़ यह सिफ़ारिशें की थीं :

(i) तनख्वाह तीन सौ रुपया माहवार.

(ii) पार्लियामेंट की बैठक में हाज़िर होने पर बीस रुपया रोज़ या इन दोनों की बजाय,

اُنکے من کی موج

نئی دہلی میں جو ہماری پارلیامنٹ (یا لوک سبھا) ہے اسکے ممبروں کو اب تک کوئی تنخواہ نہیں ملتی تھی . جس دن وہ پارلیامنٹ کی بیٹھک میں حاضر ہوں اس دن کا وہ چالیس روپیہ بھتہ لیتے تھے . مگر پارلیامنٹ کے پچھلے اجلاس میں 14 مئی کو ایک نیا بل انہوں نے پاس کیا جس کے مطابق انہیں آئندہ یہ چیزیں ملینگی :

(i) تنخواہ چار سو روپیہ ماہوار .

(ii) پارلیامنٹ کی بیٹھک میں حاضر ہونے پر اکیس Rs. 21/- روپیہ روز .

(iii) ہندستان بھر میں کہیں بھی ریل سے آنے جانے کے لیئے دوسرے درجہ کے دو مفت پاس.

(iv) انکو اور انکے خاندان والوں کو بیماری میں مفت دوا وغیرہ .

(v) مکان، ٹیلیفون و ڈاک کی سہولیتیں .

(vi) کمیٹیوں سرکاری کمیٹیوں کے اگر وہ ممبر ہوں تو سرکاری قاعدہ کے مطابق روز نیا بھتہ، سفر خرچ وغیرہ .

پارلیامنٹ کے ممبر خود ہی قانون بنانے والے ہیں، جو چاہے وہ کرسکتے ہیں . سیاہ یا سفید جو بھی کریں ان کے من کی موج ہے . ہم جانتے ہیں کہ اس بل کے پاس ہوتے وقت جو ووٹ لیئے گئے اس میں پنڈت نہرو و دیگر منسٹروں نے حصہ نہیں لیا مگر بل کو یہ شکل کانگریس پارٹی کے ایک ممبر کی تجویز کے مطابق ہی حاصل ہوئی. اسلیئے یہ ماننا پڑیگا کہ کانگریسی منسٹروں اور کانگریس پارٹی کی پوری صلح سے یہ کام کیا گیا . ویسے اس بل کا مسودہ بنانے کا کام جس کمیٹی کے سپرد ہوا تھا اس نے تو صرف یہ سفارشیں کی تھیں :

(i) تنخواہ تین سو روپیہ ماہوار .

(ii) پارلیامنٹ کی بیٹھک میں حاضر ہونے پر بیس روپیہ روز یا ان دونوں کی بجائے،

"बाप बेटे" का हीरो बज़ारूफ़ है. वह एक नौजवान आदमी है और डाक्टरी का विद्यार्थी है, जीवन से निराश है और किसी चीज़ पर विश्वास नहीं करता. इसी नौजवान के चारों तरफ़ पूरा नाविल घूमता है. जब यह नाविल पहले पहल निकला था तो नौजवानों ने इस की खूब ले दे मचाई. वह लोग इस को नौजवानों पर हमला समझते थे. लेकिन यह यथार्थवादी नाविल है और उस समय नौजवानों की जो असली हालत थी उस का चित्रन इस में मिलता है.

यह नाविल दुनिया के साहित्य में एक नई परम्परा की बुनियाद है. जीवन को परखने, समझने और संवारने का सबक़ इस नाविल से मिलता है.

जामा मिल्लिया उर्दू और हिन्दी को साहित्य के अनमोल रत्न देता रहा है तुरगनेफ़ के "बाप बेटे" को पेश कर के उसने अपनी परम्परा को निभाया है. लेकिन हमें एक शिकायत है. वह यह है कि अनुवाद का स्तर गिरा दिया गया है. जामा मिल्लिया ने बहुत से अनुवाद छापे हैं और वह ऐसे हैं कि पढ़ कर यह कोई नहीं कह सकता कि यह अनुवाद हैं. लेकिन "बाप बेटे" का अनुवाद अनुवाद ही मालूम होता है. छपाई बेहद ख़राब है. इस से पढ़ने में ध्यान बट जाता है और लुत्फ़ में कमी आ जाती है. दाम भी ज़्यादा रक्खा गया है. उम्मीद है कि दूसरे ऐडीशन में यह कमियां पूरी कर ली जायेंगी.

—मुजीब रिज़वी

शऊर

दो माही रसाला; एडीटर—एस. ए. हुसेनी; मैनेजिंग एडीटर—सर्वर डंडा; मिलने का पता—शऊर पब्लिकेशन्स; 699 उसमान पुरा, हैद्राबाद दकन; सालाना चन्दा—दो रुपया, सफ़ा 112. $\frac{20\times30}{16}$ में यह रिसाला निकालता है. एक कापी का दाम छः आना है. कवर पर ख़ूबसूरत कला चित्र है. इस रिसाले का मक़सद जनवादी और तरक़्क़ी पसन्द अदब की सेवा करना है.

इस रिसाले में कई अच्छे चित्र दिये गये हैं. उर्दू के अच्छे लिखाने वालों का इस को सहयोग हासिल है. कहानियां, नज़में, व्यंग और चित्रकला पर लेख, सब अच्छे हैं. उम्मीद है कि दो चार नम्बर निकल कर यह रिसाला बन्द न हो जायेगा.

—मुजीब रिज़वी

"باپ بیٹے" کا ہیرو بزاروف ہے. وہ ایک نوجوان آدمی ہے اور ڈاکٹری کا ودیارتھی ہے' جیون سے نراش ہے اور کسی چیز پر وشواس نہیں کرتا. اسی نوجوان کے چاروں طرف پورا ناول گھومتا ہے. جب یہ ناول پہلے پہل نکلا تھا تو نوجوانوں نے اِسکی خوب لے دے مچائی. وہ لوگ اسکو نوجوانوں پر حملہ سمجھتے تھے. لیکن یہ یتھارتھ وادی ناول ہے اور اُس سمے نوجوانوں کی جو اصلی حالت تھی اُس کا چترن اِس میں ملتا ہے.

یہ ناول دنیا کے ساہتیہ میں ایک نئی پرمپرا کی بنیاد ہے. جیون کو پرکھنے' سمجھنے اور سنوارنے کا سبق اِس ناول سے ملتا ہے.

جامعہ ملیہ اُردو اور ہندی کو ساہتیہ کے انمول رتن دیتا رہا ہے. تورگنیف کے "باپ بیٹے" کو پیش کرنے اُس نے اپنی پرمپرا کو نبھایا ہے. لیکن ہم ن ایک شکایت ہے. وہ یہ ہے کہ انوواد کا استر گرا دیا گیا ہے. جامعہ ملیہ نے بہت سے انوواد چھاپے ہیں اور وہ ایسے ہیں کہ پڑھکر یہ کوئی نہیں کہہ سکتا کہ یہ انوواد ہیں لیکن "باپ بیٹے" کا انوواد انوواد ہی معلوم ہوتا ہے. چھپائی بےحد خراب ہے. اس سے پڑھنے میں دھیان بٹ جاتا ہے اور لطف میں کمی آ جاتی ہے. دام بھی زیادہ رکھا گیا ہے. اُمید ہے کہ دوسرے ایڈیشن میں یہ کمیاں پوری کرلی جائیں گی.

—محبوب رضوی

شعور

دو ماہی رسالہ؛ ایڈیٹر—پی. اے. حسینی؛ مینیجنگ ایڈیٹر—سرور قدّاؤ؛ ملنے کا پتہ—شعور پبلیکیشنز' 699 عثمان پورہ' حیدرآباد دکن؛ سالانہ چندہ—دو روپیہ؛ صفحہ—112. $\frac{20\times30}{16}$ میں یہ رسالہ نکلتا ہے. ایک کاپی کا دام چھ آنہ ہے. کور پر خوبصورت کلا چترہے. اِس رسالے کا مقصد جنوادی اور ترقی پسند ادب کی سیوا کرنا ہے.

اِس رسالے میں کئی اچھے چترد ئے گئے ہیں. اُردو کے اچھے لکھنے والوں کا اِس کو سہیوگ حاصل ہے. کہانیاں' نظمیں' ویکھ اور چترکلا پر لیکھ' سب اچھے ہیں. اُمید ہے کہ دو چار نمبر نکل کر یہ رسالہ بند نہ ہو جائے گا.

—محبوب رضوی

में अनुभव हासिल किया और अब "सेवा ग्राम" नाम का एक हिन्दी साप्ताहिक निकाल रहे हैं. इस अखबार का लक्ष है—"ग्राम सेवा ही, देश सेवा है."

इस अखबार में किसानों की मतलब की बातें होती हैं. उन के हित की सूचनायें होती हैं और अपने भाग्य को बदलने के लिये उन्हें नई नई बातें बताई जाती हैं. सच मुच इस अखबार से किसानों को बहुत फ़ायदा होगा. गांव वालों के लिये बहुत अखबार निकले हैं लेकिन इस टक्कर का कोई भी मेरी नज़र से नहीं गुज़रा.

इस अखबार की छपाई बहुत ही सुन्दर होती है और इस की सजावट मन मोहक होती है. यूपी सरकार ने इस अखबार को मंजूरी दी है. अगर जनता भी सहायता दे तो यह अखबार तरक़्क़ी कर सकता है और देश की कुछ न कुछ सेवा कर सकता है.

—मुजीब रिज़वी

मख़दूम के सौ शेर

संकलन करने वाले—वामिक़ जौनपुरी, वक़ार ख़लील, हफ़ीज़ इक़बाल; निकालने वाले—अदारा मतबुआत मख़ज़न, 235 मुग़लपुरा, हैदराबाद दकन; लिखावट—उर्दू; दाम चार आना.

मख़दूम का परिचय देना बेकार है. उर्दू के दो चार शायरों का नाम जब भी लिया जाता है मख़दूम उस में ज़रूर आ जाते हैं. उन के बहुत से दीवान हैं. लेकिन इस छोटे से पैम्फलेट में संकलन करताओं ने कुल सौ शेर छांट कर रक्खे हैं. शुरू में क़ाज़ी अब्दुल ग़फ़्फ़ार ने "मख़दूम पर एक नज़र" की सुर्ख़ी से दो शब्द लिखे हैं. क़ाज़ी साहब ने मख़दूम की शायरी पर काफ़ी रोशनी डाली है. यह पैम्फलेट मख़दूम की शायरी को नमूने के तौर पर पेश करता है और इसे पढ़ कर मुझे यक़ीन है लोग मख़दूम की रचनाओं को ढूंढ कर पढ़ने की कोशिश करेंगे.

—मुजीब रिज़वी

बाप बेटे

लिखने वाले—तुरगनेफ़; अनुवाद करने वाले—अनवर अज़ीम; निकालने वाले—मकतबा जामा लिमिटेड देली; लिखावट—उर्दू; सफ़ा 399; दाम—पांच रुपये.

तूरगनेफ़ की गिन्ती रूस के महान साहित्यकारों में होती है. यह अपनी रचनाओं में उन्नीसवीं सदी के बीच के युग का चित्रन करते हैं. उस समय की बाहरी घटनाओं और आदमियों के अन्दरूनी भावों को वह अच्छी तरह जानते हैं और उस का चित्रन भी इस तरह करते हैं मानो फ़ोटो सामने रख दें.

میں انوہو حاصل کیا اور اب " سیوا گرام " نام کا ایک ہفتی سایتاہک نکال رہے ہیں . اس اخبار کا لکھ ہے—" گرام سیوا ہی، دیش سیوا ہے ."

اِس اخبار میں کسانوں کی مطلب کی باتیں ہوتی ہیں . اُن کے ہمت کی سوچھائیں ہوتی ہیں اور اپنے بھاگیہ کو بدلنے کے لئے اُنھیں نئی نئی باتیں بتائی جاتی ہیں . سچ مچ اِس اخبار سے کسانوں کو بہت فائدہ ہوگا . گاؤں والوں کے لئے بہت سے اخبار نکلے ہیں لیکن اِس ٹکر کا کوئی بھی ہمری نظر سے نہیں گزرا .

اِس اخبار کی چھپائی بہت ہی سندر ہوتی ہے اور اِسکی سجاوٹ من موہک ہوتی ہے . یوپی سرکار نے اِس اخبار کو منظوری دی ہے . اگر جنتا بھی سہائتا دے تو یہ اخبار ترقی کرسکتا ہے اور دیش کی کچھ نہ کچھ سیوا کرسکتا ہے .

—مجیب رضوی

مخدوم کے سو شعر

